مرجئۃ العصر

کے شبہات پر ایک نظر قرآن وسنت اور سلف صالحین کے فہم کی روشنی میں

فضیلہ الشیخ ابو محمد عاصم المقدسی حفظہ اللہ

مترجم اول: اخلاق احمد حفظہ اللہ

ترجمہ و نظر ثانی: فضیلۃ الشیخ مقبول ہنگو حفظہ اللہ (فاضل جامعۃ الاسلامیہ مدینہ یونیورسٹی۔ سعودی عرب)

اسلامی لائبریری

المو حدین ویب سائٹ پیش کرتے ہیں

مرجئۃ العصر

کے شبہات پر ایک نظر قرآن وسنت
اور سلف صالحین کے فہم کی روشنی میں

فضیله الشیخ ابو محمد عاصم المقدسی حفظه الله

مترجم اول: اخلاق احمد حفظہ اللہ
(فاضل جامعۃ الاسلامیہ مدینہ یونیورسٹی۔ سعودی عرب)

ترجمہ و نظر ثانی:
فضیلۃ الشیخ مقبول ہنگو حفظہ اللہ

اخوانکم فی الاسلام:
مسلم ورلڈ ڈیٹا پروسیسنگ پاکستان
Website: http://muwahideen.co.nr/
Email: salafi.man@live.com

فہرست

مقدمہ

یہ چند اوراق ہیں جن کا اصل اس موضوع سے متعلق جس کی طرف اس رسالے میں اشارہ کیا گیا ہے میں نے محرم" ۱۴۰۸ "ہجری میں لکھا تھا اور میں نے اسی پر بس کی تھا اور اس وقت میں نے اس رسالہ کا نام" ردالهداة، على من زعم ان ليس في الا عمال والاقوال كفرمالم يرتبط باعتقاد الا الصلاة" "یعنی ان لوگوں کا ردّ جو ہدایت یافتہ ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ نماز کے علاوہ اعمال واقوال میں اس وقت تک کفر نہیں جب تک وہ عقیدے میں شامل نہ ہو" جس میں اس طرح عقیدہ کے قائل لوگوں کا ردّ کیا گیا تھا لیکن میں نے اس کے نشر وطباعت کا اس وقت کوئی اہتمام نہیں کیا اگر چہ ہمارے بعض بھائیوں نے اسے پاکستان میں ٹائپ رائٹر کے ذریعہ ٹائپ کر کے فوٹو کاپیاں کروائیں اور انہیں آپس میں تقسیم کیا اور بعض نے اس پر کچھ حواشی بھی لکھیں۔

پھر جب میں نے دیکھا کہ مرجئہ کا عقیدہ ان دنوں ان علاقوں میں اپنے اسباب کو پہنچ رہا ہے، ان کا فتنہ سر اُٹھا رہا ہے، لمبا ہوتا جا رہا ہے اور عوام میں پھیل رہا ہے، تو میں نے اس رسالہ کی اشاعت کا ارادہ کیا تا کہ طالبان حق جھمیہ اور مرجئہ کے شبہات کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے میں اس سے فائدہ اُٹھائیں، اس لئے میں نے اس رسالہ کی اصل کی طرف مراجعت کی۔ اور اس کو نئی طرح سے مہذب کیا اور ایسے دوسرے شبہات پر ایسے رُدُود کے اضافے کئے جن کا تعلق موضوع سے تھا اور جو اپنے اصل سے دُور نہیں تھے۔ اور اگر انھوں نے مستقبل میں دوسرے نئے شبہات پیدا کر دیئے تو ہمارے ہاں بھی کوئی ممانعت نہیں ہے کہ ہم بھی ان پر کسی دوسرے آنے والے رسالہ میں ردّ کریں گے۔

اگر زندگی باقی رہی تو اللہ کی مدد اور اس کی توفیق سے ہم ان شبہات کو باطل بھی کریں گے۔

ان عادت العقرب عدنالها وكانت النعل لهاجاهزة

"اگر بچھو دوبارہ واپس آیا تو ہم بھی اس کے ساتھ دوبارہ ویسا ہی کریں گے اور چپل اس کے لئے تیار ہو گی۔"

آپ دیکھیں گے کہ ہم کسی فروعی مسئلہ پر بات نہیں کر رہے بلکہ دین کا یہ ایک مضبوط قاعدہ اور اصل ہے جس کا دفاع ہم ایسی قوم کے مقابلے میں کر رہے ہیں۔ جو خود بھی سیدھے راستے سے بھٹکے ہوئے ہیں اور دوسروں کو بھی گمراہ کر رہی ہیں۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں اخلاص نصیب فرمائے۔ اپنے نیک بندوں میں سے بنادے اور اپنی موحد فوج میں شام فرمادے۔

وصلی اللہ علی محمدا النبی الامی وعلٰی آلہ وصحبہ وسلم۔

ابو محمد عاصم المقدسی حفظہ اللہ ۱۴۱۲ہجری

فصل اول:

مرجئہ کون ہیں؟

مرجئہ کی تین اقسام:

1 ایمان میں ارجاء کے قائل ہیں اور قدری اور معتزلہ کے مذہب پر ہیں۔

2 ایمان میں ارجاء کے قائل ہیں اور جبریہ پر اعمال میں جھمیہ مذہب پر ہیں۔

3 جبریہ اور قدریہ دونوں سے باہر ہیں یہ کئی فرقے ہیں: الیونسیہ، الغسانیہ، الثوبانیہ، التومنیہ اور المریسیہ، انہیں مرجئہ اس لئے کہا گیا ہے کہ انھوں نے عمل کو ایمان سے پیچھے کر دیا ہے۔ اس لئے کہ ارجاء کا معنی ہے تاخیر کرنا اور پیچھے کرنا، کہا جاتا ہے کہ:" أَأْرْجَيْتُه، وأَرْجَأْتُه" جب میں کسی چیز کو پیچھے کرتا ہوں۔

اور مرجئہ ایمان کے باب میں دو قسم کے ہیں:

1 غلو کرنے والے مرجئہ یعنی متکلمین مرجئہ۔

2 مرجئہ فقہاء۔

جو متکلمین مرجئہ ہیں: تو (ان میں سے) جہم بن صفوان اور اس کے پیروکار کہتے ہیں: ایمان یہ ہے کہ اس کا علم رکھا جائے اور اس کی تصدیق کی جائے، دل کے (دوسرے) اعمال کو وہ ایمان میں شمار نہیں کرتے، ان کا خیال ہے کہ انسان دل سے بھی کامل مؤمن بن سکتا ہے، اب چاہے وہ اللہ اور اس کے رسول کو گالی دے اور اللہ کے دوستوں سے دشمنی اور اللہ کے دشمنوں سے دوستی رکھے اور مسجدیں منہدم کرے قرآن اور مؤمنین کی حد درجہ اہانت کرے اور کفار کی بہت عزت کرے، (ان سب کے باوجود مرجئہ کے دعویٰ کے مطابق اس ایمان میں کوئی فرق نہیں پڑتا) وہ کہتے ہیں کہ یہ تمام چیزیں گناہ ہیں، ایمان کے منافی نہیں ہیں جو دل میں ہے بلکہ یہ سب کرتے ہوئے بھی وہ باطنی طور پر اللہ کے نزدیک مؤمن ہے وہ کہتے ہیں کہ ایسے انسان پر دنیا میں کفار کے احکام اس لئے لگے کہ یہ تمام اقوال کفر کی علامات ہیں۔ (نہ یہ کہ یہ بذات خود کفر ہوں) جب ان پر قرآن وحدیث اور اجماع سے دلائل پیش کئے جائیں کہ (مذکورہ گناہوں کے ارتکاب کرنے والوں) میں سے کسی ایک کو ایک ہی گناہ کی وجہ سے کافر قرار دیا گیا ہے اور آخرت میں عذاب کا مستحق بھی قرار دیا گیا ہے۔) جبکہ تم کہتے ہو کہ وہ صرف اس دنیا میں کافر ہے آخرت میں یعنی عند اللہ کافر نہیں ہے) تو وہ کہتے ہیں کہ: یہ تو دل سے علم اور تصدیق کی نفی کی دلیل

ہے۔ان کے نزدیک کفر ایک ہی چیز ہے اور وہ جہل ہے اور ایمان ایک ہی چیز کا نام ہے اور وہ علم ہے۔یا یہ کہ دل کا جھٹلانا اور اس کا تصدیق کرنا،ان کا آپس میں اختلاف ہے کہ کیا دل کا تصدیق کرنا علم کے علاوہ کوئی دوسری چیز ہے یا وہی ہے۔یہ قول سب سے زیادہ فاسد ترین قول ہے منجملہ ان اقوال کے جو ایمان کے بارے میں کہے گئے ہیں،اس کے باوجود اس کی طرف بہت سے متکلمین مرجئہ مائل ہوئے ہیں۔جبکہ سلف نے اس قول کے قائل کی تکفیر کی ہے مثلاً:وکیع بن الجراح، احمد بن حنبل، ابو عبید رحمۃ اللہ علیہم اور انھوں نے کہا کہ ابلیس نص قرآنی کی رو سے کافر تھا اس کو اس کے تکبر کی وجہ سے اور آدم (علیہ السلام) کو سجدہ نہ کرنے کی وجہ سے کافر قرار دیا نہ کہ اس وجہ سے کہ اس نے (دل سے) خبر کو جھٹلایا تھا۔یہی وجہ سے فرعون اور اس کی قوم کی (تکفیر کی) تھی۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَجَحَدُوا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَا أَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَعُلُوًّا (النمل:۱۴)

"انہوں نے صرف ظلم اور تکبر کی بناء پر انکار کر دیا حالانکہ ان کے دل یقین کر چکے تھے۔"

اور موسیٰ علیہ السلام نے فرعون سے کہا:

لَقَدْ عَلِمْتَ مَآ أَنْزَلَ هَٰٓؤُلَآءِ إِلَّا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ بَصَآئِرَ. (بنی اسرائیل:۱۰۲)

"یقینا تو جان چکا ہے کہ آسمان وزمین کے رب نے ہی یہ (معجزے) دکھانے کو نازل فرمائے ہیں۔"

یہ موسیٰ علیہ السلام جو صادق ومصدوق ہیں اُسے یہ کہہ رہے ہیں،تو معلوم ہوا کہ فرعون یہ جانتا تھا کہ یہ نشانیاں اللہ کی نازل کردہ ہیں اور وہ (فرعون) اللہ کی مخلوق میں اپنے قصد وارادہ کی فساد کی وجہ سے نہ کہ اپنی اور لاعلمی کی وجہ سے سب سے بڑا دشمنی اور سرکشی کرنے والا تھا۔

فرمان الٰہی ہے:

إِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِي الْأَرْضِ وَجَعَلَ أَهْلَهَا شِيَعًا يَسْتَضْعِفُ طَائِفَةً مِنْهُمْ يُذَبِّحُ أَبْنَاءَهُمْ وَيَسْتَحْيِي نِسَاءَهُمْ إِنَّهُ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِينَ. (القصص:۴)

"بے شک فرعون نے زمین میں سرکشی کر رکھی تھی اور وہاں کے لوگوں کو گروہ گروہ بنا رکھا تھا اور ان میں سے ایک فرقہ کو کمزور بنا رکھا تھا ان کے لڑکوں کو ذبح کرتا اور ان کی لڑکیوں کو زندہ چھوڑ دیتا تھا بے شک وہ مفسدوں میں سے تھا۔"

اسی طرح یہود تھے کہ جن کے بارے میں اللہ نے فرمایا:

الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْرِفُونَهُ كَمَا يَعْرِفُونَ أَبْنَاءَهُمْ. (البقرۃ:۱۴۶)

"یہ وہ لوگ ہیں کہ جنھیں ہم نے کتاب دی وہ اُسے ایسے جانتے پہنچانتے ہیں جیسے اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں۔"

اسی طرح مشرکین کے بارے میں اللہ نے فرمایا:

فَإِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُونَكَ وَلَكِنَّ الظَّالِمِينَ بِآيَاتِ اللَّهِ يَجْحَدُونَ. (الانعام:۳۳)

"(اے محمد ﷺ) بے شک وہ تمہیں نہیں جھٹلاتے بلکہ ظالم لوگ تو اللہ کی آیات کا انکار کرتے ہیں۔"

☆ اور جو مرجئہ فقہاء میں سے ہیں تو یہ وہی ہیں جو کہتے ہیں کہ: ایمان دل کی تصدیق اور زبان کے اقرار کو کہتے ہیں۔ اور اعمال کو اس میں سے نہیں (شمار کرتے) ان مرجئہ فقہاء) میں سے ایک گروہ کوفہ کے فقہاءِ اور عابد لوگوں میں سے بھی تھا۔ مگر ان کا قول جہم بن صفوان کے قول کی طرح نہ تھا، وہ جانتے تھے کہ اگر قدرت رکھنے کے باوجود انسان زبان سے ایمان کا اقرار نہیں کرتا۔ تو وہ مومن نہیں ہو سکتا اور وہ یہ بھی جانتے تھے کہ ابلیس اور فرعون دل سے تصدیق کرنے باوجود کافر تھے۔ لیکن اگر وہ دل کے اعمال کو ایمان میں داخل نہ کرتے تو ان کو جہم بن صفوان کا قول لازم آتا، وہ عمل کی وجہ سے ایمان کے بڑھنے اور گھٹنے کے قائل بھی نہیں ہیں۔ لیکن اتنا وہ کہتے ہیں کہ: ایمان کا بڑھنا شریعت کے مکمل ہونے سے پہلے تھا اس کا مطلب (ان کے ہاں) یہ ہے کہ اللہ نے جب بھی کوئی آیت نازل کی اس کی تصدیق واجب ہوئی۔ تو یہ تصدیق اس تصدیق میں ضم ہو گئی، جو پہلے سے تھی لیکن جب وہ چیز مکمل ہو گئی جو اللہ نازل کر رہا تھا تو ان کے نزدیک ایمان میں تفاضل باقی نہ رہا، بلکہ تمام لوگوں کا ایمان برابر ہوا (چاہے) سابقین اولین جیسے ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کا ایمان یا فاجر (اور ظالم) جیسے حجاج اور ابو مسلم الخراسانی وغیرہ کا ایمان ان کے نزدیک برابر ہے۔ (کتاب الایمان، شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ)

اور ارجاء کا عقیدہ زمانے میں بہت عام ہے چاہے وہ عوام میں ہو یا دیندار کہلانے والوں میں ہو۔ عوام کے ارجاء میں سے ان کا یہ مشہور قول ہے کہ: ایمان دل میں ہے۔ اعمال کا ان کے نزدیک کوئی اعتبار نہیں بلکہ دل کے بناؤ اور نیت کے صاف ہونے کی دلیل کی وجہ سے اعمال کو غیر ضروری سمجھنا ان کی توہین کرنا اور ان کو چھوڑنا۔ (اگر ارجاء نہیں تو اور کیا ہے۔)

اور جو دین اور دعوت کی طرف منسوب لوگوں کا ارجاء ہے جن کے ساتھ ہم اس کتاب میں بحث کریں گے۔ غالبًا ایمان کی تعریف اور اس کے نام میں نہیں، کیونکہ وہ ایمان کی تعریف بالکل صحیح کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ "ایمان، زبان کا قول دل کا اعتقاد اور اعضاء کا عمل ہے" یا وہ کہتے ہیں کہ وہ "قول اور عمل کا نام ہے" یہ ایمان کے بارے میں اہل سنت والجماعت کا قول ہے۔ لیکن اسے واقعاتی طور پر اور عملی انداز میں دیکھیں جائے، خاص کر نواقض ایمان میں تو آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ جس رکن عمل کو انہوں نے تعریف میں ثابت کیا ہے وہ ان کے نزدیک فضول ہے۔ بلکہ ساقط ہونے چھوڑنے کے قریب ہے۔ ان کے اکثر لوگ یہ کہتے ہیں کہ ایمان اطاعت سے بڑھتا ہے اور نافرمانی سے گھٹتا ہے۔ جیسا کہ اہل سنت نے کہا لیکن تمام گناہ ان کے نزدیک کمالِ ایمان کو صرف ناقص کرتے ہیں۔ (ان کے نزدیک) ایسی کوئی چیز نہیں جو کہ اصل ایمان کو توڑنے والی ہو، مگر صرف ایک حالت میں (جن گناہوں سے ایمان ختم ہو جاتا ہے) کہ ان کو حلال سمجھنا اور ان کا اعتقاد رکھنا بھی شامل ہے اسی طرح کھلم کھلا (وہ کہتے ہیں) چاہے وہ گناہ یا عمل کسی بھی شکل میں ہو۔ حالانکہ نبی ﷺ نے تو بیان فرمانے کے باوجود کہ:

"الایمان بضع وسبعون شعبة (وفي رواية ترمذي) فأفضلها 'وعندالترمذي (ارفعها) قول: لااله الاالله وأدناها اماطة الأذى عن الطريق والحياء شعبة من الايمان" (رواه مسلم واصحاب السنن من حديث ابي هريرة رضي الله عنه)

"ایمان کی ستر سے کچھ زیادہ شاخیں ہیں (ترمذی کی ایک روایت میں ہے) اس میں سب سے افضل ان میں سب سے بلند ارفع "لا الٰہ الا اللہ" یعنی اس بات کی گواہی کہ: اللہ کے علاوہ کو بھی عبادت کا مستحق نہیں۔ اور سب سے ادنی رستہ میں سے تکلیف دہ چیز کا ہٹانا ہے۔ اور حیاء ایک

اہم شاخ ہے۔ایمان کے درجات میں سے ہے"۔اسے مسلم اور اصحاب سنن نے ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا۔

تو(معلوم ہوا)ایمان کی تمام شاخیں برابر نہیں،یعنی "لا الٰہ الا اللہ" کی شاخ(حیاء)یا(رستہ سے تکلیف دہ چیز ہٹانا)کے برابر نہیں۔بلکہ بعض ان میں وہ ہیں جن کے زائل ہونے سے ایمان میں نقص آتا ہے۔جیسا کہ حیاء،اور بعض ان میں وہ ہیں جن کے زائل ہونے سے ایمان ختم ہو جاتا ہے۔جیسا کہ "لا الٰہ الا اللہ" کی شاخ۔

اور خوارج اور جنھوں نے تکفیریوں میں سے ان کی موافقت اور متابعت کی ہے۔ایمان کی(کوئی بھی) شاخ کے زائل ہونے کو(پورے)ایمان کا ناقص اور زائل ہونا قرار دیا۔

گویا کہ ان(تکفیریوں)کے مذہب کے رد عمل میں اس زمانے کے مرجئۃ "مرجئۃ العصر" آئے تو انھوں نے ایمان کی تمام شاخوں کے زوال کو صرف ناقص ایمان قرار دیا،اور(ان کے نزدیک)کوئی چیز بھی ان میں سے ایمان کے اصل کو ناقص یا زائل کرنے والی نہیں،مگر صرف وہ جس کے ساتھ انکار اور عقیدہ شامل ہو جائے یہ دونوں گمراہ ہیں۔

اور جو اہل حق،فرقہ ناجیہ اور طائفہ منصورہ والے ہیں۔تو یہ سب ایمان اور کفر کے بارے میں اعتدال پر ہیں۔ایمان کی شاخیں ان کے نزدیک بعض تو صرف کمال ایمان پر اثر انداز ہوتے ہیں اور اُسے زائل نہیں کرتے۔ان کی دو قسم ہیں:

1 وہ جو کمال ایمان میں مستحب ہو۔(یعنی وہ ظاہر اقوال واعمال جن کے ساتھ ایمان کو مکمل کرنا مستحب ہو)

2 وہ جو کمال ایمان میں واجب ہو۔(یعنی جن کے ساتھ ایمان کو مکمل کرنے واجب ہو)اور ایمان کی شاخ میں بعض وہ ہیں جو اصل ایمان کو زائل اور ناقص کرتے ہیں۔یعنی توڑ دیتا ہے۔

اس بنا پر ان(اہل حق)کے نزدیک ایمان کی تین اقسام ہیں:

1 جو کہ کمال ایمان میں مستحب ہو اور وہ یہ کہ جس میں شریعت کے بنانے والے نے رغبت دلائی مگر اس میں کمی پر کوئی پکڑ نہیں۔

2 جو کہ کمال ایمان میں واجب ہو اور وہ یہ کہ جس میں زیادتی یا کمی پر شارع نے ایسے وعید سنائی ہو جو کفر تک نہ پہنچتی ہو۔

3 وہ جو کہ اصل ایمان میں سے ہیں تو وہ مرکب ہے ہر اس شاخ سے جس کے ناقض اور زائل ہونے سے ایمان زائل ہو جاتا ہے۔

اور اہل حق دلیل شرعی کے سوا کسی بھی چیز کو ان میں سے فیصلہ کن نہیں مانتے۔﴿سُبۡحٰنَكَ لَا عِلۡمَ لَنَاۤ اِلَّا مَا عَلَّمۡتَنَا﴾"اے اللہ! تیری ذات پاک ہے ہمیں تو صرف اتنا ہی علم ہے جتنا تو نے ہمیں سکھار کھا ہے"(البقرۃ:۳۲) ۔اور (اہل سنت) ان میں سے کسی بھی چیز کو فیصلہ کرنے والا نہیں مانتے مگر تب جب اس کے ساتھ دلیل شرعی موجود ہو یا جب اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف سے نص موجود ہو۔

ابواب ایمان اور کفر میں ہمارے زمانے کے مرجئہ میں ارجاء کے لحاظ سے نزدیک ترین فرقہ بغداد کے مرجئہ مریسیہ ہے یہ لوگ بشر بن غیاث المریسی کے پیروکار ہیں جو کہ ایمان کے بارے میں یہ کہتا تھا کہ: وہ دل و زبان دونوں کی تصدیق کا نام ہے اور یہ کہ: کفر انکار کا نام ہے، ان کا خیال تھا کہ بتوں کو سجدہ کرنا کفر نہیں بلکہ کفر پر دلالت کرتا ہے۔(یعنی ان کے خیال میں بت کو سجدہ کرنا بذات خود کفر نہیں بلکہ یہ سجدہ کرنا دیکھنے والے کو بتاتا ہے کہ اس سجدہ کرنے والے کے دل میں کفر اور شرک ہے اس بناء پر وہ مشرک یا کافر ٹھہرتا ہے۔)مثال کے طور پر دیکھئے عبد القاہر بغدادی کی کتاب ''الفرق بین الفرق''عبد القاھر بغدادی (ص:۱۸۰)

اس لئے ہمارے زمانے کے مرجئہ کے خیال میں کوئی ایسا عملی کفر نہیں ہے جو دین اسلام سے نکالنے والا ہو۔ مگر یہ کہ اس کا تعلق عقیدہ، انکار اور استحلال سے ہو۔ ان کے نزدیک یہی کفر ہے۔(کہ آدمی کوئی حرام کام کرے اور اسے دل سے حلال بھی سمجھے جب تک اسے حرام نہ سمجھے تو کوئی بھی حرام کام یا بات ان کے نزدیک دین اسلام سے خارج کرنے والی نہیں ہے)چاہے وہ اللہ کو گالی دینے کے باب میں ہو یا بت کو سجدہ کرنے یا اللہ کی شریعت کے علاوہ کفریہ قوانین بنانے میں ہو یا اللہ کے دین کے ساتھ مذاق ہو، تو یہ سب (ان کے نزدیک) بذات خود کفر نہیں ہے بلکہ وہ (ان کے نزدیک) اس بات کی دلیل ہے کہ اس کا کرنے والا کفر کا عقیدہ رکھتا ہے، تو کفر (ان کے نزدیک) کسی (حرام چیز) کے حلال ہونے کا عقیدہ رکھنا اس کا انکار کرنا (یا کسی حلال چیز کے حرام ہونے کا عقیدہ رکھنا اور اس کے حلال ہونے کا انکار کرنا ہے) اس چیز سے انہوں نے اہل اسلام پر بہت بڑے شر کا دروازہ کھول دیا جس سے ہر ملحد اور زندیق اور اللہ کے دین میں طعن کرنے والا امن اور اطمینان سے داخل ہوا، اور انھوں نے مرتد طواغیت کے لئے ایسی پیوند کاری کی اور ایسے شبہات کے ساتھ ان

کی طرف جھگڑا اور مناظرہ کیا کہ ان طواغیت کے وہم وگمان میں بھی نہ گزرا ہوگا، اور نہ کبھی انھوں نے سنا ہوگا، اور نہ ہی کبھی مرجئۃ العصر جیسی کوئی مخلص فوج ملنے کا (سوچا ہوگا) کہ جو ان کی طرف سے لڑے اور ان کے باطل کا دفاع کرے۔ اس لئے بعض سلف نے ارجاء کے بارے میں فرمایاہے کہ "وہ ایسا دین ہے جو بادشاہوں کوخوش کرتاہے" اور بعض نے مرجئۃ کے فتنہ کے بارے میں کہا کہ وہ یہ" خوارج کے فتنہ سے زیادہ امت کے لئے خطرناک ہے' ' اور کہا کہ "ہمارے نزدیک خوارج مرجئۃ سے زیادہ معذور ہیں" یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے جو بے فکری میں کہی گئی ہو بلکہ یہ حق اور سچ ہیں، کیونکہ شروع میں خوارج جن اسباب کی بناء پر غلو اور انحراف پر مجبور ہوئے وہ اللہ کے محرمات اور اس کی حدود کے لئے ان کا غصہ ہونا (اور ان کی غیرت) تھی۔ یہی ان کا دعویٰ تھا۔ جبکہ مرجئۃ کو ان کا مذہب شرعی حدود کی خلاف ورزیوں اور دینی قواعد وضوابط سے خاص کی طرف لے گیا۔[1]

اور اس نے ارتداد کے ابواب کفار کی آسانی اور زنادقہ کی سہولت کے لئے کھول دیئے۔ ہمارے اس دور نے عصرِ حاضر کے خوارج اور تکفیر میں غلو کرنے والوں کے ردّ میں بہت کچھ لکھاہوا دیکھا اور پایا یہاں تک کہ بازار کتابوں اور رسائل سے بھر گئے، اکثر میں تو ظلم زیادہ اور انصاف کم تھا۔ جبکہ اس کے مقابل میں ہم کو ایسی کتابیں بہت کم ملیں جو کہ ارجاء پر تفصیلی بحث کریں خصوصاً دورِ حاضر کا ارجاء اور مرجئۃ کے بارے میں (جو کہ) ان کے شبہات سے اس طرح ڈرائیں جیسا کہ خوارج کے شبہات سے ڈراتے ہیں[2]۔ تو شاید اس باب میں ہماری یہ کتاب اس کمی کو کسی حد تک پورا کردے یا ایک اچھے طریقے کو جاری کرے تاکہ اہل علم کو اس بارے میں لکھنے پر ابھارے تاکہ حق کو بیان ہو، باطل اور بدعتیوں کے ان شبہات کا جنھوں نے حق مبین کو مسخ کردیاہے۔ کھوٹا ہونا ظاہر ہو اور میں اللہ سے دعا گو ہوں کہ وہ اس کے ذریعے بہرے کانوں، اندھی آنکھوں اور پردے پڑے ہوئے دلوں کو کھول دے، اور اس کو خالص اپنی کریم ذات کے لئے کردے اور تمام کمال کی صفات اسی کے لئے ہیں اول بھی آخر بھی۔

---

1 میں کہتاہوں (ان کے مذہب نے اکسایا) کہ شروع میں مرجئۃ میں فقہاء اور عابد لوگ تھے۔ اور ان کی مخالفت اہل سنت سے صرف ایمان کی تعریف میں تھی ۔اس کے ساتھ وہ اعمال کو ایمان میں داخل نہیں سمجھتے تھے کیونکہ شیطان نے انہیں شبہ میں ڈال دیا تھا۔ مگر انھوں نے اعمال کرنے چھوڑے نہ ہی کفر کو آسان لیا اور نہ مشرکین کی حمایت کی، لیکن مرور زمن کے ساتھ ارجاء اپنی نئی شکل میں آیاہے اور اس کے ماننے والے منقسم ہوئے اور گروہ بنے اور نتیجہ یہ کہ وہ اب اس سطح پر ہیں جس پر ہم بحث کررہے ہیں۔ جب کہ مرجئۃ نے شرعی حدود سے تجاوز کیاہے دینی قیودوضوابط سے۔

2 ۱۲سال ایسی حالت تھی مگر اب بفضل تعالیٰ توحید کے علمبرداروں نے ایسی کتب لکھ دی ہیں جن سے دلی تسکین ہو جاتی ہے اور مکمل رہنمائی میسر آجاتی ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلاۃ علی خاتم الانبیاء ، والمرسلین ، وبعد

اللہ آپ پر اور ہم پر اپنی رحمت کرے، یہ جان لیں کہ جو لوگ علم اور دعوت الیٰ اللہ کا دعوٰی کرتے ہیں ان کے بہت سے اقوال ہم تک پہنچے ہیں، جن کا لب لباب یہ ہے کہ کوئی قول یا عمل ایسا نہیں جو کہ اس کے کرنے والے کو کافر بنائے مگر یہ کہ اس قول یا عمل کے ساتھ اعتقاد بھی ہو، اگر کفری قول و عمل کے ساتھ ان کے جائز ہونے کا عقیدہ نہ ہو تو وہ (ان کے نزدیک) کفر نہیں ہے۔ اور نماز کو اس سے مستثنٰی کرتے ہیں۔ شاید ان کے اکثر لوگ عبد اللہ بن شفیق العقیلی کی اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں:

کان اصحاب محمد ﷺ لا یرون شیئًا من الاعمال ترکه کفر غیر الصلاة.

"آپ ﷺ کے صحابہ نماز کے علاوہ اور کسی بھی عمل کے چھوڑنے کو کفر نہیں سمجھتے تھے۔" (ترمذی نے اس کو روایت کیا، حاکم نے بھی اس کو روایت کیا اور صحیح کہا ہے)

اور وہ اس مشہور قول سے بھی استدل لیتے ہیں کہ "وَلَا نُكَفِّرُ مُسْلِمًا بِذَنْبٍ مَا لَمْ يَسْتَحِلَّهُ" "ہم مسلمان کی تکفیر اس وقت تک نہیں کریں گے جب تک اس کو حلال نہ سمجھے، شاید بعض نے اسے مرفوع کے درجہ پر پہنچا کر حدیث ہی بنا دیا ہے۔ معنی اس کا یہ ہے کہ "ہم کسی مسلمان کو اس وقت تک کافر نہیں کہتے جب تک کہ وہ اپنے گناہ کو حلال نہ سمجھے"۔ ہم کچھ لوگوں سے بالمشافہ اس بارے میں بات کر چکے ہیں اور ہم نے انہیں بہت سی مثالیں بھی دیں۔ جو کہ ان کے اعتقاد کے مخالف ہیں، جیسا کہ گالی دینا اور مذاق کرنا اور بت کو سجدہ کرنا وغیرہ۔ تو انھوں نے کہا کہ یہ اقوال اور اعمال جیسی چیزیں اعتقاد کے بغیر نہیں ہوتیں گالی دینے والا یا مذاق کرنے والا یا بت کا سجدہ کرنے والا لازماً اپنے اندر عقیدے کا فساد رکھتا ہے اور دین کو کم تر سمجھتا ہے جو کہ اُسے گالی دینے اور مذاق اڑانے جیسی چیزوں پر اکساتا ہے اور یہی کفر ہے، نہ کہ اعمال، کسی بھی عمل پر عقیدے کے بغیر کفر کا حکم نہیں لگایا جا سکتا۔

یاد رہے کہ اصل اختلاف تو اس بارے میں ہے کہ طاغوت کے پاس فیصلہ لیجانا کفر ہے یا نہیں؟ یہ لوگ کہتے ہیں کہ اسے تب کافر کہا جائے گا جب وہ اللہ کے حکم سے انکار کرے اور طاغوت کے فیصلے کو حلال سمجھے (یعنی عمل کفر کا سبب نہیں ہے بلکہ اندرونی اعتقاد کا اعتبار کیا جائے گا) طواغیت سے مراد یہاں اس دور کے وہ قانون

ساز ہیں جو اللہ کے دین و شریعت کے ہوتے ہوئے اپنا قانون بنا رہے ہیں۔ اب یہ لوگ ان طواغیت کے اس عمل یا ان کے پاس فیصلے لے کر جانے والوں کے اس عمل کو صرف اس صورت میں کفر قرار دیتے ہیں جب اللہ کے حکم کا انکار کرتے ہوں اور طاغوتی فیصلے کو حلال و جائز سمجھتے ہوں ورنہ اس شرط کے بغیر طاغوت سے فیصلہ کرانا یا شریعت بنانا اللہ کا مذاق اڑانا، اللہ کی شریعت کی مذمت کرنا غیر اللہ کو سجدہ کرنا کفر نہیں ہے۔ میرا گمان تھا کہ یہ باتیں وہ لوگ کرتے ہیں جو دین کے معاملے میں لوگوں کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں یہاں تک کہ میں نے دیکھا کہ عالم اور داعی کہلانے والے عوام و خواص میں مقبول بعض حضرات بھی اس قسم کی کمزور اور دلائل سے یکسر عاری رائے کا اظہار کرتے ہیں در اصل یہ علماء اور دین کے مبلغ کہلانے والے مرتد اور گمراہ حکمرانوں کا دفاع کرنا چاہتے ہیں تو میں نے یہ چند اوراق اسی مقصد کیلئے تحریر کئے ہیں کہ اس طرح کی غلط فہمیوں کا ازالہ کر سکوں اور صحیح صورت حال مسلمانوں کے سامنے پیش کر سکوں اللہ سے توفیق اور خلوص نیت کی دعا ہے۔ اللہ اسے نفع بخش بنائے۔

فصل دوم:

﴿بعض اقوال وافعال خالصتاً کفر ہیں﴾

سب سے پہلے یہ جان لیں کہ یہ شبہ کوئی نیا شبہ نہیں بلکہ بہت پرانا ہے اور اسے ان مقلد اور جاہل لوگوں نے اپنے شیوخ اور گمراہ اور بھٹکے لوگوں سے وراثت میں لیا ہے۔ جیسے کہ جہم بن صفوان اور بشر بن غیاث المریسی اوران جیسے دوسرے کہ یا تو مرجئۃ العصر نے ان کی کتابیں پڑھیں ہیں یا یہی مرجئہ قدیمہ والی بات انھوں نے شیطان سے لی ہے۔ بشر بن غیاث سے منسوب اقوال میں سے اس کا یہ قول کہ ''سورج اور چاند کو سجدہ کرنا کفر نہیں بلکہ کفر کی علامت ہے'' معلوم ہوا کہ (مرجئۃ العصر والا عقیدہ) جہم اور اس پیروکاروں کا عقیدہ ہے، اسی لئے امام ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب ''المحلی'' کے صفحہ نمبر ۴۹۸ جلد ۳ پر اللہ کو گالی دینے کے بیان میں فرمایا ''اللہ کو گالی دینے کے معاملہ میں زمین پر کوئی بھی ایسا مسلم نہیں جو اس کے کفر مجرد ہونے میں اختلاف کرے، مگر جھمیہ اور اشعریہ دونوں فرقوں نے اس بات کو نہیں مانا وہ اسی بات پر اصرار کرتے ہیں کہ اللہ کو گالی دینا اور کفر کا اعلان کرنا کفر نہیں، کچھ نے کہا کہ: یہ تو اس بات کی دلیل ہے کہ وہ کفری عقیدہ رکھتا ہے لیکن وہ یقینی طور پر گالی دے کر کافر نہیں ہوتا۔ میں کہتا ہوں: کہ آپ ذرا اس بات پر اور ان سرکش داعیوں کی بات پر غور فرمایئے کہ جن کا ہم نے ابھی ذکر کیا۔

أَتَوَاصَوْا بِهِ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُونَ. (الذاریات:۵۳)

''کیا یہ لوگ اس بات کی ایک دوسرے کو تلقین کرتے ہیں؟ بلکہ یہ گمراہ وسرکش قوم ہے۔''

ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ''ان کی بات کی بنیاد ہی غلط ہے جو اہل اسلام کے اجماع سے خارج ہے۔ اور وہ یہ کہ وہ کہتے ہیں ''ایمان صرف دل کی تصدیق کا نام اگرچہ کفر کا اعلان ہو۔[3]

اور صفحہ ۴۹۹ پر فرمایا ''کہ ان سے کہا جائے کہ جب اللہ کو گالی دینا تمہارے نزدیک کفر نہیں تو پھر تم یہ کیسے کہتے ہو کہ یہ کفر کی دلیل ہے؟ اگر وہ اس کے جواب میں کہیں کہ: یہ کہنے والے پر اس قول کی وجہ سے کفر کا

[3] مطلب یہ کہ جب ان کے نزدیک ایمان صرف دل کے اعتقاد کا نام ہے اور اعمال کا اس میں کوئی دخل نہیں تو ان کے نزدیک ایمان اعتقاد کے بغیر نہیں ٹوٹتا، ہمارے دور کے مرجئہ اگرچہ پہلے مرجئہ کی مخالفت ایمان کی تعریف میں ضرور کرتے ہیں مگر وہ ان کے منہج کی موافقت کرتے ہیں اور مزید شبھات پیدا کرکے انہیں رواج دیتے ہیں۔

حکم لگادیا گیاہے تو ان سے یہ کہا جائے کہ: کفر کا حکم صرف یہی بات کہنے پر دیا گیا ہے نہ اس غائب بات پر جس کا علم اللہ کے علاوہ کسی کو نہیں بلکہ اس پر تو صرف اس کہنے سے ہی کفر کا حکم لگادیا گیا تو اس کا یہ کہنا ہی کفر ہے اللہ ایسے لوگوں کے بارے میں بتاتا ہے کہ جو اپنے منہ سے ایسی بات کہتے تھے جو ان کے دل میں نہیں تھی ان کے قول کی وجہ سے وہ کافر ہوئے جیسے کہ یہود، جنھوں نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی صحت کو جان لیا تھا جیسا کہ وہ اپنے بیٹوں کو پہچانتے تھے، اور وہ اس کے باوجود وہ قطعی اور یقینی طور پر کافر تھے اس لیے انھوں نے کلمہ کفر کا اعلان کر دیا تھا اور کلمہ کفر قول ہی ہوتا ہے۔ اس جگہ ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا" اور ان مرجئہ میں اس بات میں اختلاف نہیں کہ کتاب اللہ میں کافر اور کفر کا حکم اسی پر لگایا گیا جس نے ایسے کلمات کہے جیسا کہ اللہ کا ارشاد ہے:

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ قَالُوا إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ. (المائدۃ:۱۷)

"البتہ تحقیق ایسے لوگ کافر ہوئے جنھوں نے کہا کہ بے شک مسیح ابن مریم اللہ ہیں"

اور اللہ نے فرمایا:

وَلَقَدْ قَالُوا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُوا بَعْدَ إِسْلَامِهِمْ. (التوبۃ:۷۴)

"بے شک انہوں نے کلمۂ کفر کہا اور اسلام لانے کے بعد کافر ہوئے۔"

اس سے ثابت ہوا کہ صرف کوئی کفریہ بات کرنا بھی کفر ہوتا ہے۔ اور ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب: (الفصل في الملل والاهواء والنحل: طبعة دار الجيل مجلد۵صفحة۷۵) میں کہا کہ اشعریہ کہتے ہیں کہ: بے شک ایسے آدمی کو جو اللہ اور اس کے رسول کے لئے اسلام کا اظہار کرے اُسے گالی دینا اور اللہ اور رسول کو زبان سے جھٹلانا بغیر تقیہ اور حکایتاً کسی اور کا قول نقل کرنا جبکہ وہ دین اللہ اپنانے کا اقرار کرتا ہو ان میں سے کوئی بھی بات کفر نہیں ہے (پھر انہیں ڈر ہوا کہ کہیں تمام اہل اسلام ان کی مخالفت کریں گے تو فوراً کہا کہ): لیکن یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس کے دل میں کفر ہے، بلکہ اسی جگہ اشعریہ کا ایک اور قول ذکر کیا ہے کہ "ابلیس آدم کو سجدہ نہ کرکے اللہ کا حکم نہ مان کر کافر نہیں ہوا نہ ہی یہ کہہ کے کہ میں اس سے بہتر ہوں۔ بلکہ وہ تو اس انکار کی وجہ سے جو اس کے دل میں اللہ کے لئے تھا) کافر ہوا۔ پھر آپ نے آگے فرمایا: یہ قرآن کے خلاف ہے اور کہانت ہے، اسے وہی جان سکتا ہے جسے شیطان نے خود بتایا ہو۔ کہ اس اشعری کا شیخ جو کہ ابلیس ہے اور جنھوں نے اس اشعری کو یہ خبر دی ہے کہ جب وہ سجدہ سے انکار کرتے تھے تو وہ انکار کی وجہ سے کافر نہیں ہوئے

بلکہ اس کفر کی وجہ سے کافر ہوئے جو اس ابلیس کے دل میں تھا اس سے انکار نہیں کہ یہ خبر اس اشعری کو ابلیس نے دی ہے مگر ابلیس غیر ثقہ راوی ہونے کی وجہ سے اس کی روایت ضعیف ہے۔ اور صفحہ ۷۶ پر کہتے ہیں ''ہم نے اس ملعون مقالہ لکھنے والوں پر ردّ کیا ہے اور اس کتاب کا نام (الیقین فی النقض علی الملحدین المحتجبین عن ابلیس اللعین وسائر الکافرین) رکھا۔ یہ کتاب تو ہمیں دستیاب نہ ہو سکی البتہ شیخ نے جو ردّ اسی میں سے، یعنی جو ردّ انھوں نے مرجئہ پر کیا ہے اس میں سے ان کا یہ قول بھی ہے: کہ مرجئہ کی یہ بات کہ: ''اللہ اور رسول کو گالی دینا کفر نہیں مگر یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس کے دل میں کفر ہے'' ان کے اس قول پر تبصرہ کرتے ہوئے ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: کہ یہ دعویٰ ہے، مرجئہ نے جو بات کہی ہے اس کی ان کے پاس کوئی دلیل نہیں ہے بلکہ یہ ایک دعویٰ بلا دلیل ہے بلکہ دلیل ان کے مخالف ہے جو کہ انھوں نے ذیل میں دی ہے:

يَحْلِفُونَ بِاللَّهِ مَا قَالُوا وَلَقَدْ قَالُوا كَلِمَةَ الْكُفْرِ. (التوبۃ: ۷۴)

''اپنے قول پر اللہ کی قسم کھاتے ہیں اور البتہ تحقیق انھوں نے کفر یہ بات کہی ہے۔''

اللہ نے کہہ دیا کہ کچھ کلمات کفریہ بھی ہو سکتے ہیں:

وَقَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتَابِ أَنْ إِذَا سَمِعْتُمْ آيَاتِ اللَّهِ يُكْفَرُ بِهَا وَيُسْتَهْزَأُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوا مَعَهُمْ حَتَّى يَخُوضُوا فِي حَدِيثٍ غَيْرِهِ إِنَّكُمْ إِذًا مِثْلُهُمْ. (النساء: ۱۴۰)

''جب تم سنو کہ اللہ کی آیات کے ساتھ کفر کیا جاتا ہے یا مذاق اڑایا جاتا ہے تو پھر ایسے لوگوں کے ساتھ نہ بیٹھو یہاں تک کہ وہ اپنا موضوع سخن بدل نہ لیں ورنہ تم بھی ان جیسے ہو جاؤ گے۔''

اس سے ثابت ہوا کہ کچھ باتیں جو سنی جاتی ہیں جو اللہ کی آیات کے بارے میں کہی جاتی ہیں وہ بذات خود کفر ہو سکتی ہیں۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ لَيَقُولُنَّ إِنَّمَا كُنَّا نَخُوضُ وَنَلْعَبُ قُلْ أَبِاللَّهِ وَآيَاتِهِ وَرَسُولِهِ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِئُونَ ○ لَا تَعْتَذِرُوا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ إِيمَانِكُمْ إِنْ نَعْفُ عَنْ طَائِفَةٍ مِنْكُمْ نُعَذِّبْ طَائِفَةً (توبہ)

''(اے محمد ﷺ) کہہ دیجئے، کیا اللہ اور اس کی آیات اور اس کے رسول کے ساتھ تم مذاق کرتے ہو، معذرت نہ کرو تحقیق تم ایمان لانے کے بعد کافر ہو گئے ہو، ہم اگر ایک گروہ کو معاف کریں گے تو دوسرے کو عذاب بھی دیں گے۔''

اللہ نے اس پر نص قرآنی نازل فرمادی کہ اللہ، اس کی آیات اور اس کے رسول کا مذاق اڑانا ایمان سے خارج کرنے والا کفر ہے، اللہ نے یہ نہیں کہا کہ میں جان گیا ہوں کہ ان کے دل میں کفر ہے بلکہ ان کو صرف استہزاء کی وجہ سے کافر قرار دیا۔ لہٰذا وہ اللہ کے بارے میں وہ کچھ کہہ رہے ہیں جو انھوں نے نہیں کہا ہے اور اللہ پر جھوٹ بول رہا ہے۔ ابن حزم رحمہ اللہ نے اپنی کتاب (الفصل:۳/۲۵۳) میں ان مرجئہ کے ردّ میں فرماتے ہیں: کہ اگر کوئی شخص محمد ﷺ اور ان کے پیروکاروں کو (نعوذ باللہ) کافر کہے اور خاموش رہے اگرچہ دل میں اس سے مراد وہ طاغوت کے منکر لیتا ہو۔

جیسا کہ اس آیت میں فرمایا:

لا إِكْرَاهَ فِي الدِّينِ قَدْ تَبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ فَمَنْ يَكْفُرْ بِالطَّاغُوتِ وَيُؤْمِنْ بِاللَّهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَى لا انْفِصَامَ لَهَا. (البقرۃ:۲۵۶)

''پس جو طاغوت کا کفر کرے اور اللہ پر ایمان لائے حقیقت میں اس نے مضبوط رسی کو تھام لیا جو ٹوٹنے والی نہیں۔''

تو کوئی بھی مسلمان اس کو کافر قرار دینے میں اختلاف نہیں کرے گا۔ اسی طرح اگر اس کے (دل) کا ارادہ یہ ہو کہ (فرعون، شیطان اور ابوجہل) مؤمن ہیں (مگر) کفار کے دین پر، یعنی انھوں نے کفار کے دین پر ایمان لایا ہے پھر بھی اس کے ظاہری قول کا اعتبار کیا جائے گا اور اس کو کافر قرار دیا جائے گا۔ ثابت یہ ہوا کہ ہم نے اُسے صرف اس کے قول اور بات کے سبب کافر کہا اور اس میں اس کے دلی اعتقاد کا کوئی دخل نہیں۔ اسی طرح جو بھی کفریہ قول یا عمل کا اظہار کرے گا ہم اُسے محض اس کے قول اور عمل کی وجہ سے کافر کہیں گے جبکہ دلی اعتقاد تو صرف اللہ ہی جانتا ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

(انی لم أبعث لأشق عن قلوب الناس) (بخاری:۴۰۰)، ۶۰

" میں اس لئے نہیں بھیجا گیا کہ لوگوں کے دل چیر کو دیکھتا رہوں۔"

اس کے خلاف دعوٰی کرنے والا اصل علم غیب کا مدعی ہے اوراور علم غیب کا مدعی بلاشک جھوٹا ہے۔ اللہ نے اس بات کی گواہی دی ہے کہ اہل کتاب حق کو پہچانتے ہیں اور وہ جانتے ہیں کہ اللہ حق ہے اور محمد رسول اللہ حق ہے۔ مگر اپنی زبانوں سے اس کے برعکس اظہار کرتے ہیں اللہ نے بھی انہیں صرف اسی بات پر کافر کہا جس کا انہوں نے اپنی زبانوں اور افعال سے اظہار کردیا۔(کتاب الفصل:۳/۲۵۹)

اللہ نے فرمایا:

وَجَحَدُوا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَا أَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَعُلُوًّا فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِينَ.(النمل:۱۴)

"جب ان تک ہماری آیات روشن کردینے والی وضاحت کرنے والی آگئیں تو کہنے لگے یہ تو کھلا جادو ہے۔اور انھوں نے ان کا انکار کیا ظلم اور تکبر میں جبکہ ان کے نفس ان پر مطمئن تھے۔"

ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں "یہ بھی بالکل واضح نص ہے جس میں تأویل کا کوئی احتمال نہیں کہ کفار نے اپنی زبانوں سے انبیاء علیہم السلام کی لائی ہوئی آیات کا انکار کیا،دل میں انہیں یقین تھا کہ وہ آیات حق ہیں۔"(کتاب الفصل: ۳/۲۴۳)

اورابن حزم رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

مرجئہ میں سے بعض نے اخطل النصرانی کے اس قول سے دلیل لی ہے۔

ان الکلام لفی الفؤاد وانما جعل اللسان علی الفؤاد دلیلا[4]

"بے شک بات تو دل میں ہوتی ہے زبان صرف اس پر دلالت کرتی ہے"

ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں:اس دلیل کا جواب یہ ہے کہ یہ شعر کہنے والا بھی ملعون ہے اور وہ بھی ملعون ہے جو اس عیسائی کے ایک شعر کو اللہ کے دین میں دلیل مانتا ہو۔عقل اور حس بھی اس شعر کی تکذیب کرتے ہیں جبکہ یہ شرعی اور معاملہ مسئلہ ہے اور (اخطل کے شعر سے دلیل لینا)لغت کے اس باب میں سے بھی نہیں جس

---

[4] یہ شعر اخطل کا نہیں بلکہ ابن ضمضام کا ہے اور اس کے الفاظ یہ ہیں۔"ان البیان لفی............"

میں کسی عربی شخص (کے کلام سے) دلیل لیا جاسکتا ہے اگر چہ وہ کافر ہو کیونکہ (اس طرح کی دلیل) عقلی معاملے میں (کسی کافر عربی شخص کے کلام سے جو بنی عباس کے دور کے پہلے کا ہو لیا جاسکتا ہے) اور ہمارا ایمان ہے کہ اللہ تعالیٰ اس عیسائی ملعون سے بہت زیادہ سچا ہے، وہ کہتا ہے۔

يَقُولُونَ بِأَفْوَاهِهِمْ مَا لَيْسَ فِي قُلُوبِهِمْ.(آل عمران:١٦٧)

''اپنے منہ سے ایسی بات کہتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں ہوتی۔''

اللہ نے بتادیا کہ کچھ لوگ اپنے منہ سے ایسی بات کہتے ہیں جو ان کے دل میں نہیں ہوتی جبکہ اخطل ملعون کہتا ہے کہ جو کچھ دل میں ہوتا ہے زبان اس پر دلالت کرتی ہے۔ ہم اللہ کو سچا اور اخطل کو جھوٹا سمجھتے ہیں اور اللہ اس پر بھی لعنت کرے جو اخطل کو دین اسلام میں حجت بنائے۔(حسبنا اللہ ونعم الوکیل)

اور ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے۔

اللہ نے فرمایا:

إِنَّ الَّذِينَ ارْتَدُّوا عَلَى أَدْبَارِهِمْ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى الشَّيْطَانُ سَوَّلَ لَهُمْ وَأَمْلَى لَهُمْ ○ ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا لِلَّذِينَ كَرِهُوا مَا نَزَّلَ اللَّهُ سَنُطِيعُكُمْ فِي بَعْضِ الأَمْرِ وَاللَّهُ يَعْلَمُ إِسْرَارَهُمْ ○ فَكَيْفَ إِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلائِكَةُ يَضْرِبُونَ وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَارَهُمْ ○ ذَلِكَ بِأَنَّهُمُ اتَّبَعُوا مَا أَسْخَطَ اللَّهَ وَكَرِهُوا رِضْوَانَهُ فَأَحْبَطَ أَعْمَالَهُمْ.(محمد:٢٨) ،٢٥

''بے شک جو لوگ ہدایت واضح ہونے کے بعد مرتد ہو گئے، شیطان نے ان کے لئے گھڑا اور بیان کیا، یہ اس وجہ سے کہ انھوں نے ایسے لوگوں سے کہا کہ ہم تمہاری پیروی بعض چیزوں میں کریں گے جنھوں نے اللہ کے نازل کردہ کو کراہت سے دیکھا، اور اللہ ان کے اسرار جانتا ہے، تو پھر ان کا کیا حال ہو گا جب ملائکہ ان کی روح قبض کرتے ہوئے اور ان کے چہرے اور پشت پر ماریں گے، یہ اس وجہ سے ہے کہ انھوں نے اس چیز کی پیروی کی جو اللہ نے ناپسند کیا اور اللہ کی مرضی کو مکروہ سمجھا پس ان کے اعمال ضائع کر دیئے۔''

ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اللہ نے انہیں کافر قرار دیا بعد اس کے کہ انہیں حق کا علم ہو چکا تھا اور ہدایت واضح ہو چکی تھی، صرف ان کے اس قول کی بنا پر جو انھوں نے کفار کو کہا تھا انہیں کافر کہا گیا ہے۔ اور

اللہ نے ہمیں بتادیا کہ وہ ان کے دلوں کے راز جانتا ہے، اور اللہ نے یہ نہیں کہا کہ یہ انکار یا تصدیق ہے بلکہ صحیح تو یہ ہے کہ ان کے باطن میں تصدیق ہے، کیونکہ ہدایت ان پر واضح ہو چکی تھی اور جس پر ہدایت واضح ہو جائے تو اس کے لئے یہ ممکن نہیں کہ وہ دل سے اس کا انکار کر سکے۔

ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ اس آیت کے بارے میں فرماتے ہیں:

يَحْلِفُونَ بِاللَّهِ مَا قَالُوا وَلَقَدْ قَالُوا كَلِمَةَ الْكُفْرِ. (التوبۃ:۷۴)

" اپنے قول پر اللہ کی قسم کھاتے ہیں اور البتہ تحقیق انھوں نے کفریہ بات کہی ہے اور کافر ہوئے ہیں مسلمان ہونے کے بعد۔"

یہ بات نص قرآنی سے ثابت ہو گئی کہ جو کوئی تقیہ کے بغیر کلمہ کفر کہے گا تو اس نے اسلام کے بعد کفر کیا ،اور یہ بھی ثابت ہوا کہ جو اعتقادِ ایمانی رکھے اور کلمۂ کفر کہے تو وہ اللہ کے ہاں بھی قرآن کی دلیل سے کافر ہوا ۔(کتاب الدرہ فیما یجب اعتقادہ:۳۳۹)

اللہ کا فرمان ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوا لَهُ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ أَنْ تَحْبَطَ أَعْمَالُكُمْ وَأَنْتُمْ لَا تَشْعُرُونَ.

"اے ایمان والو! نبی کی آواز پر اپنی آواز بلند نہ کرو اور نہ ہی اپنے قول کو اونچا کرو جیسا کہ آپس میں کرتے ہو کہیں تمہارے اعمال نہ ضائع ہو جائیں اور تمہیں پتہ بھی نہ چلے۔"(الحجرات:۲)

یہ مؤمنین کو واضح خطاب ہے کہ ان کا ایمان مکمل باطل اور اعمال ضائع ہو جائیں گے اگر انھوں نے اپنی آواز نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز سے اونچی کی، اور ان کی طرف سے انکار نہیں ہوا، اگر انکار ہوتا تو انہیں اس کا احساس ہو جاتا، جبکہ اللہ بتا رہا ہے کہ مؤمنوں کو اعمال باطل ہونے کا احساس بھی نہ ہو گا۔ ثابت ہوا کہ کچھ اعمال ایسے ہیں جو کہ کفر ہیں اور ان کے کرنے والے کا ایمان مکمل طور پر باطل کر دیتا ہے اور کچھ ایسے ہیں کہ جو کفر تو نہیں ہیں مگر اللہ نے ان کے بارے میں جو حکم لگا دیا ہے اس سے تجاوز نہیں کرنا چاہیے۔

میں کہتا ہوں: یہ وہ حق ہے جس میں کوئی شک نہیں ہے۔ اسی طرح خوارج کا یہ قول غلط ہے کہ ہر قسم کا گناہ کفر ہے ایمان کو مکمل طور پر ختم کر دیتا ہے۔ موجودہ دور کے مرجئۃ کی بات بھی غلط ہے کہ تمام اعمال اور گناہ

اس وقت تک کافر نہیں کرتے جب تک اس میں اعتقاد نہ شامل ہو۔ بلکہ سچ تو یہ ہے کہ کچھ اعمال ایمان کو باطل اور منہدم کرنے والے ہیں، جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا اور آیات سے ثابت کیا گیا۔ اور کچھ اعمال ایسے ہیں جو کمالِ ایمان کے منافی ہیں اور اُسے ناقص کرتے ہیں مکمل طور پر ختم نہیں کرتے جب تک ان میں انکار یا استحلال شامل نہ ہو جائے۔ یہ تفاصیل خوارج نے اپنے افراط کی وجہ سے ضائع کر دیں اور مرجئہ نے ان سے اعراض کیا اپنی تفریط کی وجہ سے، اور دونوں گمراہ جماعتیں ہیں۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ ارجاء کا فتنہ (پہلے پہل) حکمرانوں کے خلاف خروج اور اس پر مرتب ہونے والی سزاؤں کا ردّ عمل کا نتیجہ تھا مگر یہ ایسا ردّ عمل تھا جو اصولوں کے ساتھ منضبط نہیں تھا (بلکہ حکمرانوں کی خوشامد کی وجہ سے اس ارجاء کو اختیار کیا گیا تھا) اس زمانے کے مرجئہ کا بھی اپنی ان جہالتوں پر مبنی بحثوں میں یہ حالت ہے کہ جن کا غالب حصہ تکفیرین کا بلکہ ان اہل حق کا ردّ عمل ہے جو ان لوگوں کو کافر کہتے ہیں جن کو اللہ و رسول ﷺ نے کافر کہا ہے دلیل کے ساتھ تو جو مداہنت اور میلان ان مرجئہ میں تھا بالکل وہی مداہنت اور میلان طاغوت حکمرانوں کی طرف ان میں ہے تو یہ غالبًا ردّ عمل ہے (اس زمانے میں) اہل توحید کو اِن طاغوت حکمرانوں کے سزاؤں کا، ان کو قید کرنے کا اور ان کو عذاب دینے کا (مگر یاد رکھو) کہ حق کے طالب میں اس طرح کے عکسی ردّ عمل حکومت نہیں کرتی، بلکہ وہ تو نبی ﷺ کی اس حدیث کو ہر وقت اپنی آنکھوں کے سامنے رکھتا ہے جس میں ایک غالب اور مدد کی ہوئی جماعت کا ذکر ہے "لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَالَفَهُمْ وَلَا مَنْ خَذَلَهُمْ" نہ کسی کی مخالفت ان کو نقصان پہنچا سکتی ہے نہ کسی کا چھوڑنا نہ تو وہ نقصان پاتا ہے نہ منحرف ہوتا ہے نہ افراط کرنے والوں سے متاثر ہوتا ہے اور نہ تفریط کرنے والوں سے، بلکہ وہ ہمیشہ اس صاف اور سیدھے راستے پر قائم و ثابت رہتا ہے جس پر نبی ﷺ نے چھوڑ دیا ہے اس وقت کہ یہ اللہ سے ملے۔

☆ ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے کہ: ازارقہ کے فتنہ سے زیادہ مرجئہ کا فتنہ اس امت کیلئے خطرناک ہے۔ (کتاب السنۃ عبد اللہ بن احمد ۱/۳۴۷)

☆ اور انہی کا قول ہے کہ "خوارج مرجئہ سے زیادہ میرے نزدیک معذور ہیں"۔ (کتاب السنۃ عبد اللہ بن احمد ۱/۳۱۸)

☆ امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: یحییٰ اور قتادہ (تابعین رحمۃ اللہ علیہما) کہتے تھے: اس امت کے لئے ارجاء سے زیادہ بدعات میں سے کوئی اور چیز خطرناک نہیں۔ (کتاب السنۃ عبد اللہ بن احمد ۱/۳۱۸)

جب ظالم حکمرانوں کے خلاف بغاوت ہوئی تو اس کے رد عمل میں ارجاء وجود میں آیا۔ کہ اس بغاوت میں قتل، قید اور دیگر آزمائشیں آئیں۔ پہلی مرتبہ ارجاء کا ظہو اور اس کا پھیلاؤ عبد الرحمن بن اشعث[5] کی وجہ سے ہوا لیکن یہ ردّ عمل شریعت کے ضابطوں کے مطابق نہیں تھا جیسا کہ دور حاضر کے مرجئہ کا ارجاء ہے جسکا اظہار یہ اپنے اقوال میں کرتے رہتے ہیں یہ ردّ عمل ہے موجودہ دور کے غلو کرنے والے تکفیریوں کا بلکہ ان اہل حق کا رد عمل ہے جو ان لوگوں کو کافر کہتے ہیں جنہیں اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے کافر کہا ہے۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ یہ مرجئہ طاغوت حکمرانوں کے لئے انتہائی نرم گوشہ رکھتے ہیں اس کی وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ یہ سرکش حکمران اہل توحید کو سزائیں دیتے ہیں۔ قید وبند کی تکالیف دیتے ہیں۔ حق کا طالب کبھی بھی رد عمل کا مظاہرہ نہیں کرتا بلکہ وہ ہمیشہ اپنے سامنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ حدیث رکھتا ہے جس میں طائفہ منصورہ کی تعریف کی گئی ہے۔ کہ اس گروہ منصورہ کو کسی کی مخالفت نقصان نہیں پہنچا سکے گی۔ طالب حق کبھی افراط وتفریط کرنے والوں سے متاثر نہیں ہوتا بلکہ ہمیشہ واضح راستے پر قائم رہتا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا راستہ ہے۔

امام ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ کی تفصیلی گفتگو نقل کرنے کے بعد اب ہم شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کی رائے پیش کرتے ہیں: اس سے ہمارا مقصد صرف اتنا ہے کہ مرجئہ عصر کی گمراہیوں کا قلع قمع کیا جائے۔ مرجئۃ العصر شیخ الاسلام رحمۃ اللہ علیہ کے بعض کلام سے زبان درازی کرکے استدلال کرتے ہیں۔، ہمارے لئے نہ تو شیخ الاسلام رحمۃ اللہ علیہ کا کلام حجت ہے اور نہ ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ بلکہ اصل حجت تو اللہ کے کلام اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان میں ہے، اور جس آدمی کو اللہ کا کلام اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان کافی نہ ہو تو ایسے کے ساتھ ہم اپنی جان کیوں تھکائیں۔

فرمان باری تعالیٰ ہے۔

فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَ اللَّهِ وَآيَاتِهِ يُؤْمِنُونَ. (الجاثیۃ: ٦)

''اللہ اور اس کی آیات کو چھوڑ کر یہ کون سی بات پر ایمان لائیں گے۔''

---

[5] امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے قتادہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے ذکر کیا کہ یہ حادثہ ارجاء ابن اشعث کی ہزیمت کے بعد ہوا۔ (سیر اعلام النبلاء:۵/ ۲۷۵)، ابن اشعث نے اپنے زمانے کے حکمرانوں کے خلاف خروج کیا اور اس کے ساتھ ایک جماعت اہل علم کی بھی تھی۔ ان کے اور حجاج کے درمیان بہت سے معرکے ہوئے اکثر میں حجاج ہارا یہاں تک کہ معرکہ جماجم سن ۸۲، ۸۳ ہجری میں عراق میں ہوا جس میں حجاج جیت گیا اور اسی کے نتیجے میں ارجاء کا ظہور ہوا۔

ابن قیم رحمۃ اللہ علیہ نے کیا خوب کہا ہے:

جس کو یہ دونوں (کتاب وسنت) شفا نہ دیں	جس کو یہ دونوں کافی نہ ہوں
جس کو یہ دونوں کفایت نہ کریں	یہ باتیں سمجھداروں کے لئے ہیں
تو اُسے اللہ قلبی وبدنی شفا نہ دے	تو اللہ اُسے زمانے کی برائیوں کے لئے کافی نہ ہو
اللہ رب العرش اُسے محروم وتنگ دست بنادے	ان بے وقوف جانوروں کے لئے نہیں ہیں

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب (الصارم المسلول) میں رقم طراز ہیں: اللہ اور رسول کو گالی دینا ظاہری اور باطنی کفر ہے۔ چاہے گالی دینے والا یہ اعتقاد رکھے کہ یہ حرام ہے یا حلال ہے یا بغیر اعتقاد کے، یہ مذہب ان فقہاء اور تمام اہل سنت کا ہے جو کہتے ہیں کہ "ایمان قول وعمل کا نام ہے" اسی طرح ہمارے ساتھیوں اور دوسروں نے کہا "جس نے اللہ کو گالی دی کافر ہوا چاہے مذاق میں ہو یا سنجیدگی میں" آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا "یہی صحیح اور کھری بات ہے۔

قاضی ابو یعلی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب (المعتمد) میں فرماتے ہیں۔ "جس نے اللہ یا اس کے رسول کو گالی دی وہ کافر ہو جائے گا چاہے وہ گالی کو حلال جانے یا نہ سمجھے، اگر وہ کہے کہ میں اسے حلال نہیں سمجھتا تو اس کی یہ بات نہ مانی جائے گی۔ اور فرمایا (ص:۵۱۵ پر) "یہ بات ضرور معلوم ہونی چاہیے کہ یہ کہنا کہ گالی دینے والے کا کافر ہونا در حقیقت اس کا اس گالی کو حلال سمجھنے کی وجہ سے ہے، بڑی منکر اور بہت بڑی جسارت ہے۔ اس گمراہی کی وجہ یہ ہے کہ جو کچھ انھوں نے آخر دور کے متکلمین جھمیہ سے لیا وہ جھمیہ اولیٰ کے اس مذہب سے متاثر ہو کر کہ ایمان صرف دل کے اندر موجود تصدیق کا نام ہے۔ اور آپ نے فرمایا (ص:۵۱۷ پر): کہ فقہاء سے مذکورہ حکایت کہ اگر وہ گالی کو حلال سمجھتا تھا تو کافر ورنہ نہیں' درست نہیں اور اس کی کوئی اصلیت نہیں بلکہ اسے صرف قاضی نے بعض متکلمین کی کتابوں سے نقل کیا ہے۔[6]

---

[6] ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے فتاوی (۹/ ۴۰۳) میں ذکر کیا ہے کہ بعض فقہاء سلف اور جھمیہ کے اس مسئلہ میں اقوال میں الجھ گئے ہیں سبب یہ کہ انھوں نے ان مسائل کی بحث ان اہل کلام سے لی ہے جو جہم کے مسائل ایمان کے قول کے حمایتی تھے، پس آپ دیکھیں گے کہ وہ کبھی ائمہ کے قول کی حمایت کرتے ہیں اور کبھی ایسی بات کرتے ہیں کہ جو جہم کے قول کے مناسب ہوتی ہے، آگے ذکر کیا کہ: قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ اپنے ساتھیوں یعنی، مالکیوں کی اس بات کو جانا تو اس کی مخالفت کی اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور اہل سنت کے قول کی حمایت کی، انھوں نے بہت اچھا کیا۔

فرمایا: یہ اعتقاد رکھنا کہ گالی حلال ہے کفر ہے، چاہے گالی دی جائے یا نہ دی جائے۔[7]

اور فرمایا: اگر اس (گالی) کے حلال ہونے پر اعتقاد پر کافر ہو تو پھر گالی میں تو ایسی کوئی بات واضح نہیں ہوتی کہ گالی دینے والا اس کو حلال جانتا ہے، تو لازمی ہے اس کو کافر نہ کہا جائے خاص طور پر اس صورت میں کہ گالی دینے والا جب یہ کہتا ہو کہ میں یہ عقیدہ رکھتا ہوں کہ یہ حرام ہے۔[8]

پس غصہ یا بے وقوفی یا ایسے ہی نکل گئی، جیسا کہ منافقین نے کہا:

اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ. (التوبۃ:٦٥)

"ہم تو صرف اٹکھیلیاں کرتے اور کھیلتے تھے۔"

تو اگر یہ کہا گیا کہ وہ کافر نہیں ہوں گے۔ تو یہ نص قرآن کے خلاف ہے۔ اور اگر یہ کہا گیا کہ 'وہ کافر ہو جائیں گے' تو یہ تکفیر کسی سبب کے بغیر ہوگی، اگر آپ نے گالی ہی کو تکفیر کا سبب نہ بنایا، اور قائل کی یہ بات کہ 'میں اس کی بات کو سچ نہیں جانتا' صحیح نہیں، کیونکہ تکفیر کسی احتمال والی بات میں نہیں ہوتی، اگر اس نے یہ کہا ہوا ہو کہ 'میں یہ عقیدہ رکھتا ہوں کہ (یہ غلط، گناہ ہے اور میں نے کیا ہے) تو اُسے کس طرح کافر کہا جائے گا اگر وہ کفر ہو ہی نہ، اسی لئے اللہ نے فرمایا:

لَا تَعْتَذِرُوا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ إِيمَانِكُمْ. (توبۃ:٦٦)

"اب معذرت نہ کرو تم ایمان لانے کے بعد کافر ہو گئے ہو۔"

یہ نہیں کہا کہ 'تم نے اپنی بات میں جھوٹ بولا ہے کہ 'ہم تو آپس میں کھیل کود کرتے تھے' ان کے اس عذر میں جھوٹا نہیں کہا جیسا کہ ان کے باقی تمام اعذار میں جو انھوں نے پیش کئے کہا، جو کہ اگر سچ ہوتے تو لازماً کفر سے بری کر دیتے بلکہ یہ بیان کیا کہ انھوں نے ایمان کے بعد کفر کیا، اس کھیل کود کی وجہ سے، اور جب یہ واضح ہو گیا کہ اسلافِ امت اور ان کے پیروکاروں کا یہ مذہب ہے کہ 'یہ قول بذاتِ خود کفر ہے' چاہے صاحب قول اس کو حلال کہے یا حرام، ان سب کی دلیل ہم نے ذکر کر دی ہے۔ (الصارم المسلول:۵۱۷)

---

[7] یہ بات اس کے شاگرد کے ردّ کے مطابق ہے یعنی یہ اوپر والی بات ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کی بات اس کے شاگرد ابن قیم رحمۃ اللہ علیہ کے ردّ کے مطابق ہے کہ جو لوگ سورہ مائدہ آیۃ ۴۴ کے بارے میں کہتے ہیں کہ اس کا معنی یہ ہے کہ بغیر ما انزل اللہ فیصلہ کیا جائے اور ما انزل اللہ سے انکار بھی کیا جائے تو پھر آدمی اس سے کافر ہو جائے گا۔ ابن قیم رحمۃ اللہ علیہ مدارج میں اس تاویل کا ردّ کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ تاویل مرجوح ہے کیونکہ یہ انکار بذات خود کفر ہے (بغیر ما انزل اللہ) فیصلہ کیا جائے۔

[8] اسی طرح کا قول محمد بن ابراہیم آل شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے (فتاویٰ:٦/ ١٨٣) میں ذکر کیا۔ اگر قانون کا حاکم یہ کہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ باطل ہے، تو اس کی بات کی کوئی اہمیت نہیں، بلکہ شریعت کو چھوڑنے والی بات ہے، جیسے کوئی یہ کہے: میں بتوں کی پوجا کرتا ہوں اور یہ عقیدہ رکھتا ہوں کہ یہ باطل ہیں۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

مَنْ كَفَرَ بِاللَّهِ مِنْ بَعْدِ إِيمَانِهِ إِلا مَنْ أُكْرِهَ وَقَلْبُهُ مُطْمَئِنٌّ بِالإِيمَانِ وَلَكِنْ مَنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا..(النحل:١٠٦)

''جس نے ایمان لانے کے بعد اللہ کے ساتھ کفر کیا مگر وہ جسے مجبور کیا گیا اور اس کا دل ایمان پر مطمئن تھا لیکن جس نے اپنا سینہ کفر کیلئے کھول دیا۔''

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں: اگر کفریہ بات کہنا کفر نہ ہوتا سوائے اس کہ کہ کہنے والا پورے شرح صدر کے ساتھ کہے تو اس سے مجبور آدمی کو مستثنیٰ نہ کرتے اور جب مجبور کو مستثنیٰ کیا تو معلوم ہوا کہ مجبور آدمی کے علاوہ جو بھی کفریہ بات کہے گا گویا اس نے شرح صدر سے کہا کہ یہ شرح صدر والی بات جو آیت میں کہی گئی ہے یہ حکم ہے حکم کے لئے قید نہیں (کہ شیخ الاسلام رحمۃ اللہ علیہ کی) آخری بات کو غور سے پڑھو وہ بہت اہم ہے۔ لٰہذا بغیر عذر شرعی کے کلمہ کفر کا اعلان کرنے والا کافر ہے اس لیے کہ اس نے اپنا سینہ کفر کے لئے کھول دیا، اب اس میں یہ نہیں کہا جائے گا کہ ہم غور کریں گے کہ اس کے دل میں کیا ہے۔ کیا وہ اس کا معتقد ہے یا اسے حلال سمجھتا ہے یا نہیں؟' اسی طرح اللہ اور اس کے رسول کو گالی دینے والا اور دین کو گالی دینے والا اپنے دل کو کفر کیلئے کھول کر یہ کہتا ہے، چاہے وہ ہمیں اس بارے میں نہ بتائے۔ اسی طرح بت کے لیے اپنی مرضی سے سجدہ کرنے والے نے بھی اپنا سینہ کفر کے لیے کھول دیا ہے اب اس میں یہ نہیں کہا جائے گا کہ ہم دیکھیں گے کہ اس نے یہ حلال سمجھ کر کیا یا حرام، کیونکہ یہ تمام اعمال بذاتِ خود کفریہ ہیں، اسی طرح اللہ کی شریعت میں ملاوٹ کرنے والا یا اللہ کے علاوہ کسی اور کی پیروی کرکے حاکم تلاش کرنے والا یا مشرع اور معبود ڈھونڈنے والا سب لوگ حقیقت میں اپنے دلوں کو کفر کے لئے کھول چکے ہیں جب انھوں نے طاغوت کو معبود بنالیا یا طاغوت کی پیروی کی اور شریعت میں اسے حاکم بنایا، ہم یہ نہیں کہیں گے کہ اس نے اسے پورے اعتقاد کے ساتھ حلال سمجھا یا حرام، اسی طرح اللہ کے دین سے مذاق کرنے والا اس مذاق کی وجہ سے کافر ہو جاتا ہے، اس نے اپنا سینہ کفر کیلئے کھول دیا ہمیں بتائے یا نہ بتائے، ہم اُسے صرف اس مذاق پر کافر کہیں گے اور اس میں توقف نہیں کریں گے کہ اسے پوچھیں کہ تم نے اعتقاد رکھا تھا یا حلال سمجھا تھا؟ یا نہیں بلکہ اگر وہ یہ کہہ بھی دے

کہ میں نے اعتقاد اور حلال سمجھے بغیر کہا تھا تو پھر بھی ہم اسے کافر کہیں گے اور اُسے ویسے ہی جواب دیں گے۔ جیسا اللہ نے کہا:

لَا تَعْتَذِرُوا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ إِيمَانِكُمْ. (توبۃ:٦٦)

''بہانے مت بناؤ تم نے ایمان لانے کے بعد کافر ہو چکے ہو۔''

یہ حکم ہے کفر کا جیسا کہ شیخ الاسلام رحمۃ اللہ علیہ نے ذکر کیا ہے، کفر کے لیے قید نہیں جیسا کہ مرجئۃ العصر نے اسے بنایا ہے، اور اگر اس طرح کے غیبی اور پوشیدہ امور کو کفر کے لیے قید اعتبار کیے جائیں ان اعمال میں جو کافر بنانے والے ہیں تو پھر اللہ کا دین ہر زندیق کے ہاتھ میں کھلونا بن جائے گا، ہر کافر اور مشرک یہ سمجھتا ہے کہ وہ احسان، توفیق، ایمان اور ہدایت کو (اپنے دل میں) پوشیدہ رکھتا ہے۔[9]

شارع حکیم نے احکام شریعت کو جن میں تکفیر بھی ہے۔ دنیا میں ظاہری اور سیدھے اسباب و علل کے ساتھ باندھا ہے اور انھیں پوشیدہ اور غیبی یا باطنی اسباب کے ساتھ نہیں باندھا ہے، انہیں پوشیدہ اور غیبی یا باطنی اسباب کی وجہ سے نافذ نہیں کیا، یہ تمام چیزیں آخرت کے احکام کے تابع ہیں، پھر کفرِ تکذیب و انکار کفر کی اقسام میں سے صرف ایک قسم ہے ''ایسا نہیں ہے کہ یہی ایک قسم (تکذیب و انکار کفر) ہو (دوسری کوئی قسم کفر کی نہ ہو) جیسا کہ یہ بات سب کو معلوم ہے۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ (فتاوی:٧/٥٦٠) میں مزید فرماتے ہیں: 'جہم اور صالحی کے قول پر چلنے والے صراحت کرتے ہیں کہ اللہ و رسول کو گالی، تثلیث کی بات کرنا تو جو یہ کہتا ہے کہ اللہ تین ہیں اور تثلیث کی بات کرتا ہے اور کہتا ہے کہ ایک اللہ اللہ خود ہے دوسرا مریم علیہا السلام تیسرا عیسیٰ علیہ السلام وہ دل میں یہ عقیدہ رکھے یا نہ رکھے مگر اس کی زبان سے کہی ہوئی یہ بات اس کو کافر بنانے کے لیے کافی ہے۔ اور ہر کفریہ کلمہ کہنا باطن میں کفر

---

9 شیخ الاسلام رحمۃ اللہ علیہ (فتاوی:٧/٥٦١) میں فرماتے ہیں کہ 'کچھ یہودی لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور کہا: ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ رسول ہیں، یہ کہنے سے وہ مسلمان نہیں ہو گئے، کیونکہ انھوں نے توبس بتانے کے نظریے سے کہا تھا، کہ ہمارے دل میں کیا ہے، یعنی جانتے ہیں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر میری اتباع کیوں نہیں کرتے؟ کہنے لگے: ہم یہود سے ڈرتے ہیں، پس معلوم ہوا کہ صرف علم رکھنا اور خبر کر دینے سے ایمان حاصل نہیں ہوتا جب تک وہ ایمان کا ایسا اقرار نہ کرے جس کے ساتھ مستقبل میں عمل کرنے اور ماننے کی (نیت) شامل ہو، یہ بات بالکل ان کی بات کی طرح ہے۔ بس صرف یہ کہنا کہ ہمارا ایمان پر اعتقاد ہے اور احسان اور ہدایت کا ارادہ ہے اور یہ کہ وہ اپنے دل میں اعتقاد رکھتے ہیں کہ شریعت ان کے قوانین (وضعیہ) سے افضل ہے، اور اس کی تحکیم کے واجب ہونے کا بھی اعتقاد ہے، یہ تمام باتیں وہ ہیں جو ایک پیوند کاری کے طور پر مرجئۃ العصر ان (حکام وقت) کے لیے استعمال کرتی ہیں۔ ان کو کافی نہیں، وہ اپنے قوانین چلاتے وہ اپنے قوانین کو ایمان پر مقدم رکھتے ہیں۔ اور اللہ کی شریعت کے ساتھ وہ شریعت بناتے ہیں جس کا اللہ نے حکم نہیں دیا اور اللہ کے ان ولیوں سے جھگڑا کرتے ہیں جو مؤحد ہیں اور ان کی تشریعات سے بری ہیں اور ان لوگوں سے دوستی رکھتے ہیں اور مدد اور اکرام کرتے ہیں جو اللہ کے دشمن ہیں اور ان کی تشریع کے ملتزم، متبع اور مددگار ہیں۔

نہیں ہے۔ لیکن وہ ظاہراً کفر کی دلیل ہے۔ اس کے ساتھ ہی یہ بھی جائز ہے کہ یہ گالی گلوچ کرنے والا باطن میں اللہ کو جاننے والا مؤحد اور موٴمن ہو، پس جب ان پر نص یا اجماع کے ذریعہ حجت بن جائے کہ یہ شخص باطنی اور ظاہری طور کافر ہے۔

وہ کہتے ہیں: "یہ اس چیز کا متقاضی ہے کہ یہ حجت تکذیبِ باطن پر لازم آتی ہے۔ تو ان سے کہا جائے گا کہ ہم جانتے ہیں کہ جس نے اللہ اور رسول کو جان بوجھ کر بغیر اکراہ کے گالی دی، بلکہ جس نے کلماتِ کفر جان بوجھ کر بغیر اکراہ کے کہے اور جس نے اللہ اور اس کی آیات اور اس کے رسول سے مذاق کیا ،وہ ظاہراً اور باطناً کافر ہوا، اور یہ کہ جو یہ کہے کہ اس (قول کے کہنے والے) کی طرح کا باطن میں اللہ پر ایمان رکھنے والا ہو سکتا ہے اور در حقیقت وہ ظاہراً کافر ہے، پس بے شک اس نے ایسی بات کہی ہے جس کا فاسد ہونا ضروری طور پر ہمارے دین سے (سب کو) معلوم ہے۔ اللہ نے کفار کے کلمات قرآن پاک میں ذکر کئے اور ان کے کافر ہونے کا حکم سنایا اور وعیدِ عذاب کا موجب ٹھہرایا:

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ. (المائدۃ:۷۳)

"تحقیق وہ لوگ کافر ہوئے جنھوں نے کہا کہ اللہ تین کا تیسرا ہے"

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ قَالُوا إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ. (المائدۃ:۱۷)

"تحقیق وہ لوگ کافر ہوئے جنھوں نے کہا کہ عیسیٰ علیہ السلام اللہ ہیں۔"

شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے اسی سورہ نحل کی آیت کے بارے میں یہ بھی فرمایا: "یہ جان رکھیں کہ یہاں صرف اعتقادِ قلب کو کفر نہیں کہا گیا، کیونکہ اس پر آدمی کو مجبور نہیں کیا جاسکتا ،اور ا للہ نے آیت (نحل:۱۰۶) میں مجبور کو مستثنیٰ قرار دیا ہے ،اور نہ ہی ایسے آدمی کا بیان ہے جس نے کہا اور اعتقاد بھی رکھا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مجبور کو مستثنیٰ کیا ہے، اور وہ آدمی قصد ارادے اور عقیدے اور قول پر مجبور نہیں کیا جاسکتا، بلکہ صرف قول پر مجبور کیا جاسکتا ہے۔ تو معلوم ہوا کہ آیت میں وہ آدمی مراد ہے جس نے کلمۂ کفر کہا ۔اُس پر اللہ کا غضب ہوگا اور اس کیلئے دردناک عذاب ہے، اور وہ اس قول کے ساتھ کافر ہوگا، مگر جسے مجبور کیا جائے اور اس کا دل ایمان پر مطمئن ہے۔ لیکن مجبور کئے ہوئے لوگوں میں سے جس نے اپنا سینہ کفر کے لئے کھول

دیا وہ بھی کافر ہے، پس جس نے کلمہ کفر کہا کافر ہوا سوائے اس کے جس کو مجبور کیا گیا ہو، اس نے زبان سے کلمہ کفر کہا مگر اس کا دل ایمان پر مطمئن تھا، اللہ تعالیٰ مذاق کرنے والوں کے بارے میں کہتا ہے۔

لَا تَعْتَذِرُوا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ إِيمَانِكُمْ. (توبۃ:٦٦)

''اب معذرت نہ کرو تم ایمان لانے کے بعد کافر ہو گئے ہو۔''

اس آیت میں اللہ نے وضاحت کر دی کہ وہ لوگ فقط قول کی وجہ سے کافر ہوئے باوجود اس کے کہ وہ اس قول کا اعتقاد نہیں رکھتے تھے۔ کہ یہ (تکفیر) کا باب بڑا وسیع ہے۔ (الصارم المسلول: ص ۵۲۴)

اور شیخ الاسلام رحمۃ اللہ علیہ ''الصارم المسلول'' میں رقم طراز ہیں ''اگر کسی مسلم سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو تکلیف دینا یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں آپ کی موت کی دعا کرنا جیسی حرکات سرزد ہو جائیں تو ان کے ذریعے وہ مرتد ہو جاتا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا قتل کفر کی بڑی انواع میں سے ہے، اگرچہ قاتل یہی کہے کہ اس نے حلال سمجھ کر قتل نہیں کیا، آپ نے اسحاق بن راہویہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے ذکر کیا کہ اس پر تمام مسلمانوں کا اجماع ہے۔ اور اسی کتاب کے صفحہ ۱۷۸ پر کہتے ہیں 'غرض کہ جس نے کچھ ایسا کہا یا کیا جو کفر ہے تو اس سے وہ کافر ہوا، اگرچہ وہ کافر ہونے کا قصد نہ بھی کرے کیونکہ کوئی بھی کفر کا ارادہ نہیں کرتا اِلَّا یہ کہ اللہ چاہے۔ ان باتوں سے وہ لوگ مستثنیٰ ہیں جن کا حکم ہم نے ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ کے کلام میں ذکر کیا۔ جس نے کفر کا اعلان کیا یا تقیہ کرتے ہوئے کہا یا کسی کا کفریہ قول بیان کیا یا ان کے علاوہ جن کو بھی شارع نے مستثنیٰ کیا، اب اگر مرجئہ عصر چیخیں اور کہیں کہ: ذرا ٹھہرو! یہ کیسا استثناء اور کس نے اس جگہ پر کفر کہنے والے کو (اس حکم سے) خارج کیا ہے، جبکہ تم نے پہلے کہا تھا کہ کفریہ بات کہنے والا یا کفریہ عمل کرنے والا کافر ہے چاہے اعتقاد نہ بھی رکھے۔

ہم جواب دیں گے: ان جگہوں پر وہ اللہ کے کلام کی نص کی رو سے مستثنیٰ ہے۔ اور اللہ ہی جسے چاہے جو کچھ قرار دے۔ پس جس نے ایسے شخص کو جو کفریہ اقوال کہے یا اعمال کرے کافر کا نام دیا، اسی ذات نے ان جگہوں کو مستثنیٰ کیا، اور تم (مرجئہ) اور تمہارے شیوخ اور اسلاف پر اس شبہ کے حوالے سے امام ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ نے ردّ کیا ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے (الفصل: ۳/ ۲۵۰) پر فرمایا:

کسی کو کافر یا مسلم قرار دینے کا اختیار ہمیں نہیں بلکہ یہ اختیار تو اللہ کے پاس ہے جب اللہ نے ہمیں تلاوتِ قرآن کا حکم دیا، اور اس میں اہل کفر کی باتیں بیان کیں، اور ہمیں اللہ نے بتا دیا کہ وہ اپنے بندوں کے لئے

کفر پر راضی نہیں ہوتا، تو قرآن پڑھنے والا اس تلاوت کے ذریعے کفر سے نکل کر اللہ کی رضا اور ایمان میں داخل ہو گیا، اور جب اللہ نے حق کی گواہی دینے کا حکم دیا اور فرمایا:

إِلا مَنْ شَهِدَ بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُونَ. (الزخرف:٨٦)

''سوائے اس کے جس نے حق کی گواہی دی اور وہ جانتے ہیں۔''

یہ گواہی دینے والے اور کافر کے کفر کے بارے میں بتانے والا اس سے خارج ہوا کہ وہ کافر ہے اور اللہ کی رضا اور ایمان میں داخل ہوا۔

اور جب اللہ نے فرمایا:

مَنْ كَفَرَ بِاللَّهِ مِنْ بَعْدِ إِيمَانِهِ إِلا مَنْ أُكْرِهَ وَقَلْبُهُ مُطْمَئِنٌّ بِالإِيمَانِ وَلَكِنْ مَنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا.. (النحل:١٠٦)

''مگر جس کو مجبور کیا گیا اور اس کا دل ایمان پر مطمئن ہے لیکن جس نے کفر کیلئے اپنا سینہ کھول دیا (وہ کافر ہوا)''

جس کا مجبور ہونا ثابت ہو گیا وہ اظہار کفر کی وجہ سے کافر ہونے سے نکل کر اللہ کی رخصت اور ثباتِ ایمان میں داخل ہو گیا اب وہ شخص قرآن کی نص، رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے حکم اور اجماع امت کے ساتھ اپنے کفر پر باقی رہا اور کافر ہوا جس نے کفر کا کلمہ کہا اور ایسی حالت میں کفر کا اظہار کیا کہ وہ نہ کفر کے کلمہ کا پڑھنے والا ہو، نہ (کسی کافر کی کفری کلمہ کے) گواہی کے (طور پر بیان) کرنے والا ہو، نہ قصہ بیان کرنے والا ہو اور نہ مجبور کیا ہوا ہو۔ اور اللہ عزوجل کی اس آیت:﴿وَلَكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا.(النحل:١٠٦) ﴾کے بارے میں جس طرح یہ لوگ گمان کرتے ہیں کہ یہ صرف اعتقادِ کفر کے بارے میں ہے ایسا بالکل نہیں ہے بلکہ ہر وہ شخص جو ایسی بات کہے جس کے کہنے پر اہل اسلام کے نزدیک اس پر حکمِ کفر لگ سکے (نہ کہ گواہ، نہ مجبور، نہ حکایت کرنے والا اور نہ پڑھنے والا) تو اس نے اپنا سینہ کفر کیلئے کھول دیا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ اس نے اپنا سینہ اس کفر کے قبول کرنے کے لیے کھول دیا جس کا کہنا (اور اقرار کرنا) اہل اسلام اور اہل کفر دونوں پر حرام ہے۔ چاہے اعتقاد رکھیں یا نہ رکھیں۔ اس مسئلے سے متعلق دیگر ائمہ کے اقوال بھی پیش کرنا فائدے سے خالی نہ ہو گا۔

☆ ابن قیم رحمۃ اللہ علیہ اپنی "کتاب الصلاۃ" میں فرماتے ہیں، ایمان کے حصے دو قسموں پر ہیں! قولی اور فعلی، اسی طرح کفر کے حصے دو قسموں پر ہیں: قولی اور فعلی۔ ایمان کے قولی حصے میں سے ایک حصہ کے زائل ہونے سے ایمان زائل ہو جاتا ہے اسی طرح فعلی حصے میں سے ایک حصہ زائل ہونے سے ایمان زائل ہو جاتا ہے۔ اسی طرح کفر کے قولی اور فعلی حصے ہیں، پس جس طرح کفریہ کلمہ کہنے سے کافر ہوتا ہے جو کہ کفر کے حصوں میں سے ہے، اسی طرح وہ اس کے ہر ہر حصہ کے ذریعے کافر ہو گا جیسے کہ بت کو سجدہ اور قرآن کی بے ادبی وغیرہ۔

اسی سے معلوم ہوتا ہے کہ (عملی کفر) اہل علم کے نزدیک سب کا سب چھوٹا نہیں ہے، بلکہ اس میں سے ایسا بھی ہے جو کہ ملت سے خارج کرنے والا کفر ہے، اس (فکر) کے خلاف جس کو ہمارے زمانے کے مرجئہ رواج دے رہے ہیں۔

ابن الوزیر رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب (ایثار الحق علی الخلق فی رد الخلافات الی المذہب الحق: ص۳۹۵) میں کہتے ہیں: "شیخ ابوہاشم اور ان کے ساتھیوں نے تو یہاں تک کہہ دیا کہ: ﴿وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا. (النحل:١٠٦) ﴾ یہ آیت اس پر دلالت کرتی ہے کہ جو اعتقاد کفر نہ رکھے اور کفر کو صراحت کے ساتھ کہا اور رسولوں کو گالی دی اور ان سے براءت کا اظہار کیا اور ان کو جھٹلایا اور وہ اس پر مجبور نہیں تھے اور جانتے تھے کہ یہ کفر ہے، اس سے وہ کافر نہیں ہونگے اور یہی (رائے) زمخشری نے اپنی (تفسیر) کشاف میں ظاہراً اختیار کی ہے کہ شرح صدر کا مطلب دل کی خوشی اور رضامندی سے کفر کرنا یہ تمام باتیں درست نہیں اور اس کی دو وجوہات ہیں:

پہلی وجہ: ان کی یہ بات اللہ کے قول کے خلاف ہے: ﴿لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ. (المائدۃ:۷۳) ﴾ پس اللہ نے بغیر شرط کے فیصلہ کر دیا اس کے بارے میں کہ جس نے یہ کہا (کہ اللہ تین میں سے ایک ہے اللہ نے اس کے بارے میں یہ نہیں کہا کہ یہ آدمی اس شرط کے ساتھ کافر ہو گا کہ جب وہ اس بات کا عقیدہ بھی رکھے گا بلکہ بغیر کسی شرط کے یہ فیصلہ دیا کہ وہ اسی قول کے ساتھ کافر ہوا۔ مجبور آدمی نص اور اجماع کے ذریعے سے اس قید سے خارج ہوا اور اس کے علاوہ تمام اس حد میں آئے، پس اگر مکلف اور مختار آدمی بغیر مجبوری کے عیسائیوں کا یہ قول کہے جس کو قرآن نے کفر کہا ہے، اور جو اس نے کہا اس کی صحت کا اُسے یقین بھی نہ ہو، اور یعنی قول ثالث ثلاثہ وہ اسے کافر بھی نہ بنادے مع اس قول کی قباحت کا اندازہ ہے تو ضروری ہے کہ

یہ بعض وجوہات سے بڑا گناہ ہو، کہ یہ بعض وجوہات سے بڑا گناہ ہو سکتا ہے جیسا کہ اللہ نے فرمایا: ﴿وَهُمۡ يَعۡلَمُونَ﴾ "اور وہ جانتے ہیں" (الزخرف:۸۶)۔ انہوں نے اسے الٹا کر دیا اور کہنے لگے کہ اپنے گناہ سے لا علم آدمی کافر ہے اور علم رکھنے والا اور اپنی زبان سے علم کے باوجود انکار کرنے والا مسلمان ہے۔

دوسری وجہ: ان کی دلیل دو ایسے ظنی دلالتوں کے درمیان دائر ہے کہ جن میں فروع ظنی کے بارے میں اختلاف کیا گیا ہے۔

پہلی دلالت: عمداً کہنے والے کو مجبور پر قیاس کرنا، اور یہ کہنا کہ اکراہ کی شرط بے فائدہ چیز ہے، مثلاً تثلیث کا عقیدہ رکھنے والے کا عیسائی ہونا، اور یہ دلیل بہت کمزور ہے۔ ایسی دلیلیں ظنی فروع میں قابل قبول نہیں۔

دوسری دلالت: ﴿وَلَٰكِن مَّن شَرَحَ بِٱلۡكُفۡرِ صَدۡرٗا﴾ (النحل:۱۰۶) کا عمومی مفہوم و مطلب ہے اس آیت کے لفظی معنی میں تو دلیل بن ہی نہیں سکتی اور اگر مفہوم مخالف سے دلیل لیتے ہیں تو مفہوم مخالف کے دلیل ظنی ہونے میں اختلاف ہے البتہ اس پر سب کا اتفاق ہے کہ مفہوم مخالف قطعی دلیل نہیں بن سکتا، پھر اثبات عموم میں بھی خلاف ہے۔ ان کی یہاں دلالت عام معنی سے ہے جو کہ پہلی دلیل سے بھی کمزور ہے۔

☆ ابن قدامہ المقدسی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب (المغنی: ۸/۱۵۱) میں کہتے ہیں: جادو سیکھنا اور سکھانا حرام ہے۔ ہم نہیں جانتے کہ اس میں اہل علم کا اختلاف ہو۔ ہمارے ساتھی کہتے ہیں 'جادوگر جادو سیکھنے اور کرنے سے کافر ہو جاتا ہے چاہے اس کو حرام سمجھے یا حلال۔

☆ اور کتاب (الحاوی للفتاوی) میں ہے جس نے زبان سے اپنی مرضی سے کلمۂ کفر کہا اور اس کا دل ایمان پر مطمئن تھا وہ کافر ہوا، اللہ کے ہاں مؤمن نہیں۔ یہ بات شیخ الاسلام رحمۃ اللہ علیہ کے اس قول کے موافقت رکھتی ہے جو انہوں نے سورہ نحل کی تفسیر میں کہی ہے۔

☆ شیخ محمد بن عبد الوہاب رحمۃ اللہ علیہ کتاب (کشف شبہات ص:۲۲) میں ان لوگوں پر ردّ کرنے کے بعد جو کہتے ہیں کہ کفر صرف تکذیب اور انکار ہے فرماتے ہیں پھر اس باب کا کیا مطلب کہ کفر صرف تکذیب اور انکار سے ہی واقع ہوتا ہے، کہتے ہیں 'پھر اس باب کا کیا مطلب ہوا جو ہر مذہب کے علماء نے باندھا ہے؟ (باب حکم المرتد) اور وہ مرتد ایسا مسلمان ہوتا ہے جو اسلام لانے کے بعد کافر ہو جاتا ہے۔ پھر بہت ساری اقسام ذکر کیں، ان میں سے

ہر قسم کافر کرتی ہے،اور آدمی کا مال اور خون (کافر ہونے کی وجہ سے) حلال کرتی ہے۔یہاں تک کہ علماء نے چھوٹی چیزیں بھی ذکر کیں جو کہ کی جاتی ہیں۔جیسا کہ وہ بات جو دل کے علاوہ صرف زبان سے کہی جائے۔یا وہ بات جو صرف مذاق یا کھیل کھیل میں کہی جائے۔اور ایسے لوگوں کے بارے میں کہا جائے گا جن کے بارے میں اللہ نے کہا:

يَحْلِفُونَ بِاللَّهِ مَا قَالُوا وَلَقَدْ قَالُوا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُوا بَعْدَ إِسْلَامِهِمْ.(التوبۃ:۷۴)

”اللہ کی قسم کھاتے ہیں کہ ہم نے نہیں کہا حالانکہ انھوں نے کلمۂ کفر کہا اور اسلام لانے کے بعد کافر ہوئے۔“

کیا آپ نے نہیں سنا کہ اللہ نے ان کی بات کی وجہ سے انہیں کافر کہا باوجود اس کے کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں تھے اور آپ کے ساتھ جہاد میں شریک تھے ان کے ساتھ نماز پڑھتے تھے زکاۃ دیتے تھے حج کرتے تھے اور توحید پر تھے ؟اسی طرح وہ لوگ جن کے بارے میں اللہ نے کہا کہ:

وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ لَيَقُولُنَّ إِنَّمَا كُنَّا نَخُوضُ وَنَلْعَبُ قُلْ أَبِاللَّهِ وَآيَاتِهِ وَرَسُولِهِ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِئُونَ ○ لَا تَعْتَذِرُوا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ إِيمَانِكُمْ.(التوبۃ: ۶۵-۶۶)

”(اے محمد ﷺ) کہہ دیجئے کیا تم اللہ اور اس کی آیات اور اس کے رسول سے مذاق کرتے تھے؟اب معذرت نہ کرو تحقیق تم ایمان لانے کے بعد کافر ہو گئے۔“

تو یہ وہ لوگ ہیں جن کے بارے میں اللہ نے صراحت سے کہا ہے کہ انھوں نے ایمان کے بعد کفر کیا باجود اس کے کہ وہ غزوہ تبوک میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے ،انھوں نے ایسی بات کہی تھی جس کے بارے میں انھوں نے اقرار کیا تھا کہ اسے انھوں نے مزاح کے طور پر کہا ہے۔اور آپ نے کتاب (الشبہات:۲۹) پر فرمایا”ہر مسلمان پر لازم ہے کہ قرآن کی ان دو آیتوں کو سمجھے ،پہلی آیت جو اوپر گزری ہے۔﴿لَا تَعْتَذِرُوا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ إِيمَانِكُمْ﴾(التوبۃ:۶۶) پس جب یہ ثابت ہو گیا کہ بعض لوگ جنھوں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غزوہ روم میں شرکت کی ،وہ اس کلمۂ کفر کی وجہ سے کافر ہو گئے جو انھوں نے مذاق اور کھیل میں کہا، آپ پر واضح ہو گیا کہ جو کفریہ بات کہے گا یا کفر پر نقص مال یا عزت کی وجہ سے عمل کرے گا ،یا کسی کی دلجوئی کی وجہ سے کرے گا یہ بات اس سے بہت بڑی ہے کہ کوئی مذاق میں (کفریہ کلمہ) کہے۔

دوسری آیت اللہ کا فرمان ہے:

مَنْ كَفَرَ بِاللَّهِ مِنْ بَعْدِ إِيمَانِهِ إِلا مَنْ أُكْرِهَ وَقَلْبُهُ مُطْمَئِنٌّ بِالإِيمَانِ وَلَكِنْ مَنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا.. (النحل:١٠٦)

میں اللہ نے کسی کو بھی معذور نہیں کہا سوائے اس کے جس کا دل ایمان پر مطمئن تھا اور اسے مجبوراً کہنا پڑا، اس کے علاوہ کوئی بھی ہو وہ ایمان کے بعد کافر ہوا۔ چاہے اس نے خوف یا دلجوئی کی وجہ سے کیا ہو، یا اپنے وطن کی وجہ سے، یا اپنے اہل وعیال یا مال کی وجہ سے یا مذاق کے طور کیا ہو، یا اس کے علاوہ کوئی اور بات ہو، سوائے مجبور آدمی کے، آیت اس بات پر دو طرح سے دلالت کرتی ہے۔

1 یہ فرمان کہ: ﴿إِلَّا مَنْ أُكْرِهَ﴾ تو اس فرمان نے سوائے مجبور کے کسی کو مستثنیٰ نہیں کیا، اور یہ بات معلوم ہے کہ انسان صرف عمل یا بات پر مجبور کیا جاسکتا ہے، اور دلی عقیدے پر کسی کو مجبور نہیں کیا جاسکتا۔

2 آیت: ﴿ذَلِكَ بِأَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيَاةَ الدُّنْيَا عَلَى الآخِرَةِ﴾ (النحل:١٠٧)

"یہ اس وجہ سے کہ انھوں نے آخرت پر دنیاوی زندگی کو پسند کیا۔"

نے اس بات کی صراحت فرمادی کہ یہ کفر اور عذاب اس اعتقاد یا جہل کی وجہ سے نہیں تھا، یا دین کے لئے بغض اور کفر کے ساتھ محبت کی وجہ سے نہیں تھا، بلکہ یہ تو اس وجہ سے تھا کہ دنیاوی زندگی میں اُسے بہت آسائش نظر آئی اس لئے آخرت پر اُسے ترجیح دیا۔

☆ شیخ محمد بن عبد الوہاب رحمۃ اللہ علیہ کے پوتے سلیمان بن عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہما اپنی کتاب (التوضیح عن توحید الخلاق فی جواب اهل العراق ص:۴۲) پر مرتد کی شرعی لحاظ سے تعریف کرتے ہیں کہ: جو اسلام کے بعد زبانی یا اعتقادی یا عملی طور پر کافر ہو جائے اس کو مرتد کہتے ہیں اور (ص:۱۰۱) پر فرماتے ہیں: جس طرح کفر اعتقاد کے ذریعے ہوتا ہے اسی طرح قول کے ذریعے بھی ہو سکتا ہے۔ جیسے اللہ یا رسول یا دین کو گالی دینا یا ان کا مذاق اڑانا۔

اللہ نے فرمایا:

قُلْ أَبِاللَّهِ وَآيَاتِهِ وَرَسُولِهِ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِئُونَ ۝ لا تَعْتَذِرُوا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ إِيمَانِكُمْ. (التوبۃ: ٦٥-٦٦)

”(اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کہہ دیجئے کیا تم اللہ اور اس کی آیات اور اس کے رسول کا مذاق اڑاتے ہو اب معذرت نہ کرو تحقیق تم ایمان لانے کے بعد کفر کر چکے ہو۔“

حقیقت میں ہے بھی ایسا ہی۔ جیسے قرآنی اوراق کو گندگی میں ڈالنا اور غیر اللہ کو سجدہ کرنا وغیرہما یہ ان دونوں میں اگرچہ عقیدہ موجود ہے مگر قول اور فعل ان کی ظاہری صورت میں غالب ہیں۔

شیخ رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب (الدلائل) میں فرماتے ہیں۔ تحقیق علماء کا اس بات پر اجماع ہے کہ جس نے کفریہ بات مذاق میں بھی کہی وہ کافر ہو گیا۔

☆ شیخ حمد بن علی بن عتیق رحمۃ اللہ علیہ ان کے ردّ میں فرماتے ہیں جو یہ کہتے ہیں کہ جو کفریہ بات کہے وہ کافر نہیں ہوتا سوائے اس کے کہ وہ اس کا اعتقاد بھی رکھے اور اس کے لئے رضامند بھی ہو اور اس پر اس کا نفس مطمئن ہو اللہ تجھے برباد کرے اے حیوان اگر تو یہ سمجھتا ہے کہ وہ اس شرح صدر کے بغیر کافر نہیں ہو گا تو پھر کوئی اس بات پر قدرت رکھتا ہے کہ کسی کو عقیدہ بدلنے پر مجبور کر سکے اور اس کا سینہ کفر کیلئے کھول دے (سورۃ النحل کی آیت کی طرف اشارہ فرماتے ہیں) اور عنقریب ہم بیان کریں گے کہ یہ آیت اس کے کفر پر دلیل ہے جس نے کفر کہا یا کیا چاہے باطن میں اُسے ناپسند ہی کیوں نہ کرتا ہو اگر وہ مجبور نہیں، اور اگر اس نے اپنا سینہ کفر کیلئے کھول دیا اور اس کا نفس اس پر خوش رہا تو یہ تو مطلق کافر ہے چاہے وہ مجبور ہو یا نہ ہو۔(رسالۃ الدفاع اہل السنۃ والاتباع ص:۴۸حمد بن عتیق رحمۃ اللہ علیہ کے مجموعات رسائل میں سے ۔نشر دارالهدایۃ۔الریاض سعودی عرب)

اور اسی قول کو باطل کرتے ہوئے کہتے ہیں 'اور یہ عقل صریح، نقل صحیح اور مؤمنوں کے راستے پر چلنے کی مخالفت ہے ۔اللہ کی کتاب نبی کی سنت اور امت کا اجماع اس بات پر متفق ہیں کہ جس نے کفر کہا یا کیا وہ کافر ہوا۔ اور اس میں اشراحِ صدر کی شرط نہیں، اور اس میں سے صرف مجبور آدمی مستثنیٰ ہے، اور جس نے اپنا سینہ اس کے لئے وسیع کر دیا یعنی کھول دیا اور اس کا نفس اس پر خوش اور راضی ہوا تو ایسا آدمی کافر ہے اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا دشمن ہے۔ چاہے وہ زبان سے نہ کہے اور عملی طور پر نہ کرے۔(ص:۵۹)

☆ شیخ عبدالرحمان بن حسن بن الشیخ محمد بن عبدالوہاب رحمہم اللہ کتاب(الدررالسنیۃ جزء مختصرات الردود ص:۲۱۴) میں فرماتے ہیں:”اسی طرح فقہاء نے مرتد کے حکم میں ذکر کیا ہے کہ آدمی قول یا عمل سے

کافر ہو جاتا ہے اگر چہ وہ کلمہ ٔ توحید پڑھتا ہو اور نماز روزہ رکھتا ہو اور صدقہ کرتا ہو وہ مرتد ہو گا۔ اس کے اعمال اس قول اور عمل کی وجہ سے ضائع ہو جائیں گے۔ خصوصاً اگر وہ اسی حالت پر مر گیا۔ تو اجماعاً اس کے اعمال ضائع ہوں گے"۔

☆ القنائی (حقیقۃ الایمان ص:۹۰) پر لکھتے ہیں: 'پھر ان لوگوں نے بغیر کسی معتبر دلیل کے کہا ہے کہ مسلمان جتنے بھی اعمال کر لے ان سے وہ کافر نہیں ہوتا جب تک اس کا اعتقاد صحیح ہے' یہ قاعدہ یا اصول انھوں نے تمام اعمال میں یکساں جاری رکھا ہے۔ انھوں نے کفریہ اور گناہ والے اعمال میں کوئی فرق نہیں رکھا۔ اور عقیدہ کے خراب ہونے کو انھوں نے کفر کی شرط کہا ہے۔ چاہے وہ اعمال کسی بھی طرح کے ہوں، سچ تو یہ ہے کہ اس مسئلہ میں تفصیلی کلام کی ضرورت ہے۔ مسلمان کو چاہیے کہ ہر وہ ایسے اعمال جن کے کرنے سے آدمی کافر ہو اور ایسے اعمال جو صرف گناہ ہیں ان میں فرق ملحوظ رکھے بغیر کسی عذر کے ایسے اعمال کا ارتکاب جو صریحاً ملت سے خارج کرنے والے ہوں۔ یہ اس بات کی نشان دہی کرتے ہیں کہ ان اعمال کے مرتکب کا اعتقاد خراب ہے چاہے وہ اس کا اقرار نہ بھی کرے۔ یا چاہے وہ اس کا ارادہ بھی نہ کرے۔ شریعت کے اعتبار سے ان اعمال ہی سے ظاہر و باطن کے باہمی ربط کا پتہ چلتا ہے (اگر عمل غلط ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ عقیدہ بھی غلط ہے اب غلط عقیدے کا اظہار زبان سے کرنا ضروری نہیں غلط عمل نے اس کی نشان دہی کر دی ہے)

آپ غور کیجئے! اس میں اور قول مرجئہ میں کیا فرق ہے؟ یہاں حکم لگایا جارہا ہے اور مرجئہ اس (فسادِ اعتقاد) کو مقید کرتے ہیں اور کفر کی شرط کہتے ہیں۔ اور یہاں فسادِ عقیدہ کا ذکر کیا گیا ہے۔ اور علماء اس میں تصدیق میں اضافہ کیلئے عملِ قلب کو داخل کرتے ہیں۔ جبکہ مرجئہ اسے صرف فسادِ تصدیق کہتے ہیں۔ جو ان کے نزدیک انکار اور تکذیب کا نام ہے۔ یہ ایک تفصیل طلب مسئلہ ہے۔ اگر ہم اسی کے بارے میں لکھیں تو بات بہت طویل ہو جائے گی اور یہ اوراق اس کے لئے ناکافی ہوں گے۔ یہ معاملہ اہل علم کی کتابوں میں بہت مشہور و معروف ہے اور میں نہیں سمجھتا کہ نئے لوگوں سے کچھ پوشیدہ ہے۔ لیکن یہ تعصب ہے اور خواہشات اسے اندھا اور بہرا نہ کر دیں۔

☆ مثال کے طور پر احناف (اس بات سے قطع نظر کہ وہ جمہور علماء کے برعکس عمل کو ایمان کی تعریف میں داخل نہیں سمجھتے) بہت ساری ایسی چیزیں جو آدمی اپنی زبان سے کہتا اور اعضاء سے کرتا ہے کی وجہ سے اس کو

کافر کہتے ہیں: جیسے کوئی عیسائیوں کی مذہبی نشانی جینؤ (زنار) باندھے یا مجوس کے تہوار جشن نوروز والے دن اُسے انڈہ ہدیہ کرے۔ یا اللہ کا کلام اپنی بات کے بدلے استعمال کرے جیسے کوئی لوگوں کے اجتماع کیلئے کہے:

فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا. (الکہف:۹۹)

''ہم نے ان سب کو اکھٹا کر دیا۔''

یا مالی جھگڑے میں اس کو یوں کہا جائے کہ 'لاحول ولا قوۃ الا باللہ' تو وہ جواباً کہے 'میں لاحول کا کیا کروں گا؟ اس سے روٹی تو نہیں کھا سکتا یا یوں کہے کہ: چوری کی پلیٹ علم حاصل کرنے سے بہتر ہے۔ یا یہ کہے کہ: میں حاضر ہوں۔ اس آدمی کو جو اُسے کافر یا یہودی کہہ کر بلائے۔ یا وہ اپنے بچے سے کہے: اے یہودی کے بچے یا مجوسی کی اولاد یا کہے: عیسائی مسلمانوں سے بہتر ہیں۔ یا یہ کہے کہ: ہمارے زمانے کے حکمران عادل ہیں (جبکہ ہمارے حکمران ظالم و جابر ہوں تو ایسے میں وہ ظلم وزیادتی کو عدل کہہ رہا ہے) یا وہ کہے کہ: اگر فلاں جنت میں گیا تو میں داخل نہیں ہوں گا۔ ایسی اور بہت سی مثالیں ان کی کتابوں میں موجود ہیں۔ یہ لوگ اس باب میں سب سے زیادہ سوچ بچار کرنے والے ہیں۔ ان میں سے اکثر اقوال کو محمد بن اسماعیل الرشید الحنفی نے اپنی کتاب (البدر الرشید فی الالفاظ المکفرات) میں جمع کیا ہے جہاں اس مسئلے کی تفصیل ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

☆ شافعیہ کے یہاں بھی ایسی بہت سی مثالیں ہیں۔ تقی الدین ابو بکر بن محمد الحسینی الشافعی اپنی کتاب (کفایۃ الاخیار فی حل غایۃ الاختصار) میں ارتداد کے بارے میں لکھتے ہیں: وہ اسلام سے کفر کی طرف لوٹنے اور اسلام سے قطع تعلق کا نام ہے۔ کبھی یہ قول کے ذریعے ہوتا ہے کبھی فعل اور کبھی عقیدہ کے ذریعہ، اور ان تینوں اقسام کے مسائل ان گنت ہیں۔ جن میں سے چند اقوال اور افعال جو ہم نے آپ کیلئے احناف کے قول میں ذکر کیئے وہ اس کتاب میں بھی ہیں۔ ان اقوال میں سے یہ بھی ہے کہ: اگر مسلمانوں نے کسی عمل کو بالاتفاق کافروں کا عمل قرار دیا ہو تو اس عمل کا مرتکب کافر قرار پائے گا اگرچہ وہ خود کو مسلمان کہلاتا ہو کسی عمل کے متعلق مسلمانوں نے اجماع کیا ہو کہ کافر کے علاوہ یہ عمل کسی اور سے صادر نہیں ہوتا تو اس عمل کا مرتکب کافر قرار پائے گا اگرچہ جیسے صلیب کو سجدہ یا عیسائیوں کے گرجاگھر میں جانا اور ان گرجاگھر والوں کے ساتھ ان کے لباس میں جیسا زنار وغیرہ یہ سب کافر کر دیتے ہیں۔

☆ ابن حجر ہیثمی الشافعی رحمۃ اللہ علیہ نے مکفرات کے موضوع پر ایک کتاب لکھی جس کا نام (اعلام بقواطع الاسلام) ہے۔ اس میں انھوں نے اس بارے میں مذہب شافعیہ سے بہت کچھ ذکر کیا ہے۔ اور مالکیہ حنابلہ اور حنفیہ کے بھی بہت سے اقوال نقل کیے ہیں۔

رحمۃ اللہ علیہ مالکیہ میں سے قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب (الشفا بتعریف حقوق المصطفی) کے آخر میں بہت سے الفاظِ مکفرہ ذکر کیے ہیں اور ان پر اجماع نقل کیا ہے۔ اسی طرح حنابلہ نے بھی مرتد کے حکم میں بہت سے ابواب لکھے ہیں۔ جو اس مرتد کے اقوال اور افعال کے نتیجے میں اُسے کافر کا حکم دیتے ہیں اس بارے میں کتاب (الاقناع) اور اس کی شرح کا مطالعہ کیجئے جس میں نواقضِ اسلام اور حکمِ مرتد کے بارے میں بحث ہے۔ اس میں ایسے ۴۰۰ سے زیادہ اقوال وافعال کا تذکرہ ہے جن سے اسلام ٹوٹ جاتا ہے اور ان کا مرتکب مرتد قرار پاتا ہے۔

شبہات

☆ یہ مرجئہ شریعت سازی کرنے والے طاغوتوں کے دفاع میں کفر دون کفر کے جملہ سے استدلال کرتے ہیں (یعنی کم تر درجے کا کفر)۔

جب آپ اوپر گزری باتیں سمجھ چکے اور جان گئے کہ کفر قولی اور عملی بھی ہوتا ہے اور اس کا کرنے والا ملتِ اسلامیہ سے خارج ہو جاتا ہے تو یہ بھی جان لے کہ ان لوگوں نے یعنی مرجئہ عصر نے اس مسئلے کو پیچیدہ بنادیا اسے الجھادیا ہے تاکہ وہ (مرجئہ) اس زمانے کے ان طاغوتی حکمرانوں کے لیے پیوندکاری کر سکیں (ان کے لیے ان طاغوتی حکمرانوں کے پیوندکاری کر سکیں (ان کے لیے جواز پیدا کر سکیں) جو اللہ کے مقابلے میں ایسے قوانین بنارہے ہیں جن کا اللہ نے اذن واجازت نہیں دیا، اور تاکہ وہ (مرجئہ) ان (حکمرانوں) کے منکر جرم کو معمولی دکھائیں وہ (اس ذریعہ سے) طاغوتی حکمرانوں کے لیے اس بات کا جواز پیدا کر سکیں کہ وہ اپنی خود ساختہ شریعت اور قوانین بنائیں جس کی اللہ کی طرف سے اجازت نہیں ہے۔ اور تاکہ اپنے اس مکروہ جرم کو معمولی دکھائیں اور اُسے کفر کے بجائے گناہ کے باب میں کر دیں اور ایسے اعمال میں سے قرار دیں جو ایمان کیلئے نقیض اور اُسے منہدم کرنے والے نہیں۔

وہ ایسے لوگوں کو اسلام پر سمجھتے ہیں۔ (یعنی جب تم مرجئہ ان طاغوت حکام کو مسلمان سمجھو گے) پھر اس کے نتیجے میں ان کے لیے موالات جو دوستی اور محبت ثابت ہوں گے ان پہ بات کرتے جاؤ (اس کی کوئی حد نہیں ہوگی)، (اور ان طاغوتوں کو مسلمان سمجھنے سے یہ نتیجہ بھی نکلے گا) کہ ان کے مال، جان اور عزت حرام ہو جائیں گے ان کی مدد ان کی تائید اور ان کو غالب کرنے کی کوشش واجب ہو جائے گی اس سے بڑھ کر یہ کہ جو لوگ ان طاغوتوں کو کافر کہتے ہیں ان کے ساتھ ٹکر ان کی (اطاعت) کے پھینکنے کی ان سے ان کے فوجیوں سے ان کے مددگاروں سے اور ان کی جماعت سے براءت کی دعوت دیتے ہیں تو یہ مرجئۃ العصر ان کو خوارج کہتے ہیں۔

اس ساری بات پر ان کی دلیل وہ قول ہے جو عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے خوارج کے ردّ میں منسوب کیا گیا ہے "وہ ایسا کفر نہیں جو تم سمجھتے ہو۔ وہ کفر ملتِ اسلامیہ سے نکالنے والا نہیں۔

وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ. (المائدۃ:۴۴)

''اور جو اللہ کے نازل کردہ احکامات پر فیصلہ نہ دے وہی لوگ کافر ہیں۔''

یہ کفر اس کفر سے کمتر ہے۔(کفر دون کفر) مناسب سمجھتا ہوں کہ ان کے شبہ کا ابطال اور اس قول سے استدلال کی تفصیل پیش کردوں سب سے پہلے ابن عباس رضی اللہ عنہ کے قول کے بارے میں محدثین کی آراء پیش کرتا ہوں۔اس کے بعد بیانِ حق کے لیے اس اثر پر فقہی بحث بھی کروں گا۔

☆ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے اس لفظ کے بارے میں سند حدیث کے لحاظ سے بیان۔

یہ روایت:(سفیان بن عیینۃ عن ہشام بن حجیر عن طاؤوس عن ابن عباس) کی سند سے روایت کی جاتی ہے کہ انہوں نے کہا''کہ وہ کفر نہیں جو تم سمجھتے ہو۔یہ کفر ملت سے خارج نہیں کرتا﴿ وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ. ﴾(المائدۃ:۴۴) کفر دون کفر ہے۔

☆ روایت کیا اس کو حاکم وغیرہ نے ہشام بن حجیر مکی کے طریق سے، ہشام بن حجیر کو ثقہ ائمہ نے ضعیف قرار دیا ہے۔اور اس کی اس روایت کی کسی نے پیروی نہیں کی۔

امام احمد رحمۃ اللہ علیہ ہشام کے بارے میں کہتے ہیں:'وہ قوی نہیں' اور کہا 'مکی ضعیف الحدیث ہے' اور یہ روایت کے لحاظ سے طعن ہے۔

یحییٰ بن سعید القطان رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اُسے ضعیف کہا ہے اور اس کی حدیث کو قبول نہیں کیا، اسے علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ نے ضعیف کہا اور عقیلی رحمۃ اللہ علیہ نے اُسے ضعفاء میں ذکر کیا ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی ضعفاء میں ذکر کیا۔

☆ ہشام رحمۃ اللہ علیہ دینی لحاظ سے صالح تھے۔اسی لئے ابن شبرمہ رحمۃ اللہ علیہ نے کہا''مکہ میں ان جیسا کوئی نہیں'' اور ابن معین رحمۃ اللہ علیہ نے کہا''صالح''[10] تھے یہ عبادت گزاری و دینداری کے لحاظ سے ہے۔دلیل اس کی یہ ہے کہ ابن معین رحمۃ اللہ علیہ نے دوسری جگہ خود ان کے بارے میں کہا کہ ''بہت ضعیف ہے''

ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے کہا''سچا آدمی ہے مگر وہمی ہے''۔

---

10 شاید ابن معین رحمۃ اللہ علیہ کا مقصد دین کی اصلاح ہو، اور یہ لفظ تضعیف کے الفاظ میں بھی ذکر ہوتا ہے ابن معین رحمۃ اللہ علیہ اور امام احمد رحمۃ اللہ علیہ اسے استعمال کرتے تھے۔ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ عبد الرحمان بن سلیمان بن عبد اللہ بن حنظلہ انصاری کے ترجمہ میں کہتے ہیں:'وہ بہت غلطی اور وہم کرتا تھا' احمد رحمۃ اللہ علیہ اور یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ نے اس میں یوں کہا 'صالح تھا' حوالہ کے لئے دیکھئے۔(مقدمۃ الفتح لابن حجر رحمۃ اللہ علیہ) اور (المجروحین لابن حبان رحمۃ اللہ علیہ)

میں کہتا ہوں شاید یہ ان کے اوہام میں سے ہو۔کیونکہ ایسا ہی قول ابن طاووس رحمۃ اللہ علیہ سے بھی مروی ہے تو شاید اُسے وہم ہوا ہو اور یہ قول ابن عباس t کی طرف منسوب کر دیا ہو علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا"سفیان کے خیال میں ہشام بن حجیر رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتابیں اس طرح نہیں لکھیں جس طرح دوسرے لکھتے ہیں۔(یعنی اُسے مکمل عبور نہیں تھا)اسی لئے وہ ہشام کیلئے معتبر نہیں رہیں"۔(معرفۃ الرجال:۲/ ۳۰۲)

☆ ہشام رحمۃ اللہ علیہ اہل مکہ میں سے تھے اور سفیان رحمۃ اللہ علیہ اہل مکہ کے بارے میں خوب جانتے تھے۔ عقیلی رحمۃ اللہ علیہ اپنی سند کے ساتھ ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں کہ انھوں نے کہا ہم ان (ہشام) سے صرف وہی بات لیتے تھے جو کسی اور کے پاس نہ ملتی'۔ثابت یہ ہوا کہ یہ روایت ہشام رحمۃ اللہ علیہ نے ذکر کی کیونکہ اسے ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ نے ہشام رحمۃ اللہ علیہ کے ذریعے روایت کیا۔ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ نے کہا 'ان کی حدیث لکھی جائے گی' یہ بھی تمریض اور تضعیف کے صیغے ہیں کیونکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ ان کی حدیث مستقل نہیں لی جائے گی بلکہ کسی اور روایت کی تائید میں لیجاسکتی ہے۔

☆ اسی لئے بخاری اور مسلم رحمہما اللہ نے ان سے صرف متابعت یا دوسری حدیث ملانے کے لئے روایت کرلی ہے اور اس (ہشام بن حجیر) کی احادیث صحیحین کی ان احادیث میں سے ہیں جن پر تنقید کی گئی ہے۔بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ان سے صرف ایک حدیث روایت کی وہ حدیث (سلیمان بن داوٗد علیہما السلام کی (لأطوفن الليلة على تسعين امرأة.......الحديث) اسے کفارۂ ایمان میں ہشام سے نقل کیا اور اس کی پیروی میں کتاب النکاح میں ابن طاووس رحمہما اللہ سے بھی روایت کیا۔اور یہ بات معلوم ہے کہ حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ کی عادت ہے کہ وہ فتح الباری کے مقدمہ میں ہر اس راوی کا دفاع کرتے ہیں جس پر ناحق کلام کیا گیا ہو۔اور اپنی معلومات کی حد تک اس کا دفاع کرتے ہیں مگر جس راوی کا ضعف واضح ہو چکا ہو (یعنی اس پر ناحق اعتراض نہ ہو بلکہ حقیقتاً وہ ضعیف ہو) اور بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی وہ روایت نہ لی ہو جس میں وہ راوی اکیلا روایت کرتا ہو بلکہ اس کی روایت کو صرف دیگر روایات کی تائید میں لاتا ہو تو ایسے راویوں کا دفاع ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ کبھی نہیں کرتے نہ اس طرح کا تکلف انھوں نے کیا ہے بلکہ اس کی روایات کو صرف صحیح احادیث کی متابعات وتائیدات میں ہی ذکر کرتے ہیں یہی معاملہ ہشام بن حجیر رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ ہے

﴿مقدمۃ فتح الباری﴾

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے بھی ان سے دو حدیثیں ذکر کی ہیں جو صرف متابعات میں سے ہیں۔اس سلسلے میں شیخ الہروی نے اپنی کتاب (خلاصۃ القول المفہم علی تراجم رجال الامام مسلم) میں تفصیلی گفتگو کی ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ گذشتہ باتوں سے ہمیں معلوم ہو گیا کہ جن لوگوں نے ہشام کو قوی (اور ثقہ) قرار دینے کی کوشش کی ہے صرف اس بنا پر کہ بخاری و مسلم رحمۃ اللہ علیہما نے اس (ہشام) سے روایت کیا ہے ان لوگوں کے پاس کوئی دلیل نہیں ہے۔کیونکہ ان دونوں اماموں نے مستقل طور پر ہشام سے کوئی روایت نہیں کی بلکہ متابعات میں ذکر کیا، اور یہ ہشام کی روایت کے ضعف کی دلیل ہے جب وہ روایت کرنے میں منفرد ہو۔

☆ اسی وجہ سے ہشام کو صرف متساہل علماء نے ثقہ کہا ہے جیسے کہ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ، وہ ثقہ قرار دینے میں بے پرواہ قسم کے ہیں اور ان کی طرح عجلی بھی متساہل ہیں۔معلم الیمانی کہتے ہیں: عجلی کی توثیق غور کرنے کے بعد پتہ چلا کہ وہ ابن حبان کی توثیق جیسی ہے بلکہ شاید اس سے بھی کچھ زیادہ۔(انوار الکاشف:۶۸)

البانی کہتے ہیں: 'عجلی توثیق میں تساہل برتنے میں مشہور ہیں جیسے ابن حبان لہٰذا ان کی توثیق اگر علماء نقد اور جرح کے مخالف ہوئی تو ردّ ہے' دیکھئے (سلسلۃ الصحیحۃ ص:۷/۶۳۳) ۔اسی طرح ابن سعد کی توثیق بھی (غیر مقبول ہے) کیونکہ ان کا اکثر مواد واقدی متروک سے لیا گیا ہے جیسا کہ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے مقدمہ فتح الباری میں عبدالرحمان بن شریح کے حالات زندگی میں ذکر کیا۔جب یہ حال ان کا (جیسے ابن حبان، عجلی اور ابن سعد) جنھوں نے اس (ہشام) کو ثقہ قرار دیا ہے تو یقیناً اس کے روایات میں ان کے ثقہ قرار دینے کے بعد بھی کوئی دلیل نہیں ہے۔پھر جب ان (ابن حبان اور عجلی) کی مخالفت کی ہے، اور پہاڑوں جیسے ائمہ اس (ہشام) کی تضعیف کے قائل ہیں جیسے امام احمد، ابن معین اور تضعیف بڑے بڑے ائمہ نے کی ہو جیسے امام احمد، ابن معین، یحیی بن سعید القطان، ابن مدینی اور دوسرے۔

خلاصہ کلام یہ کہ: ہشام ضعیف ہے، مستقل طور پر وہ حجت نہیں ہے جبکہ وہ اکیلا ہو اس کی روایات حجت نہیں ہو سکتیں، جی ہاں! وہ متابعات میں (حجت کے) لائق ہیں جیسا کہ تم جان چکے ہو مطلب یہ ہے کہ ہشام ایک ضعیف راوی ہے نہ یہ خود کوئی حجت ہے نہ اس کی روایت کوئی دلیل ہاں کوئی محدث جیسے بخاری و مسلم کوئی حدیث دوسرے راویوں سے روایت کرے پھر اس حدیث کی سندوں کو زیادہ کرنے کے لیے اس ہشام سے بھی روایت

کرے تو دوسری بات ہے۔ان کو دلیل بنانے والے ابن عباس رضی اللہ عنہ کی مذکورہ روایت کے ساتھ کوئی دوسری (حدیث) ذکر نہ کرسکے۔ اس لئے اس (ہشام) کی روایت کا ضعف ثابت ہو جاتا ہے۔ اور اس کی نسبت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی طرف غیر صحیح ہو جاتی ہے۔

بلکہ ابن جریر طبری رحمۃ اللہ علیہ نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے صحیح سند کے ساتھ اس آیت کی تفسیر میں دوسری روایت ذکر کی ہے۔

(ثنا الحسن بن يحي قال اخبرنا عبدالرزاق قال اخبرنا معمر عن ابن طاؤس عن ابيه قال سئل ابن عباس عن قوله تعالى: ﴿وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ﴾ (المائدة:۴۴) قال هي به كفر. قال ابن طاؤس: وليس كمن كفر بالله وملائكته ورسله)

"ابن جریر رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ: ابن عباس رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ اس آیت کے بارے میں: ﴿وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ﴾ (المائدة:۴۴) آپ نے کہا: اس کا مطلب کفر ہے، ابن طاؤس نے کہا: ویسا کفر نہیں جو اللہ اور اس کے فرشتوں اور اس کے رسولوں سے کوئی کرتا ہے۔"[11]

☆ اس قول اور اس طرح کے دیگر اقوال کی کیا حیثیت ہے؟

اس (چیز کا) بیان جس کے ساتھ اس قول اور اس طرح کے دیگر اقوال کا تعلق ہو یہ تنقیدات روایت کے لحاظ سے تھیں اب درایت کی رو سے اس قول کی حیثیت کیا ہے؟ اس بارے میں ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کا یہ قول اگر صحیح ہوا کیونکہ (ابن عباس رضی اللہ عنہ) کے علاوہ دوسروں سے اس معنی کے قریب (لفظ) صحیح ثابت ہو چکا ہے تو یہ خوارج پر ردّ ہے جنھوں نے حکمین اور علی و معاویہ رضی اللہ عنہم اور جو ان کے ساتھ دوسرے مسلم تھے ان کی تکفیر کا ارادہ کیا۔ صرف جھگڑنے اور حکومت کیلئے جو کہ ان کے درمیان خلافت اور صلح کے معاملہ میں جاری رہا۔ اور جو حکمین عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ اور ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے درمیان جاری رہا یہ حادثہ ان کے

---

11 میں کہتا ہوں: ایسی ہی روایت مسلم بن نصر نے (تعظیم قدر الصلاۃ: ص ۵۷۰) ذکر کی اس طریق پر جو کہ صحیح اور صریح ہے کہ ان کا بیان ہے کہ 'اور ﴿ان کا کفر﴾ ایسا نہیں جیسا کوئی اللہ سے کفر کرے .... ابن طاؤس کے قول سے لیا گیا ہے۔ اور یہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کا قول نہیں ہے جیسا کہ ظاہر روایت سے سمجھ میں آتا ہے۔ طبری کے نزدیک وہ روایت مجمل ہے۔ اور بعد والی روایت اس کا بیان ہے۔ یہ اس وقت ہے جب ہم فرض کر لیں کہ صحیح ہے۔ جبکہ بعض محدثین اسے سفیان کے عنعنہ کی وجہ سے ضعیف کہتے کیونکہ ان محدثین کے نزدیک سفیان مدلس راوی ہے۔ اور وہ شیخ ابی ایوب بن نور البرقوی کے ردّ سے لیا گیا ہے جو کہ انھوں نے ان لوگوں پر کیا جنھوں نے اس روایت کو صحیح کہا میں نے اسے یہاں بیان کرنا اچھا جانا جیسے کہ طالبِ حق کو زیادہ فائدہ (علمی) دینا، میں نے اس روایت کی تضعیف پر زیادہ توجہ نہیں دی کیونکہ مجھے معلوم ہے کہ اس کا معنی بعض سلف سے معلوم ہے بلکہ میری توجہ اس کے بعد آنے والے موضوع پر ہے۔

خروج کا پہلا سبب تھا۔ جیسا کہ مشہور ہے۔ تو انھوں نے کہا: 'تم نے لوگوں کو حاکم بنایا' ﴿وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ﴾[12] اس میں شک نہیں کہ وہ غلطی پر تھے اور گمراہ تھے۔

جبکہ یہ چیزیں جو صحابہ رضی اللہ عنہم میں واقع ہوئیں اگر ان چیزوں میں وہ ایک دوسرے پر ظلم بھی کر دیتے تب بھی وہ کفر نہ ہوتا (جو کہ ملت اسلامیہ سے خارج کرتا ہے)۔ اور علی رضی اللہ عنہ نے عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کو خوارج کی طرف اس بات میں مناظرہ کرنے کیلئے بھیجا۔ تو وہ ان کی طرف گئے انھوں (خوارج) نے ان (ابن عباس رضی اللہ عنہ) کے ساتھ گفتگو کا آغاز کیا۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: تم لوگ حکمین سے ناراض ہوئے جبکہ اللہ کا تو فرمان ہے:

فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا. (النساء:۳۵)

"پس بھیجو ایک حاکم اس (مرد) کے گھر والوں میں سے اور ایک حاکم اس (عورت) کے گھر والوں سے۔"

تو پھر امت محمدیہ کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے۔ انھوں نے کہا: اللہ نے جو فیصلہ لوگوں کیلئے اور اس میں غور کرنے کا حکم دیا تو وہ فیصلہ انہی کیلئے تھا اور جو فیصلہ کر کے اس نے نافذ کر دیا اس میں لوگوں کیلئے غور کرنے کی گنجائش نہیں۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ اللہ فرماتا ہے:

يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ. (المائدۃ:۹۵)

"اس کا فیصلہ تمہارا صاحبِ عدل کرے۔"

انھوں نے کہا: شکار اور کھیتی، عورت اور اس کے خاوند کے درمیان فیصلے کو تم مسلمانوں کے خون کے برابر کرتے ہو؟[13] کیا عمرو بن العاص (رضی اللہ عنہ) تمہارے نزدیک عادل ہیں اور کل تک وہ ہمارے ساتھ لڑتے تھے؟ اگر وہ عادل ہیں تو ہم عادل نہیں۔ اور تم نے اللہ کے کام میں بندوں سے فیصلہ لیا۔ اس سارے مناظرے کا مطلب یہ کہ اس کے بعد ان میں سے کچھ بندے حق کی طرف لوٹ آئے اور کچھ دوسرے گمراہی پر مصر رہے اور علی رضی اللہ عنہ کی فوج سے حکمین کے اس حادثے کے بعد الگ ہو گئے۔ اور وہی اصل خوارج ہیں مرجئۃ عصر نے

12

----

13 جب تحکیم کی تحریری دستاویز لوگوں کے سامنے پڑھ کر سنائی گئی اور اسے بلال کے بھائی عروہ بن حدیر نے سنا تو کہا 'کیا تم اللہ کے دین میں لوگوں کو حکم بناتے ہو﴿لا حکم الا اللہ﴾ اور اپنی تلوار نکالی، اور جس نے تحریر پڑھی تھی اس کی سواری کو مار دیا۔ یہ پہلی چیز تھی جس پر وہ خوارج بنے۔ حوالہ کیلئے دیکھئے۔ (الفرق بین الفرق) محکمۃ اولیٰ کے ذکر میں اور (البدایہ والنہایۃ:۷/۲۷۸) وغیرہ ہے۔

ابن عباس رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب اس قول اور اس جیسے بعض تابعین کے اقوال جیسے طاووس اور ان کے بیٹے اورابی مجلز وغیرہ۔ان کے اقوال خوارج سے متعلق تھے "پر اعتماد کیا اورانہی کے ساتھ چلتے رہے۔تاکہ اُسے جھوٹ اور بہتان بناکر اس سے استدلال کر سکیں جہاں اس سے استدلال ہوتا ہی نہیں۔ان کا کہنا یہ ہے کہ جس لفظ سے وہ لوگ حجت لیتے ہیں۔اس میں ابن عباس رضی اللہ عنہ کا قول جس میں انھوں نے خاص لوگوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا ایک خاص واقعے کے بارے میں "کہ یہ وہ کفر نہیں جس کی طرف جارہے ہو"تو یہ لفظ "جس کی طرف تم جارہے ہو"خوارج اوران کے زمانے کے اُن لوگوں جنھوں نے ان کی تابعداری کی۔جو کہ مشہور و معروف واقعہ کے ضمن میں ہے۔ابن عباس رضی اللہ عنہ کا قول آیت کی تفسیر میں نہیں بلکہ اس غلطی کے بارے میں ہے جو کہ خوارج نے کی تھی۔دلیل یہ کہ یہ آیت اصل میں اللہ کی شریعت کو بدلنے والے کفار کیلئے ہے۔وہ یہود ہوں یا اور لوگ اس کی تفصیل آگے آئے گی تو کیا یہ بات عقل میں آسکتی ہے ؟کہ ابن عباس t یا دوسرے اہل اسلام یہود یا دوسرے (کفار) کے اللہ کے حکم یا اللہ کے حدود کے بدلنے کے بارے میں کہیں کہ یہ: کفر دون کفر، یعنی کم تر درجہ کا کفر ہے ؟؟۔تو اس (رضی اللہ عنہ) کا یہ قول اب معلوم ہوا۔اگر وہ صحیح ہو۔خوارج کی اس باطل مراد کے بارے میں ہے جو وہ (سورہ مائدۃ کی آیت ۴۴) سے لینا چاہتے تھے اس کے آیت کے بیان یا اس تفسیر کے بارے میں نہیں ہے جو اس آیت کی اپنی تفسیر ہے۔جاگ جاؤ اور گمراہ لوگوں کے دھوکے میں نہ آؤ۔

علامہ احمد محمد شاکر السلفی رحمۃ اللہ علیہ عمدۃ التفسیر پر اپنی حواشی میں ان (کفر دون کفر جیسے) آثار کے بارے میں فرماتے ہیں کہ:

"یہ آثار جو ابن عباس رضی اللہ عنہ وغیرہ سے روایت ہیں۔ان اقوال میں سے ہیں جن کے ساتھ ہمارے زمانے کے گمراہ کرنے والے ،علم کے ساتھ نسبت رکھنے والے اور اس کے علاوہ دین کی جرأت کے ساتھ (مخالفت کرنے والے) کھیل رہے ہیں (اور) یہ لوگ ان اقوال کو بہانہ یا ان شرکی اور من گھڑت قوانین کے مباح ہونے کا ذریعہ بنارہے ہیں جو اسلامی ممالک پر لازم کر دیئے گئے ہیں۔(عمدۃ التفسیر:۴/۱۵۶)

شیخ احمد شاکر رحمۃ اللہ علیہ نے اسی جگہ ان جیسے آثار پر اپنے بھائی محمود شاکر رحمۃ اللہ علیہ کا حاشیہ نقل کیا ہے جن آثار میں ابو مجلز، جو کہ تابعی ہے۔اپنے زمانے کے بعض خوارج کے مباحثہ کرتے ہیں اور جنھیں طبری اپنے تفسیر کے (۰۱/۳۴۸) پر لائے ہیں (ان آثار میں دو پر حاشیہ لگاتے ہوئے شیخ محمود شاکر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

اللھم انی أبرأ الیك من الضلالۃ، وبعد، اے اللہ میں تیری طرف بھاگتے ہوئے گمراہی سے بری ہوں اور اس کے بعد (کہتا ہوں) کہ اہل شک اور فتنہ پرور لوگ جو ہمارے اس زمانے میں (بین الاقوامی امور پر) باتیں کرنے کے لیے (سب سے) آگے ہوتے ہیں اللہ کے نازل کردہ قوانین چھوڑنے میں (لوگوں کے) جان، مال اور عزت میں اللہ کے اس شریعت کے بغیر فیصلہ کرنے میں جو اس نے اپنی کتاب میں نازل کیا ہے اور اسلامی ممالک میں کفار کے قانون کو شریعت بنانے میں (یعنی کفار کے قانون کو اپنا قانون بنانے میں یہ فتنہ پرور) لوگ عذر ڈھونڈ رہے تھے حکمرانوں کے لیے (مگر) جب ان کو ان دو اقوال کا پتہ چلا تو ان اقوال کو ایک پختہ رائے بنالیا اور ان کے ذریعے انھوں نے (لوگوں) کے مال، جان اور عزت میں اللہ کے نازل کردہ قانون کے بغیر فیصلوں کو صحیح سمجھا ،اور (انھوں نے یہ بھی سمجھا) کہ عام فیصلوں میں اللہ کی شریعت کی مخالفت پر راضی ہونے سے اور ان پر عامل ہونے سے کوئی کافر نہیں ہوتا۔ اور ان آثار کی مناسبت شیخ نے یہ بتائی کہ وہ خوارج کے ساتھ مناظرے تھے۔ جنھوں نے اپنے زمانے کے حکمرانوں کو گناہوں کے سبب کافر کہنے کا ارادہ کر رکھا تھا۔ جو کہ کفر تک نہیں پہنچتے۔ پھر کہا: تو معلوم ہوا کہ اُن کا سوال اس چیز کے متعلق نہ تھا جس کو ہمارے زمانے کے مبتدعہ دلیل بنارہے ہیں۔ (یعنی ان سلف کا سوال) ان فیصلوں کے متعلق نہیں تھا جو اموال، اعراض اور خون بہا کے بارے میں ایسے قانون کے ساتھ کئے جاتے ہیں جو اہل اسلام کی شریعت کے مخالف ہے۔ اور نہ (ان کا سوال) کسی ایسے قانون کے صادر کرنے کے متعلق تھا جو اہل اسلام پر لازم کرتا ہو کہ وہ (ضرور) کسی ایسے قانون کے پاس اپنے فیصلے لے جائیں جو اس قانون کے مخالف ہو جو قانون اللہ کی کتاب میں (لکھا ہوا) ہے اور اس کے نبی ﷺ کی زبان سے (بیان ہوا ہے)۔ یہ فعل اللہ کے حکم سے منہ موڑنا ہے۔ اور اس کے دین سے بے رغبت ہونا ہے۔ اور اہلِ کفر کے احکام کو اللہ کے حکم پر اہمیت دینا۔ یہ کفر ہے اور اس میں اہلِ قبلہ میں سے کسی کو شک نہیں اگرچہ ان کا (یعنی اہل قبلہ کا جن میں مرجئہ بھی ہیں) اس کے قائل اور اس کی طرف دعوت دینے والے کی تکفیر میں اختلاف ہے ۔ تو جب ان سب کو وہ منصف شخص جان جائے جس کو حق کی طلب کی توفیق دی گئی ہے اور وہ ابن عباس رضی اللہ عنہ وغیرہ سلف کی طرف منسوب اقوال کا تعلق کا فہم حاصل کرے اس واقعے کو معلوم کرے جس کے بارے میں یہ اقوال کہے گئے تھے، اس قوم کی حالت کو بھی معلوم کرے جس کے بارے میں یہ اقوال کہے گئے تھے اور اس قوم کے ان اقوال کو بھی معلوم کرے جن کے ردّ میں ابن عباس رضی اللہ عنہ یا دوسرے سلف نے یہ اقوال کہے تھے

پھر وہ بصیرت کی نگاہ سے دیکھے ان حالات کو جن میں کہ آج ہم ہیں جیسے اللہ کے ساتھ ایسا قانون بنانا جس کی اللہ نے اجازت نہیں دی اور اللہ کے پاک احکام، تشریعات اور حدود کو انسانوں کے ادنیٰ معمولی اور اپنے بنائے ہوئے قوانین اور خواہشات سے بدل دینا۔ یہ صرف گمراہ اور فتنہ پرور لوگوں نے ایک قول کو ایسے عمل کیلئے دلیل بنالیا ہے جس کا اس دلیل سے تعلق نہیں ہے۔[14]

تو وہ اس بڑے دھوکے اور واضح گمراہی کے نقصان کو جان جائے گا جو کہ مرجئۃ العصر کا مشن ہے کہ وہ سلف کے ان اقوال کو (آج) ایسے واقع پر منطبق کرتے ہیں کہ یہ واقعہ بالکل مختلف ہے اس واقعے سے جس میں (سلف کے یہ اقوال) کہے گئے تھے اور یہ صرف اس لیے (یہ مرجئہ) کر رہے ہیں کہ اس سے وہ اس زمانے کے بڑے جرم (ایمان بالطاغوت) اور مجرموں (یعنی طواغیت) کا دفاع کریں۔ کیا خوارج نے علی اور معاویہ رضی اللہ عنہما و دیگر صحابہ رضی اللہ عنہم پر یہ اعتراض کیا تھا کہ علی و معاویہ رضی اللہ عنہما و دیگر صحابہ رضی اللہ عنہم خود کو شریعت ساز کہتے ہیں؟ یا انہوں نے کفریہ دستور بنا رکھا تھا؟ جس کی رو سے وہ قانون بنانے کا حق شہزادے اور پارلیمنٹ کو ہو جیسا کہ دستور میں لکھا ہوا ہے یہی بات کویت کے دستور نمبر ۵۱ پر ہے اور اس کے قریب قریب بات مصر کے دستور نمبر ۶۸ پر لکھی ہوئی ہے اس طرح دیکھو اردن کا دستور آرٹیکل ۲۵۔ ہر گز نہیں وہ ہستیاں اس قسم کے الزامات سے پاک تھیں یہ خرابیاں تو موجودہ مسلم حکمرانوں میں در آئی ہیں۔ اس زمانے کے تو مرجئہ بھی اس قسم کی خرابیوں سے پاک تھے اسی کے ساتھ کیا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی اپنی رعایا کے فیصلے اور ان کی رغبات اور خواہشات کے موافق شریعت میں تبدیلی کی؟ کیا اللہ کی شریعت کو قوانین وضعیہ کے ذریعے بدل ڈالا؟۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تو کیا اس زمانے کے کم عقل لوگ بھی اس طرح کا کفر نہیں کرتے تھے نہ ہی اس وقت کے عوام ایسا کرتے تھے۔ ایسا ان کے بارے میں کیسے تصور کیا جاسکتا ہے۔ وہ تو وہ لوگ تھے جنھوں نے اپنے زمین تک خون سے رنگ لئے تا کہ اللہ کا دین اور عزت بلند ہو۔

---

[14] جبکہ اکثر سلف امام احمد رحمۃ اللہ علیہ جیسے اللہ کے اس قول کے بارے: ﴿وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ﴾ (المائدۃ: ۴۴) صحابہ رضی اللہ عنہم اور تابعین رحمۃ اللہ علیہم کے اس آیت کے سے متعلق اقوال کو نقل کرتے ہیں، اور ان اقوال کے ذریعے تفسیر کرتے ہیں کیونکہ وہ اس کی حدود جانتے ہیں جس کے اندر یہ کی گئی ہے۔ تو وہ لوگ ان اقوال کا اقرار کرتے ہیں اور اس سے اس کی حدود کے اندر رہ کر استشہاد کرتے ہیں۔ تو یہ جائز نہیں کہ ان اقوال کو ان کی حدود کے علاوہ اور کہیں نقل یا استشہاد کیا جائے۔ کیونکہ یہ ان پر جھوٹ باندھنا اور وہ بات کہنا ہے جو انھوں نے کہی ہی نہیں۔ سوائے اس دلیل کہ جو ان کے کلام میں سے ہے۔ اس کے باوجود نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کوئی معصوم نہیں پس اگر کسی سے ایسی بات ہو جائے تو ہم یہی کہیں گے کہ " ہر ایک کی بات لی اور ردّ کی جاتی ہے سوائے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بات کے۔

ہم کہتے ہیں: اگر اس (صحابہ رضی اللہ عنہم کے) زمانے میں کوئی اس طرح (صریح طور پر وضعی قوانین بناتا اور صریح کفر) کرتا تو تشریع کے باب میں ﴿وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ﴾ جیسے غیر صریح نصوص سے خوارج ان کے خلاف استدلال نہ کرتے بلکہ ان دوسری آیات سے کرتے جن کی اپنی طرف سے شریعت بنانے والوں کے کفر پر دلالت قطعی ہے اور اس بات پر بھی ان کی دلالت یقینی ہے کہ ایسے لوگ طواغیت اورانھوں نے اپنے آپ کو ایسے ارباب من دون اللہ بنایا ہے جن کی عبادت کی جاتی ہے اور ان قطعی الدلالۃ آیات میں سے ایک یہ ہے۔اور وہ ان نصوص کو نہ چھوڑتے جو دلالت میں یعنی جو وضعی قوانین بنانے والوں کے تکفیر میں قطعی ہیں یقینی ہیں۔

جیسا کہ اللہ کا فرمان ہے:

﴿وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ﴾(المائدۃ:۴۴)

اور دوسرے نصوصِ صریحہ اور مشرعین کے کافر ہونے اور طواغیت ہونے اور اللہ کے علاوہ رب جن کی عبادت کی جاتی ہے پر قطعی دلائل کو چھوڑ دیا۔[15]

جیسا کہ فرمان ہے:

وَإِنْ أَطَعْتُمُوهُمْ إِنَّكُمْ لَمُشْرِكُونَ.(الانعام:۱۲۱)

"اگر تم ان کی بات مانو گے تو یقیناً تم بھی مشرک ہو جاؤ گے"

اور یہ فرمان کہ:

أَمْ لَهُمْ شُرَكَاءُ شَرَعُوا لَهُمْ مِنَ الدِّينِ مَا لَمْ يَأْذَنْ بِهِ.(الشوریٰ:۲۱)

"یا یہ کہ ان کے شرکاء نے ان کیلئے اللہ کے حکم کے بغیر کوئی دینی شریعت بنالی ہے۔"

اور یہ فرمان کہ:

وَلَا يُشْرِكُ فِي حُكْمِهِ أَحَدًا.(الکہف:۲۶)

"اس کے حکم اور قانون میں کسی کو شریک نہ کیا جائے۔"

---

15 قطعی دلالت کی نص: اس سے مراد ہے کہ جس کا معنی فہم متعین پر دلالت کرے اور اس میں تاویل کی گنجائش نہیں۔اور دوسرے معنی کی گنجائش نہیں۔اور ظنی دلالت: مراد یہ کہ اس میں دلالت معنی تو ہوں مگر اس میں تأویل اور معنی کے تبدیل ہونے کی گنجائش رہتی ہے۔

اور دوسری آیات۔ کہ یہ ان آیات میں سے ہیں جو ایسے لوگوں پر مخفی نہیں رہ سکتی تھیں (یعنی خوارج پر) جن کے قراءت (اور قرآن کے حفظ) کے سامنے صحابہ رضی اللہ عنہم بھی اپنی قراءت (اور حفظ) کو حقیر سمجھتے تھے۔ یا اللہ کا یہ فرمان کہ:

وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ. (آل عمرآن:۶۴)

"اور ہم ایک دوسرے کو اللہ کے سوا رب نہیں بنائیں گے۔"

اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ. (التوبۃ:۳۱)

"انھوں نے اپنے پادریوں اور مولویوں کو اللہ کے علاوہ رب بنالیا تھا۔"

اور دوسری آیات لیکن ان لوگوں نے ان میں سے کوئی آیت ذکر نہیں کی۔ کیونکہ ان آیات میں سے کوئی بھی ان کے اس واقعے پر پوری نہیں اترتی تھی اور ابن عباس رضی اللہ عنہ کیلئے یہ بات مناسب نہیں کہ یہ آیات ان سے پوشیدہ رہیں۔ اگر ان کا واقعہ (اپنی طرف سے بنائے ہوئے قانون) کے بارے میں ہوتا۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے اور وہ قرآن کے بہت بڑے عالم تھے اور اس آیت کے شان نزول کے راوی بھی۔

وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ اِنَّكُمْ لَمُشْرِكُوْنَ. (الانعام:۱۲۱)

"اگر تم نے ان کا کہامان لیا تو تم مشرک ہو جاؤ گے"

حاکم نے صحیح سند کے ساتھ روایت کیا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا 'بے شک مشرکین میں سے کچھ لوگ مسلمانوں سے ذبح اور تحریم مردار کے بارے میں جھگڑا کرتے تھے اور کہتے تھے۔ "جسے تم نے مارا اُسے کھاتے ہو اور جسے اللہ نے مارا اُسے نہیں کھاتے"

اللہ نے فرمایا:

وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ اِنَّكُمْ لَمُشْرِكُوْنَ. (الانعام:۱۲۱)

"اگر تم ان کی باتوں میں آؤ گے تو یقیناً تم بھی مشرک ہو جاؤ گے"

(اس آیت سے) یہ ثابت ہوا کہ اپنی طرف سے شریعت بنانے والا اور اللہ کی شریعت کے علاوہ دوسری شریعت کی پیروی کرنے والا چاہے کسی ایک مسئلہ ہی میں کیوں نہ ہوں وہ مشرک اور کافر ہے۔ بر خلاف اس حاکم یا قاضی جائر کے جو نئی شریعت یا اللہ کے دین کے علاوہ کوئی دین نہیں گھڑتا۔[16]

اور نہ ہی اپنے یا کسی اور کو قانون بنانے کا حق دیتا ہے۔ پس وہ اللہ کے نازل کردہ کے بغیر فیصلہ کرتا ہے مطلب یہ کہ ظلم اور زیادتی اور خواہشات میں نہ کہ تشریع استبدال (یعنی شریعت کے "بدلے" کفری قانون اپنانا) کی نیت سے۔ ایسا آدمی اس سے زیادہ نہیں کہ وہ حاکم ظالم زیادتی کرنے والا ہے اور وہ کافر نہیں چاہے وہ اس جیسے سو بار فیصلے دیدے۔ جب تک اسے حلال نہ سمجھے۔

پس اگر ان کا حال یہ تھا تو پھر ابن عباس رضی اللہ عنہ اور نہ ہی دوسرے صحابہ رضی اللہ عنہم اس میں ذرہ برابر تردد کرتے ،ان کو ان کے اس کام کی وجہ سے کافر کہنے میں۔ جب کہ وہ اچھی طرح جانتے تھے اپنی طرف سے قانون بنانا اگرچہ ایک قضیہ یا ایک مسئلہ میں ہو مگر ہو ایسی چیز کے بارے میں (جس بارے میں) اللہ کے سوا کسی اور کے لیے (قانون بنانا) جائز نہ ہو اللہ کے ساتھ شرک اکبر ہے، کفر اکبر ہے ظلم اکبر ہے اور فسق اکبر ہے۔ بلکہ صرف کسی کیلئے حقِ تشریع کا دعویٰ کرنا (کسی امیر یا رئیس یا بادشاہ یا گروہ یا مجلس) کے لئے شرک اور کفر اکبر ہے چاہے وہ خود تشریع کرے یا نہ کرے۔ اور چاہے کوئی ان کی تشریع کی پیروی کرے یا نہ کرے۔ پس ظاہر ہوا کہ ان کا حال ہمارے حال سے مختلف تھا۔ اور ان کا فتنہ ہمارے فتنہ سے الگ تھا۔ پس آپ دونوں واقعات اور قضیات میں فرق کو سمجھیں اور اس خلط ملط اور تلبیس سے اجتناب کریں جو شیطان اور طواغیت کی خوشنودی کی طرف لے جانے والی ہیں۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

16 ایسا ہی معنی کی طرف ابو مجلز رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے قول میں اشارہ کیا 'وہ ان کا دین ہے جس پر وہ چلتے ہیں' اس کے خوارج کے مناظرہ میں۔ جس میں اُس نے اپنے زمانے کے امراء کی طرف اشارہ کیا جنھوں نے اللہ کے دین کے علاوہ شریعت نہ بنائی نہ ہی اسے تبدیل کیا اور نہ ہی قوانین بنائے بلکہ ان سے بعض غلطیاں سرزد ہوئیں جن پر خوارج نے انہیں کافر کہنا چاہا۔ اور اس بارے میں آپ ان کو دیکھئے جو اس فرمان کی تفسیر میں ہیں۔ ﴿وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ﴾ (المائدۃ:۴۴) تفسیر الطبری، اور محمود شاکر رحمۃ اللہ علیہما کی اس پر تعلیقات سے۔

☆ صحابی کے قول کی حجیت۔

پھر چلو میرے توحید کے بھائی کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ جو غیر معصوم بشر تھے خطا بھی کرتے تھے اور مصیب بھی ہوتے تھے۔ ان کی مراد ان کی طرف منسوب قول سے ہمارا یہی (وضعی قوانین والا) واقعہ ہے۔ اگرچہ یہ محال ہے کیوں کہ اس واقعے کی مثال اس وقت کے اسلامی مملکت میں نہیں ملتی (لیکن پھر بھی اگر ہم مان بھی لیں) تو وہ ایک غیر معصوم بشر تھے خطا بھی کرتے مصیب بھی ہوتے تھے۔ تو کیا ہم اللہ کے قول اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول کا ابن عباس رضی اللہ عنہ کے قول سے تصادم کریں گے۔ اور وہ بھی توحید کے مسائل میں سے ایک مسئلہ پر جس کیلئے تمام رسول مبعوث کئے گئے۔ اور وہ ہے کفر بالطاغوت، کلمۂ توحید کا نصف؟؟ اس سوال کا جواب علماء تو کیا طالب علم بھی دے سکتے ہیں اس میں شک نہیں کہ اس کا جواب۔ علم اور دعاۃ کی طرف منسوب (علماء) کو چھوڑیئے چھوٹے طلبا بھی جانتے ہیں۔ کہ ہمارے دین میں اللہ اور رسول کے قول کے علاوہ کوئی قول حجت نہیں ہے۔ کیا ابن عباس رضی اللہ عنہ خود یہ نہیں کہہ رہے ان لوگوں کے ردّ میں جو ابی بکر و عمر رضی اللہ عنہما کے فعل سے متعۃ الحج میں دلیل لیتے تھے۔ کہ ''عنقریب ہے کہ تم پر آسمان سے پتھر برسیں۔ میں کہتا ہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا اور تم کہتے ہو ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما نے کہا''۔

اور ہم پھر کہتے ہیں کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے یہ بعید ہے کہ وہ ملاوٹ کریں یا بوکھلا جائیں یا پھر اصولِ دین میں سے کسی اَصل کی مخالفت کریں جیسا کہ یہاں ہے۔ اور وہ ترجمان قرآن ہیں۔ لیکن مقصد یہ یاددہانی کرانا ہے کہ صحابی کا قول دین نہیں اور نہ ہی اختلاف کے وقت وہ اللہ کے دین [17] میں حجت ہے۔ پھر اس وقت کیا ہو گا جب یہ فرض کر لیا جائے کہ ان کا قول اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے قول کے مخالف ہے۔

ہم جو بار بار طواغیت کی طرف سے جھگڑا کرنے والے اس زمانے کے مرجئہ سے سنتے ہیں کہ وہ (طاغوتی قوانین کو) اللہ کے (قانون) پر مقدم کرتے ہیں اور اس بارے میں اللہ کے واضح کلام کی مخالفت کرتے کہ اپنی طرف سے شریعت بنانا یا کسی چیز کو حلال یا حرام کرنا شرک ہے اور مخلوق کو رب بنانا ہے اور اس کی دلیل (یہ

---

[17] سبب النزول میں صحابی کا قول اس قید سے مستثنیٰ ہے۔ کیونکہ وہاں اس کا قول مرفوع کے درجہ پر ہو گا۔ اور اسی طرح ہر وہ بات جو عقل سے نہ کہی جائے ۔ لیکن شرط یہ ہے کہ صحابی اسرائیلی روایات کو بہت زیادہ روایت کرنے والا نہ ہو۔

مرجئہ)ابن عباس رضی اللہ عنہما کی طرف منسوب قول سے دیتے ہیں۔تو اسی نے ہم کو مذکورہ بالا بدیہات کے ساتھ نصیحت کرنے پر مجبور کیا۔

☆ اس بیان میں کہ اگر حکم قانون سازی کے معنی میں ہو تو یہ ایسا کفر ہے کہ اس کے ساتھ کوئی استحلال اعتقاد وغیرہ کا قید نہیں ہے بلکہ یہ کفران قیود سے آزاد اور "مجرد" ہے برخلاف اس کے کہ اگر حکم سے مراد فیصلہ میں ناانصافی سے ہو تو اس میں تفصیل ہے اور آج کے طواغیت اور ان کے بندوں کا کفر پہلی قسم میں سے ہے۔

عبد اللہ بن احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب (السنۃ: ۱/ ۳۴۷) میں کہتے ہیں: "ہمیں سوید ابن سعید نے بیان کیا کہا ہم نے سفیان بن عیینہ نے ارجاء کے بارے میں سوال کیا: پس انھوں نے کہا: مرجئۃ کہتے ہیں ایمان قول ہے۔ اور ہم کہتے ہیں ایمان قول و عمل ہے اور مرجئۃ نے " لا الٰہ الا اللہ " کہنے والے پر جنت واجب کی چاہے وہ ترک فرائض پر دل سے اصرار کرے۔ انھوں نے ترک فرائض کو گناہ بمنزلہ محارم کے ارتکاب کا نام دیا۔ اور یہ برابر نہیں کیونکہ محارم کا ارتکاب کرنا بغیر استحلال کے معصیت ہے۔ اور فرائض کو جان بوجھ کر بغیر لاعلمی اور عذر کے ترک کرنا کفر ہے۔ (اُوپر جو باتیں ہوئیں) ان کی وضاحت آدم علیہ السلام ابلیس اور علماءِ یہود کے قصوں میں (موجود) ہے۔ آدم علیہ السلام کو اللہ نے جنت (کا پھل) کھانے سے منع کیا تھا اور اسے اس پر حرام کیا تھا مگر انھوں نے تعمداً کھالیا تاکہ وہ فرشتے یا وہ ہمیشہ رہنے والوں میں سے ہو جائیں تو بغیر کفر کے گناہگار کہلائے اور ابلیس لعین پر اللہ نے ایک سجدہ فرض کیا مگر اس نے جان بوجھ کر انکار کیا تو کافر کہلایا۔ اور علماء یہود نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی صفات جان لیں تھیں اور یہ کہ وہ نبی اور رسول ہیں بالکل اسی طرح جیسے وہ اپنے بیٹوں کو جانتے تھے۔ اس کا اقرار زبان سے انھوں نے کیا لیکن اس کی شریعت کی پیروی نہ کی تو اللہ نے انہیں کافر کہا پس محارم کے ارتکاب آدم علیہ السلام کے اور دوسرے انبیاء علیہم السلام کے گناہ جیسا ہے۔ اور فرائض کا انکار کر کے ترک کرنا کفر ہے جیسا کہ ابلیس ملعون نے کیا ۔ اور علم کے باوجود بغیر انکار کے ترک کرنا کفر ہے جیسا علماء یہود کا کفر تھا"۔

میں کہتا ہوں: کہ جب ترک فرائض اور مبانی جو کہ شعب ایمان میں سے ہیں کے بارے میں یہ اقوال ہیں تو پھر ترک بلکہ عدم فرائضِ عظمیٰ اور اصل اوراس کے بارے میں کیا قول ہو گا اور وہ کفر بالطاغوت اور تمام انواعِ عبادت کے ساتھ اللہ کی توحید ہے۔ اور یہاں ہماری مراد "شرع سازی میں اطاعت ہے"؟یعنی فرائض میں سب سے بڑا فرض یہ ہے کہ آدمی شریعت سازوں کا اور ان کی شریعت سازی کا انکار کرے، اور ان کی اطاعت کو کفر سمجھے۔

☆ یہ طواغیت اور ان کے پیروکار "لاالٰہ الااللہ" کہتے ہیں "لہٰذا انہیں کافر نہیں کہنا چاہیے"۔

اور ان لوگوں (یعنی مرجئۃ العصر) کا یہاں ایک اور شبہ بھی ہے جس کا تعلق اس سے پہلے شبھے سے ہے۔ جو انھوں نے اپنے شیوخ) یعنی (مرجئۃ الاوائل سے وراثت میں لیا ہے۔ اور وہ ہے ان کا بعض عمومی دلائل سے حجت لینا جو کہ نبی ﷺ سے ثابت ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو "لاالٰہ الااللہ" کہے وہ جنت میں داخل ہوا۔ یا اس کا مال اور خون حرام ہوا۔" اور جیسے اسامہ بن رضی اللہ عنہ کی حدیث کہ "کیا تو نے اسے قتل کیا بعد اس کے کہ اس نے کہالاالٰہ الااللہ) اور حدیث بطاقۃ وغیرہ۔

حق تو یہ ہے جس کو بھی اہل علم کی کتب کا علم ہے تو وہ جانتا ہے کہ ان کی کتابیں ان مسائل کے ردّ اور بیان میں بھری پڑی ہیں۔ اور یہاں کوئی چیز مانع نہیں کہ طالب حق کے لئے ان کے اقوال میں سے اس بارے میں موضوع کو مکمل کرنے کے لئے کچھ اقوال چنوں۔ اور سخت افسوس کے ساتھ (کہنا پڑتا ہے) کہ خاص طور پر میں نے ایسے بعض لوگوں کو بھی اس (شبہ) کے بارے میں خلط اور بے چینی کا شکار پایا جو لوگ طواغیت کی تکفیر کرتے ہیں، ان سے برائت کرتے ہیں اور ان کی طرف سے جھگڑا بھی نہیں کرتے۔[41]

وجہ یہ ہے کہ ان مسائل میں الجھنے اور پاگل پن سے۔ اور یہ جیسے ان کو تکفیر کی طرف منسوب کرنا اور اُن پر خوارج کے منہج کو اپنانے کی تہمت لگانا اور اسی طرح (ان) کو مختلف طریقوں سے فکری طور پر دہشت زدہ کرنا، (ان) کو روکنا اور (ان کو) ان شبہات میں مبتلا کرنا جو ہمیشہ جہمیہ اور مرجئہ استعمال کرتے رہتے ہیں۔ جو

41 مطلب یہ ہے کہ دوسرے لوگ اس شبھے کو نہ سمجھیں تو یہ کوئی افسوس کی بات نھیں مگر جو لوگ طواغیت کی تکفیر، ان سے براءت اور ان کی طرف سے جھگڑانہ کرنے کے بارے میں ہمارے ساتھ ہیں وہ اگر اس شبھے کے بارے میں جہالت کا شکار ہیں تو یہ پھر سخت افسوس کی بات ہو گی۔ مقبول ہنگو حفظہ اللہ۔

جھوٹ وبہتان سے اپنے آپ کو سلف کے طریقے کی طرف منسوب کرتے ہیں تاکہ وہ (اس نسبت کے ذریعے) طواغیت، ان کی حکومت اور ان کی کفری پارلیمنٹ کا دفاع کر سکیں۔ اس شبہ پر کلام اور اس کا بطلان علماء کے نزدیک بہت سے طریقوں سے ہے۔ سب سے اہم یہ کہ موحد آدمی کو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ شریعت تدریج کے ساتھ نازل ہوئی۔ اور یہ بات سب جانتے ہیں۔

امام ابو عبید القاسم بن السلَّام رحمۃ اللہ علیہ کتاب الایمان میں اس آیت کو ذکر کرنے کے بعد کہتے ہیں۔

فَإِنْ تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللَّهِ وَالرَّسُولِ إِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ذَٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا (النساء:۵۹)

''اگر تم کسی چیز میں جھگڑ بیٹھو تو اُسے اللہ اور رسول کی طرف پھیر دو اگر تم اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان رکھتے ہو۔ یہ خیر ہے اور بہتر ہے انجام کے لحاظ سے۔''

ہم نے اپنا معاملہ اس چیز کی طرف پھیر دیا جس پر اللہ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا ہے اور اس پر کتاب نازل کی ہے۔ تو ہم نے پایا کہ ایمان کی شروعات اس گواہی سے ہے کہ ''لا الٰہ الا اللہ وان محمداً رسول اللہ'' نبوت کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں دس یا کچھ زیادہ سال رہے اور خاص طور پر اسی کلمہ شہادت کی طرف بلاتے رہے اور اس کے علاوہ اس وقت دوسری چیز پر ایمان فرض نہ تھا جو ان چیزوں میں سے ہو جس کا حکم ابھی نازل نہیں ہوا تھا۔ تو جس نے اسے قبول کیا وہ مؤمن ہوا اس کے علاوہ اس کا کوئی نام نہ تھا۔ اور نہ ان پر زکاۃ روزہ اور نہ دوسرے شرائع دین فرض ہوئے تھے۔ تو صرف زبان سے اقرار کرنا ہی اس وقت ایمان فرض بنا دیا گیا اور وہ مکہ میں اقامت تک اسی پر تھے اور چند مہینے ہجرت [42] کے بعد مدینہ میں بھی تو جب لوگوں کا اسلام کی طرف پے

[42] اسی سے آپ پر مرجئہ کے شبہات میں سے ایک شبہ کا بطلان بھی واضح ہو گا۔ اور وہ ان کی اپنے طواغیت کے لئے حمایت ہے ان کا دعویٰ ہے کہ نجاشی نے اسلام لانے کے بعد اللہ کے نازل کردہ کے خلاف فیصلے کیے اس کے باجود نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو کافر نہیں کہا۔ بلکہ اس کے اسلام کی گواہی دی اور مرنے پر جنازہ پڑھا ﴿كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ أَفْوَاهِهِمْ إِنْ يَقُولُونَ إِلَّا كَذِبًا﴾ بہت بڑی بات ہے جو ان کے منہ سے نکلتی ہے اور وہ تو صرف جھوٹ ہی کہتے ہیں۔ بلکہ اس نے تو اس وقت اللہ کے نازل کردہ پر فیصلہ کیا اور اس وقت ان پر جو واجب تھا وہ کیا۔ اس وقت شریعت مکمل نہ تھی۔ تو استسلام اور انقیاد اور اقرار کلمۂ شہادت کا اور جو کچھ اس کے ضمن میں ہیں ان سے براءت کے جو اللہ کے علاوہ عبادت کئے جائیں وہی ایمان اور اتباع شریعت اور اللہ کے نازل کردہ پر حکم کرنا تھا یعنی اس وقت اللہ کے نازل کردہ احکام پر فیصلہ، ایمان اور شریعت کی اتباع لا الٰہ الا اللہ اور جن کی اللہ کے سوا عبادت کی جاتی ہے ان سے برائت کا اقرار، اور اپنے آپ کو اس (لا الہ الا اللہ) کے حوالے کرنا تھا۔ خاص طور پر جب آپ یہ بھی جانتے ہیں کہ نجاشی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اس وقت لکھا کہ آپ اللہ کے رسول ہیں میں گواہی دیتا ہوں اور تصدیق کرتا ہوں بلکہ اسلام پر ان کی بیعت کرتا ہوں۔ یہاں تک کہ بعض اہل حبشہ اس کی حکومت کے خلاف ہو گئے اس پر انھوں نے خروج کیا۔ اور وہ ان پر غالب آگیا اور حبشہ کا معاملہ اس کے کنٹرول میں آگیا اور اس کی قوم اس کے اسلام لانے کے برقرار رہنے پر راضی ہو گئی۔ اور راہبوں اور بڑوں نے اس کی پیروی کی دیکھئے (زادالمعاد: ۳/ ۶۲) پھر اسلام کے کچھ دیر بعد

درپے آنا شروع ہو گیا اور ان کی اس بارے میں رغبت اچھی ہو گئی تو اللہ نے ان کے ایمان میں اضافہ کیا اور ان کو نماز میں بیت المقدس سے خانہ کعبہ کی طرف پھیر دیا۔ پھر انہیں مدینہ میں پُرانے ایمان کے نام سے ہر اس چیز کے وقت پکارا جس میں ان کو حکم دیا گیا تھا یا منع کیا گیا تھا۔ ان کو اس نام سے صرف اقرار کرنے کی وجہ سے پکارا جب اس کے علاوہ کوئی فرائض نہیں تھے۔ اور جب اس کے بعد شرائع یعنی احکام نازل ہوئے تو ان کے اوپر یہ (احکام بھی) پہلے حکم (یعنی لا الٰہ الا اللہ) جیسے واجب ہوئے بالکل اسی طرح (لا الٰہ الا اللہ) جیسا ان دنوں میں کوئی فرق نہ تھا۔ کیونکہ وہ سب اللہ کی طرف سے تھے اور اس کے حکم سے تھے۔ تو اگر وہ تحویل قبلہ کے وقت انکار کر دیتے اس طرف نماز پڑھنے سے اور صرف اسی ایمان پر رہتے جو ان کا نام تھا اور جس قبلہ پر وہ تھے تو یہ ان کے کچھ بھی کام نہ آتا۔ اور اس میں ان کے اقرار کا باطل ہونا لازم آتا (یعنی اگر وہ کعبہ کی طرف پھیرنے سے انکار کرتے تو وہ اپنے آپ کو لا الٰہ الا اللہ کے دعوے میں جھوٹے قرار دیتے)۔ تو جب (لا الٰہ الا اللہ) ے اقرار کی طرح انھوں نے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز (کا حکم) بھی مانا اور اسے قبول کیا تو اس وقت یہ (کلمہ ونماز) دونوں ساتھ ایمان بن گئے۔ اور اسی میں وہ ایک زمانہ تک رہے تو جب ان کا نماز کی طرف جلدی جلدی اور دوڑتے ہوئے آنا شروع ہوا اور ان کے دل اس کے لئے شرح صدر ہو گئے اللہ نے زکاۃ کا فرض ان کے ایمان میں نازل کیا اس سے پہلے (کلمہ ونماز کے فہرست میں) شامل کرتے ہوئے۔ پس اگر وہ اقرار کے وقت زکاۃ سے ممتنع رہتے (یعنی زکاۃ کے نہ دینے کا ارادہ رکھتے) بس صرف زبان سے دینے کا کہتے اور نماز پڑھتے مگر ساتھ ہی زکاۃ بھی نہ دیتے تو یہ پہلے کے (کلمہ ونماز دونوں) کو بھی ختم کر دیتے۔ اس بات کی تصدیق ابو بکر الصدیق رضی اللہ عنہ کے مہاجرین اور انصار رضی اللہ عنہم سے مل کر مانعین زکاۃ سے جہاد سے ہوتی ہے۔ جیسا جہاد نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل شرک سے کیا ان دونوں صورتوں میں خون بہانے لونڈیاں بنانے اور مال غنیمت کے بارے میں کوئی فرق نہیں۔ کیونکہ وہ صرف مانعین میں سے تھے انکاری نہیں تھے پھر اسی طرح تمام اسلامی شریعت ہے جیسے جیسے شریعت نازل ہوئی تو وہ پہلی چیزوں سے مل گئی اور تمام کا نام ایمان ہوا اس کے ماننے والوں کو مؤمنین کہا جائے گا۔ اور یہی وہ جگہ ہے جہاں انھوں نے غلطی کی جو کہتے ہیں کہ ایمان قول ہے۔ جیسی غلطی انھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث کی تأویل

ہی فوت ہو گیا۔ اور یہ شرائع مکمل ہونے سے پہلے تھا جبکہ وہ نجاشی جس کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کسری اور قیصر اور ہر جابر کے ساتھ حکمران کو بھی اسلام کی دعوت دینے کے لئے خط لکھا وہ اس نجاشی سے الگ تھا جو مسلمان ہوا۔ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی نماز پڑھی جیسا کہ صحیح مسلم میں ہے۔ اور ابن القیم رحمۃ اللہ علیہ نے بھی زاد لمعاد میں اسی طرف اشارہ کیا ہے۔ اور اس وہم کو ذکر کیا جو بعض رواۃ کو ہوا جو انھوں نے دونوں کو ملا دیا تھا اس بارے میں عبد اللہ القنائی کی کتاب (کتاب الایمان: ص: ۱۹۴) کا مراجعہ کریں۔

میں کی جب ایک عجمی عورت کو آزاد کرنے کے بارے میں اُس شخص نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا جس پر ایک مومن غلام یالونڈی آزاد کرنا فرض ہو چکا تھا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس (عجمی عورت کے) آزاد کرنے کا حکم دیا اور اس عورت کو مؤمنہ قرار دیا، اور یہ اس بناپر جو میں نے آپ کو ان کے ایمان میں داخل ہونے کے بارے میں، ان کے قبول کرنے کے بارے میں اوران کے اس چیز کی تصدیق کرنے کے بارے جو (اللہ کے دین) میں سے نازل ہوئی ہو بتایا ہے، کیونکہ (اللہ کا تمام دین) قرآن ہی کی طرح مختلف ،موقعوں پر نازل ہوتا تھا۔ اور اس بناء پر اللہ کا ہمارے لیے دین کو مکمل کرنے کے بعد جو بھی اسلام میں داخل ہو گا۔ اور ''لا الٰہ الا اللہ''کا اقرار کرے گا۔ اور شرک اور طاغوت سے بری ہوا اس کا خون اور مال محفوظ ہوا پھر اُسے شرائع اسلام کا حکم دیا جائے گا جو سب مسلمانوں پر واجب ہیں جن کو مبانی کہتے ہیں۔ پس اگر اس پر عمل کیا اور لزوم کیا اور کلمہ ''لا الٰہ الا اللہ'' کے نواقض سے بچا تو اس کی وہ عصمت جاری رہے گی جس میں وہ داخل ہوا تھا اور (یہ عصمت ان کو) مجرد کلمہ توحید کے اقرار اور اس کے التزام سے (حاصل ہو گا)۔ اگر کسی ناقض میں پڑ گیا یا کلمہ ''لا الٰہ الا اللہ'' کی کسی شرط سے رک گیا تو اس کے مال وجان کی عصمت ختم ہو گئی یعنی اس کے خلاف مسلمانوں کو جنگ کرنا جائز ہو گا۔ اس میں تفصیل ہے جو ان مبانی میں اختلاف سے متعلق ہے۔ اور اس میں شروط تکفیر اور موانع تکفیر بھی دیکھے جائیں گے۔ یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے معاذ رضی اللہ عنہم کو یمن بھیجتے ہوئے اس قول سے سمجھ میں آتا ہے۔ فرمایا:''پس اگر انھوں نے اسے تسلیم کر لیا'' یعنی کلمہ توحید جو کہ ان کے باطل دین سے براءت کو مستلزم ہے۔''نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ نے ان پر پانچ نمازیں فرض کی ہیں.''(الحدیث) اسی لئے اگر کلمۂ توحید کا اقرار کرنے والا اور مشرکین سے اوراہل شرک سے براءت کرنے والا اقرار کے فوراً بعد مر گیا اور اسلام کے اعمال میں سے کوئی عمل نہیں کیا۔ اس پر عدم وجوب کی وجہ سے جیسے چاشت کے وقت اسلام لایا اور ظہر کے وقت سے پہلے فوت ہوا پس وہ مسلمان اور مؤمن مرا اس نے ایمان واجب ادا کر دیا۔ اور یہ اس آدمی کی طرح ہے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس غزوہ[43] (احد) میں

43 اسے بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کیا براء رضی اللہ عنہ کی حدیث سے۔ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے الفتح کے (کتاب الجہاد) میں (عمل صالح قبل القتال) میں ذکر کیا۔ کہ وہ غزوہ احد تھا۔ اور مغازی ابن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ سے صحیح سند کے ساتھ ذکر کیا کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے تھے:''آدمی جنت میں گیا اور ایک نماز بھی نہیں پڑھی''اس کا نام عمرو بن ثابت تھا۔ اس واقعہ کو اچھی طرح سمجھیں اور مرجئہ عصر آپ کو الجھانہ دیں اور آپ کو نسائی کے الفاظ توڑ کر پیش کریں۔ کہ ایک آدمی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو غزوہ میں کہا''اگر میں قوم پر چڑھ دوڑوں اور جہاد کروں اور شہید ہو جاؤں کیا میرے لئے بہتر ہے اور میں نے ایک نماز بھی نہ پڑھی ہو؟ فرمایا: ہاں''وہ لوگ گمان کرتے ہیں کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع میں سے تھا اور تارک نماز تھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر نکیر نہیں کیا اور اسے کافر نہیں کہا۔ بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے تھا اور اسے جہاد کے لئے نکالا۔ اور اُسے کہا تھا

آیا اور کہا: جہاد کروں یا اسلام لے آؤں؟ فرمایا پہلے اسلام لاؤ پھر جہاد کرو" پس وہ اسلام لایا اور جہاد کیا اور شہید ہوا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "تھوڑا عمل کیا اور زیادہ اجر لیا" پس اس نے اس وقت اسی قدر عمل کیا جو اس وقت اس پر واجب تھا۔ اور وہ تھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد کرنا۔ اور اللہ کیلئے کوئی رکوع سجدہ کئے بغیر مر گیا۔ اسی بارے میں شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ (فتاوی:۱۱/۵۱۹) میں کہتے ہیں: "آدمی اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمانِ جازم لے آئے اور نماز کے وقت کے دخول یا کوئی عمل واجب ہونے سے پہلے مر جائے تو وہ کامل ایمان کی حالت میں مرا جو اس پر واجب تھا۔ اگر نماز کا وقت داخل ہو جائے تو اسے چاہئے کہ نماز پڑھے اور اب اس پر وہ واجب ہو گیا جو اس سے پہلے نہیں تھا"۔ اور (۷/۵۱۸) پر فرماتے ہیں: "اللہ نے جب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو مخلوق کی طرف رسول بنا کر بھیجا تو مخلوق پر واجب تھا کہ وہ اس کی تصدیق کریں جو انہیں بتایا۔ اور اطاعت کریں جو حکم دیا اور انہیں اس وقت پانچ نمازوں کا حکم نہیں دیا تھا اور نہ رمضان کے روزوں کا۔ اور نہ حج کا۔ اور نہ ان پر شراب اور سود حرام کیا تھا وغیرہ ۔ اور نہ بہت زیادہ قرآن نازل ہوا تھا۔ جس نے اس وقت اُس چیز میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کی جو قرآن میں سے نازل ہوا تھا اور جس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کو مانا جیسا کہ شھادتین اور ان کے توابع کا ماننا تو یہ شخص اس وقت اُس کامل ایمان کے ساتھ مؤمن تھا جو ایمان اس پر واجب تھا۔ اور اگر ایسا ایمان ہجرت کے بعد لاتا تو قابل قبول نہ ہوتا اور اگر اتنے پر اکتفا کرتا تو کافر ہوتا۔

اللہ نے حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا:

الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الإِسْلامَ دِينًا.

(المائدہ:۳)

"آج میں نے تمہارے لئے تمہارا دین مکمل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی۔"

پس حکم تکمیل شریعت کے بعد ہے۔ جیسا کہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے وہب بن منبہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا کہ ان سے کہا گیا "کیا جنت کی کنجی "لا الہ الا اللہ" نہیں؟ کہا: کیوں نہیں لیکن ہر چابی کے دانت ہوتے ہیں اگر تم ایسی چابی لاؤ گے جس کے دندانے ہوں تو تمہارے لئے (جنت) کھول دی جائے گی ورنہ نہیں۔ پس "لا الہ الا اللہ" کے کچھ لوازمات، مقتضیات، نواقض اور مبطلات ہیں۔ پس اگر اس کے لوازمات پورے کئے اور نواقض سے اجتناب کیا تو

کہ اگر وہ اسی پر مر گیا تو وہ خیر پر مرے گا۔ بہت دوری ہے ان افہام اور عقول کے لیے جو بُقول یعنی سبزی کے بدلے خریدے جانے کے لائق بھی نہیں۔ آپ تو یہ جان چکے کہ وہ آدمی غزوہ میں ایمان لایا تھا۔ تمام روایتیں ایک دوسرے کی وضاحت و تشریح کرتی ہیں۔

وہ عصمت جاری رہے گی جس میں مجرد اقرار سے داخل ہوا تھا اور اگر کسی ناقض کا ارتکاب کیا تو اسے مجرد کلمہ کافی نہیں ہو گا۔ اسی کے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نکیر کا معنی سمجھ میں آتا ہے جو کہ اسامہ رضی اللہ عنہ پر کیا تھا جب اس نے ایک آدمی کو کلمۂ توحید کہنے کے بعد قتل کر دیا تھا۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا قول کہ ''کیا تو نے اُسے کلمہ توحید کہنے کے بعد قتل کیا'' پس اس کا ان الفاظ کو ادا کرنا ہی اسلام میں دخول تھا پس اس کے ساتھ تحفظ کا معاملہ کیا جائے گا۔ یہاں تک کہ اس سے کوئی ناقض سرزد ہو جائے جو اس تحفظ کو توڑے۔ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تو اُسامہ پر قتل کا نکیر اس لئے کیا تھا کہ اس نے کہا تھا کہ اس آدمی نے تقیہ کے طور پر اور تلوار کے خوف سے کلمہ پڑھا اور اسے کیا پتا کہ شاید وہ صادق تھا کلمہ کے نواقض سے اجتناب کرتا اور اس کی مقتضیات اور حقوق پر لزوم کرتا اس کے بعد......... پس......... ''لا الٰہ الا اللہ'' اسلام میں داخلے کی چابی ہے۔ اس سے داخل ہونے والے کا خون شروع میں عصمت میں رہتا ہے۔ پھر اس کا اسلام اور عصمت اس چابی کی مشروط کے التزام اور ان کے نواقض سے اجتناب کے بغیر ہمیشہ اور مستمر نہیں رہتا۔ اسلام میں داخلہ ایک الگ چیز ہے اور اس کی صحت کی ہمیشگی اور استمراریت اور عدم نقض الگ چیز ہے۔ حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ (الفتح الباری: ۱۲/ ۲۷۹) میں اس حدیث پر کلام میں کہتے ہیں: ''مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں سے جہاد کروں یہاں تک کہ وہ ''لا الٰہ الا اللہ'' کہیں'' (باب قتل من أبي قبول الفرائض) کتاب استتابۃ المرتدین سے۔ اور اس میں ہے کہ جو ''لا الٰہ الا اللہ'' کہے اور اس سے زیادہ کچھ نہ کرے اُسے قتل نہ کیا جائے۔ لیکن کیا مجرد اس سے وہ مسلم ہو جائے گا راجح [44] بات یہ ہے کہ وہ صرف اس سے مسلمان

---

44 اور حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ اس بات کو (لا الٰہ الا اللہ کا مجرد کہنے سے آدمی مسلمان نہیں ہوتا) ترجیح دیتے ہیں۔ (حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ کا) یہ کہنا کہ: راجح بات یہ ہے۔ اور ہمارے نزدیک راجح یہ ہے کہ ابتدائی طور پر اسے مسلم کہا جائے اور وہ تحفظ میں داخل ہو گا جب اس نے اسلام میں داخلے کے لئے کلمہ کے الفاظ ادا کئے۔ اور تحقیق کرنے میں کوئی ممانعت نہیں ہے۔ اللہ کا یہ فرمان اس تثبت اور تحقیق کی دلیل ہے: ﴿وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰٓى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا﴾ الیٰ قولہ ﴿فَتَبَيَّنُوْا﴾ اور جو تمہارا سامنے اسلام لے آئے اور کلمہ توحید پڑھے یا تم کو سلام کرے کیونکہ یہ بھی اس وقت مسلمان ہونے کا نشانہ تھا۔ الیٰ قولہ پس تحقیق کرو۔ پس اللہ نے ہمیں اس شخص کے اسلام کی نفی سے منع کیا ہے جس نے اس میں دخول کا اعلان کیا سوائے اس کے کہ اس کے بعد کوئی ناقض یا وہ چیز جو کافر کرنے والی ظاہر ہو۔ کسی موانع تکفیر کے علاوہ تو اس وقت (یعنی جب بغیر عذر اس سے کوئی مکفر سرزد ہوا) اسلام اس سے منتفی ہو جائے گا اور عصمت اس کی ختم ہو جائے گی۔ پس اسلام میں دخول اور عصمت کی ابتداء ایک چیز ہے۔ اور اس کی صحت کی استمراریت (یعنی ہمیشگی) اور اسلام کی صحت الگ چیز ہے۔ اور اسی پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا قول دلالت کرتا ہے کہ ''الا بحق الاسلام ''مگر حقِ اسلام کے ذریعے'' جیسا کہ حافظ رحمۃ اللہ علیہ نے اشارہ کیا۔ اور یہ اسلام میں نئے آنے والے کے بارے میں ہے۔ جبکہ وہ کمینے لوگ جنھوں نے تمام دنیا کو بھر دیا تو انھوں نے اپنی پیدائش سے لے کر اور عمر بھر کلمہ پڑھنے کے علاوہ اسلام کا کوئی کام نہیں کیا۔ اور اس کے نواقض کا ارتکاب کرتا رہا اور اس کی شروط پر التزام نہ کیا۔ اور اس کے معنی سیکھنے سے اعراض کیا۔ جبکہ علم عام تھا اور قرآن کی شکل میں ان پر حجت قائم ہو چکی تھی ﴿لانذرکم بہ ومن بلغ﴾ میں تمہیں اور جن تک یہ پہنچے ڈراؤں گا پس یہ اعراض کرنے والے کافر ہیں۔ انھوں نے آخرت پر دنیا کی زندگی کو ترجیح دی اور ان پر یہ مذکورہ کلام کا انطباق نہیں ہو گا۔

نہ ہو گا۔ بلکہ اس وقت تک اس کے قتل سے رکا جائے جب تک اس کا امتحان نہ لیا جائے پس اگر رسالت کی گواہی دے اور احکامِ اسلام کا التزام کرے تو اسلام کے حکم میں ہے۔ اور اسی طرف استثناء کے ذریعے اشارہ ہے کہ حدیث کے ان الفاظ ''الا بحق الاسلام '' کے ساتھ ان لوگوں کو عصمت سے مستثنیٰ کر دیا اور ان کو عصمت سے محروم کر دیا جو اسلام کے کسی حق سے انکاری ہو۔ پھر بغوی کا قول ذکر کیا کہ ''اگر کافر وثنی (بت پرست) یا ثنوی (یعنی دو خداؤں کا ماننے والا) ہے اور وحدانیت کا اقرار نہیں کرتا اگر اس نے '' لا الٰہ الا اللہ '' کہا تو اسلام کے حکم میں ہے پھر تمام احکامِ اسلام قبول کرنے پر مجبور کیا جائے گا اور ہر دینِ مخالف سے براءت کرائی جائے گی۔ اور نووی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: مال وجان کی عصمت اس شخص کے ساتھ خاص کرنا جو لا الٰہ الا اللہ کہے (حقیقت میں) ایمان کی قبولیت کی تعبیر ہے، اور یہ کہ اس کلمے میں عرب کے مشرک، بت پرست اور وہ لوگ مراد ہیں جو اللہ کو ایک نہیں مانتے اور یہ وہ لوگ تھے جو شروع شروع میں اسلام کی طرف بلائے گئے تھے اور اسلام نہ لانے کی وجہ سے ان کے خلاف جنگ کی گئ تھی۔ رہے ان کے علاوہ لوگ جو توحید کا اقرار کرتے ہیں اور (کلمہ توحید) ان کے اعتقاد میں ہو تو اگر وہ کفر کرتے ہوئے اس کلمہ کا اقرار کرتے ہیں تو ان کی عصمت کے لیے صرف لا الٰہ الا اللہ کہنا کافی نہیں ہے اسی لیے تو دوسری حدیث میں آیا ہے کہ ''اور (وہ اس بات کی گواہی بھی دے) کہ میں اللہ کا رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) ہوں اور نماز قائم کرے اور زکاۃ ادا کرے۔ پھر امام نووی نے کہا: اس کے ساتھ لازمی ہے کہ ہر اس چیز پر ایمان ہو جو رسول صلی اللہ علیہ وسلم لائے۔ جیسا کہ ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ ((حتی یشھد ان لاالٰہ الااللہ ویؤمنون بی وبما جئت بہ)) یہاں تک کہ وہ کلمہ توحید کی گواہی دیں اور مجھ پر اور اس پر جو میں لایا ایمان لائیں۔ واللہ اعلم (شرح مسلم)

اور شوکانی رحمۃ اللہ علیہ نے (نیل الاوطار: ۱/۳۶۷) میں بیان کیا۔ ''مسلمانوں کا اجماع ہے کہ یہ احادیث عدم مانع کے ساتھ ہیں۔ اسی لئے سلف نے ان کی تاویل کی۔ پس ایک جماعت نے بیان کیا جن میں ابن المسیب رحمۃ اللہ علیہ بھی ہیں کہ یہ نزولِ فرائض اور امر و نہی سے پہلے تھا۔ اور نووی رحمۃ اللہ علیہ نے ان بعض سے حکایت کی کہ وہ مجمل ہیں اور اس کی شرح کی ضرورت ہے۔ اور اس کا معنی یہ ہے کہ جس نے کلمہ کہا اور اس کے حق اور فرائض ادا کئے کہا: یہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے۔ اور بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: یہ اس کے لئے ہے جس نے کلمہ ندامت اور توبہ کے وقت کہا اور پھر اسی حال میں مر گیا۔ اسے کتاب اللباس میں ذکر کیا۔ ''اور وہ رسالہ (ارشاد السائل الی

دلالۃ المسائل:۸۸/۳) میں کہتے ہیں: دوسرا سوال: ان دیہاتیوں کا کیا حکم ہے جو گاؤں میں رہتے ہیں اور شرعیات میں سے کچھ نہیں کرتے سوائے کلمۂ شہادت پڑھنے کے۔ کیا وہ کافر ہیں یا نہیں اور کیا مسلمانوں پر لازم ہے کہ وہ ان سے لڑائی کریں یا نہیں؟ آپ نے فرمایا: جو بھی ارکانِ اسلام کا تارک اور تمام فرائض کا تارک ہو اور اس پر جو واجب ہے اُسے مسترد کر دے اور اس کے پاس صرف کلمہ کہنا ہی ہو۔ اس میں شک نہیں کہ وہ کافر ہے شدید کافر اس کا خون حلال ہے۔ اور مال کی حفاظت ارکانِ اسلام قائم کرنے سے ہوتی ہے۔

شیخ محمد بن ناصر بن عثمان آل معمر رسالہ (الفواکہ العذاب فی الرد من لم یحکم السنۃ والکتاب: ۶۷) پر کہتے ہیں: "ہمارے علماء نے کہا کہ اگر کافر کلمہ توحید کہے تو وہ ان لوگوں میں شامل ہوئے جو اپنے خون کو بچانے والے ہیں۔ اب اس سے باز رہا جائے۔ پس اگر اس نے اُسے مکمل کیا تو اس کی عصمت باقی رہی ورنہ باطل ہو گئی۔

تو گویا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر حدیث اس کے وقت میں کہی ہے۔ پس فرمایا ((امرت ان اقاتل الناس حتی یشھدوا: لاالہ الااللہ)) مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں سے لڑوں یہاں تک وہ کلمہ توحید کہہ دیں تاکہ مسلمان جان لیں کہ اگر کافر محارب یہ کہے تو اس سے باز رہا جائے گا۔ اور اس کا خون مال عصمت میں آ گئے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسری حدیث میں بیان کیا کہ "امرت ان اُقاتل الناس حتی یشھدوا ان لاالہ الا اللہ" میں لڑائی کا حکم اس وقت تک لمبا کیا تھا یعنی لڑائی کا حکم اس وقت تک جاری کیا تھا جب تک لوگ دو گواہیوں یعنی "لا الہ الا اللہ" اور "محمد رسول اللہ" کا اقرار کریں، مگر دوسری حدیث میں دو گواہیوں کے ساتھ دو عملی عبادتوں کو بھی شامل کر دیا یعنی ایک نماز دوسری زکاۃ۔ پس فرمایا: (مجھے حکم ہے کہ میں لوگوں سے لڑوں یہاں تک کہ وہ "لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ" کہیں اور نماز قائم کریں اور زکاۃ دیں) پس بیان کر دیا کہ عصمت کا کمال اور اسی توحید ورسالت اور نماز وزکاۃ سے حاصل ہوتا ہے۔ اور تاکہ یہ شبہ نہ آئے کہ مجرد اقرار سے ہمیشہ کی حفاظت حاصل ہوتی ہے۔

شیخ محمد بن عبد الوہاب رحمۃ اللہ علیہ (کشف الشبھات: ص:۲۴) میں کہتے ہیں ان کا ایک اور شبہہ ہے: وہ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسامہ پر اس آدمی کے قتل کا انکار کیا جس نے " لا الہ الا اللہ " کہا فرمایا "کیا تم نے اسے کلمہ توحید کہنے کے بعد قتل کیا؟ اور اسی طرح (یہ لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول سے بھی (دلیل لینے کی کوشش کرتے

ہیں)"مجھے حکم ہے کہ میں لوگوں سے لڑوں یہاں تک کہ وہ کلمہ توحید کہیں۔اور اسی طرح دوسری احادیث جن میں کلمہ توحید کے کہنے والوں کے قتل سے باز رہنے کا حکم ہے۔اور ان جاہلوں کا مطلب یہ ہے کہ جس نے یہ کلمہ کہا وہ کافر نہیں ہوتا اور نہ قتل کیا جائے گا چاہے کچھ بھی کرتا رہے۔

اور اسامہ رضی اللہ عنہ کی حدیث تو اس نے ایسے آدمی کو قتل کیا جس نے اسلام کا دعویٰ کیا تھا۔اس وجہ سے کہ اسامہ t نے سوچا کہ اس نے جان ومال کے ڈر سے کلمہ پڑھا اور اگر آدمی اسلام کا اظہار کردے تو اس سے باز رہنا واجب ہے یہاں تک کہ اس سے اس کلمہ کے مخالف کچھ سرزد ہو جائے۔اور اللہ نے اس بارے میں فرمایا:"اے ایمان والو جب تم اللہ کے رستے میں نکلو تو پہلے چھان بین کرلو(النساء:۹۶) ۔" یعنی تحقیق کرلو پس یہ آیت اس بات کی دلیل ہے یعنی اس آیت سے یہ بات معلوم ہوتی ہے اگر اس سے اسلام لانے کے بعد اسلام مخالف کوئی چیز سرزد ہو تو قتل کردیا جائے اس قول کی وجہ سے کہ ﴿فَتَبَيَّنُوا﴾ یعنی چھان بین کرلو۔اگر کوئی یہ کلمہ پڑھے اس کا (کسی صورت) قتل کرنا جائز ہوتا تو پھر تحقیق کا کیا معنی یعنی اگر کلمہ گو کو کسی بھی حالت میں قتل کرنا ناجائز تو پھر اللہ نے "فَتَبَيَّنُوا" فرما کر تَثَبُّتْ اور تحقیق کا حکم دیا صرف اس لیے نا کہ اگر وہ باقی فرائض کو بجالاتا ہے تو وہ مسلمان ہے ورنہ اگر تحقیق سے پتہ چلے کہ باقی فرائض پر عمل نہیں کرتا تو عمل نہ کرنے کی وجہ سے وہ کافر کہلائے گا۔تو معلوم ہوا کہ کبھی کبھی آدمی عمل کو چھوڑنے سے بھی کافر ہو جاتا ہے، نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ یہ "تحقیق" ظاہری اعمال کی ہوگی عقیدہ کی تحقیق اور ناممکنات کا حکم اللہ کبھی بھی نہیں دیتا۔اسی طرح دوسری حدیث بھی ہے اس کا معنی یہ ہے کہ جس نے اسلام کا اظہار اور توحید کا اظہار کیا اس سے باز رہنا واجب ہوا اِلَّا یہ کہ اس سے اس کا مناقض سرزد ہو جائے"۔اور فرمایا:اور اسی طرح یہ کہا جائے گا کہ اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی حنیفہ سے قتال کیا اور انھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لایا اور کلمہ توحید کی گواہی دی اور اذان دی نماز پڑھی۔اگر یہ کہا جائے کہ ان کے خلاف جنگ اس لیے کی گئی کہ وہ مسیلمہ کو نبی مانتے تھے۔ہم کہتے ہیں بس یہی تو مطلوب کہ تم مان جاؤ کہ کلمہ پڑھنے والا اور نماز پڑھنے والا بھی کافر ہو سکتا ہے۔جب کوئی آدمی کسی آدمی کا درجہ نبی کے درجے کے برابر کردے وہ کافر ہوا اور اس کا مال وجان حلال ہوئی اور اسے کلمہ اور نماز کوئی فائدہ نہیں دے گی تو پھر اس

کا کیا کہئے جو شمسان یا یوسف[45] یا کسی صحابی یا نبی کو اللہ کے رتبے تک پہنچائے سبحان اللہ، اللہ کی شان کتنی عظیم ہے۔

كَذَٰلِكَ يَطْبَعُ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ. (الروم:۵۹)

"اسی طرح اللہ نے ان لوگوں کے دلوں پر مہر لگادی جو علم نہیں رکھتے۔"

اور ہم اپنی جگہ کہتے ہیں اپنے زمانہ کے مرجئہ کو کہ جب کوئی کسی کو نبی کے رتبے تک بلند کرے تو وہ کافر ہوا اور اس کا مال وجان حلال ہوگئے اسے کلمہ توحید اور نماز کوئی فائدہ نہیں دے سکتیں تو پھر اس کا کیا حال ہوگا جس نے جابر کویت کا حکمران، حسن مغرب یعنی مراکش کا حکمران اور حسین اُردن کا[46] یا حسینی یا امراء رؤساء اور بادشاہوں یا پارلیمنٹ کے نمائندے (جیسے پاکستان میں دور حاضر کے حکمران پرویز مشرف، یزردار وغیرہ) کو اللہ کے رتبے تک بلند کردے اور اس کو حق تشریع مطلق دیدے جو کہ صرف اللہ کا حق ہے اور اس کا کیا حال ہوگا جس نے اپنے قانون اور دستور کو قضا اور فیصلہ کرنے میں اور اللہ کے بندوں کے درمیان قانون سازی و قانون چلانے میں اللہ کی کتاب کے برابر کردیا (صرف یہی نہیں) بلکہ انسانوں کے بنائے ہوئے) اس دستور کو انھوں نے اللہ کی کتاب پر نگہبان اور حاکم بنایا ہے۔ پس ان کے نزدیک کسی بھی آیت کا اعتبار یا کسی بھی حکم کا اعتبار اس وقت تک نہیں جب تک ان کے دستور کے موافق نہ ہو اور ان کا امیر[47] اس کی تصدیق کردے اور اللہ ان کی ان خرافات سے بلند و پاک ہے:

كَذَٰلِكَ يَطْبَعُ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ. (الروم:۵۹)

"اسی طرح اللہ نے ان لوگوں کے دلوں پر مہر لگادی جو علم نہیں رکھتے۔"

پھر آپ نے فرمایا "اسی طرح یہ کہا جاتا ہے: کہ بنی عبید القداح جو بنوعباس کے دور میں مغرب اور مصر کے مالک تھے، یہ سب گواہی دیتے تھے کہ "لا الٰہ الا اللہ وأن محمداً رسول اللہ" اور اسلام کا دعویٰ کرتے تھے

---

45 یوسف اور شمسان اور خضر اور ابو علی اور اشقر ایسے نام ہیں جو بار بار شیخ کی کتابوں میں ذکر ہوتے ہیں۔ اور وہ قبریں اور گنبد تھے جن کو اہل کویت اور عراق اللہ کے علاوہ شیخ کے زمانے میں پکارتے تھے۔ دیکھئے (مصباح الظلام از شیخ عبد اللطیف بن عبد الرحمن بن حسن آل شیخ رحمۃ اللہ علیہ)

46 یہ تینوں مرتد اب اپنے انجام کو پہنچ چکے ہیں لعنہم اللہ علیہم اجمعین۔ ایڈیٹر

47 اگر یہ سب قاری پر مخفی ہے تو پھر اس کی تمام عمر پر افسوس ہے جو اس نے اپنے دور کے طواغیت کو پہچاننے اور انہیں کافر کہنے کے بغیر گذار دی۔ اس بارے میں ہماری کتاب (کشف النقاب عن شریعۃ الغاب کا مطالعہ کریں۔)

اور جمعہ اور جماعت سے نماز پڑھتے تھے پھر جب انھوں نے شریعت کی ان چیزوں کی مخالفت کی۔ علماء ان کے کفر اور قتال پر متفق ہوگئے۔ اوراس پر ان کا ملک دارالحرب ہے اور مسلمانوں نے ان سے جہاد کیا یہاں تک کہ ان کے ہاتھوں سے مسلم ممالک آزاد کروائے۔ اور اسی طرح تاتار کے بارے میں کتاب "مختصر السیرۃ" میں فرمایا :"اور یہ اس وجہ سے کہ انھوں نے جو سلوک مسلمانوں کے ساتھ کیا۔ اور مسلمانوں کے ملک میں رہے اور اسلام کو جانا اُسے پسند کیا اور اسلام لائے مگر اس پر عمل نہ کیا جو اللہ کی شریعت میں سے ان پر واجب تھا۔ اور ایسی چیزیں کیں جو انہیں شریعت سے خارج کرتی تھیں مگر وہ کلمہ توحید کو پڑھتے تھے۔ اور پانچوں نمازیں اور جمعہ اور جماعت پڑھتے تھے۔ اس کے باوجود علماء نے انہیں کافر کہا اور ان سے لڑے اور جہاد کیا۔ یہاں تک کہ اللہ نے ان کو مسلمانوں کے ملک سے نکال دیا۔ اور جو کچھ ہم نے یہاں ذکر کیا وہ اس کے لئے کافی ہے جسے اللہ نے ہدایت دی ۔ مگر جس کے لیے اللہ فتنہ میں ڈالنے کا ارادہ کرے تو اگر اس کے سامنے پہاڑ ایک دوسرے کو سینگ بھی ماریں تو وہ بھی اس کو کوئی فائدہ نہیں دے گا"۔ اور ان کا پوتا شیخ عبداللطیف بن عبدالرحمن بن حسن رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب (مصباح الظلام :ص:۱۱۴) میں کہتے ہیں:"اور یہ تمام اعتراضات ایک باطل اعتقاد کی وجہ سے ہیں۔ اور وہ یہ کہ جس نے منہ سے دونوں شہادتوں کو کہا اُسے کوئی گناہ نقصان نہ دے گا۔ اس کے ایمان میں خلل نہیں آئے گا اور نہ اس کا اسلام شرک اور تحریم سے ناقص ہو گا۔ اور نہ ہی دوسرے مکفرات سے حتیٰ کہ ان گمراہوں کے نزدیک مبانی کا کوئی اعتبار نہیں اور جو اسلام کو جان گیا اس کے لئے اس قول کا جاننا اور تصور کرنا اس کے بطلان کے لئے کافی ہے۔ اسی طرح (الدرر السنیۃ :ص:۳۵۵ جزء مختصرات الردود من الدرر) میں کہتے ہیں: اہل علم اور ایمان کا اس میں اختلاف نہیں کہ جس سے کوئی ایسا قول یا فعل سرزد ہو جائے جو کفر یا شرک یا فسق کا متقاضی ہو تو اس پر ویسا ہی حکم لگایا جائے گا چاہے وہ دونوں شہادتوں کا اقرار کرنے والا اور بعض ارکان اسلام کا ادا کرنے والا ہو بلکہ کافر اصلی سے اس وقت باز رہا جائے گا جب وہ کلمہ توحید پڑھ لے اور اس سے ان دونوں شہادتوں کے خلاف اور مناقض عمل واقع نہ ہو۔ اور یہ بات صغار طلبہ پر بھی مخفی نہیں۔

میں کہتا ہوں: اس کے باوجود اس بارے میں ہمارے دور کے مرجئہ اور ان کے بڑے مشائخ جھگڑتے ہیں ان کے مقلدین اور ان کے کمینوں کی تو بات ہی نہ کرو اور اسی نے انہیں طواغیت کے لئے جنگی لشکر بنادیا ہے۔ اوران کے مددگار اور رضاکار بنادیا ہے جو ان کے لئے لڑتے ہیں اوران کی حمایت کرتے ہیں۔ اور کتاب

وسنت کے نصوص کے بالکل درمیان سے (ان طواغیت سے کفر اور شرک کا)اپنے گرے ہوئے اور ساقط شبہات کے ذریعے ازالہ کرتے ہیں۔ اور اپنے گمراہ کن اقوال کے ذریعے بھی جو کہ توحید کو پہچاننے والے اور اس کی حقیقت کو جاننے والے میں رواج نہیں پاسکتے۔ اور اسی طرح وہ نصوص جن میں عصمت کا تعلق اور جنت میں "کلمۂ توحید" کے ذریعے دخول ذکر کیا گیا ہے کبھی وہ مطلقاً ذکر ہوتے ہیں اور کبھی یقین یا اخلاص یا علم کے ساتھ مقید ہوتے ہیں اور کبھی ان کے ساتھ نماز زکاۃ وغیرہ جیسے حقوق مربوط ہوتے ہیں [48]۔ اور وہ تمام نصوص ایک ہی حکم اور نسبت کے بارے میں بتلاتی ہیں پس مطلق کو مقید پر حمل [49] کیا جائے گا۔

جیسا کہ اہل علم کا طریقہ ہے۔ اور یہ مرجئہ دوسرے گمراہ فرقوں کی طرح ہیں۔ یہ ذلیل اور کمینے لوگ ہیں علم سے صرف اتنا لیتے ہیں جتنا ان کی خواہش کے موافق ہو۔ پس وہ ان مطلق نصوص کی طرف بڑھتے ہیں اور اسی پر اپنے فاسد مذہب اور کمزور شبہات کی بنیاد رکھتے ہیں جیسا کہ آپ نے جان لیا۔ اور ان نصوص کی مقیدات کو چھپاتے ہیں۔ اور یہ صرف اہل علم کے طریقے کی مخالفت ہی نہیں بلکہ اللہ کے دین سے مذاق اور اللہ پر جھوٹ باندھنے کے مترادف ہے۔ کیونکہ یہ (اللہ کی) بات کو اپنی جگہ سے محرّف کرنا ہے یعنی اس کے صحیح معنے کو بدلنا ہے۔ اور اللہ کی ان حدود سے تجاوز کرنا ہے جو اس نے باندھی اور اس پر اپنے کلام کی بنیاد رکھی۔ تدلیس اور تلبیس ہے:

إِنَّ الَّذِينَ يَفْتَرُونَ عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُونَ. (النحل:١١٦)

"بے شک جو لوگ اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں کبھی فلاح نہ پائیں گے۔"

---

48 شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے اس بارے میں دو جوابات دیئے ہیں: پہلا: کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سائل کو فرائض کے نزول کے اعتبار سے جواب دیتے تھے اور پہلا فرض شہادتین کا تھا، پھر نماز، دوسرا جواب: کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہر مقام کی مناسبت سے حکم فرماتے تھے۔ کبھی ظاہری فرائض ذکر کرتے تھے جن کے ترک کرنے پر ان کے منع کرنے والی جماعت کے خلاف جہاد کیا جاتا ہے جیسے نماز اور زکاۃ وغیرہ اور کبھی سائل پر واجبات کا ذکر کرتے تھے۔ پس جس پر نماز اور روزہ واجب کیا اس پر زکاۃ ادا کرنا واجب نہیں ہوا تھا۔ آخر کلام کے لئے دیکھئے (فتاویٰ:٧/ ٦٠٥-٦٠٧)

49 مطلق سے مراد یہاں وہ احادیث ہیں جن میں لا الٰہ الا اللہ کے مجرد پڑھنے پر عصمت اور دخول جنت کا ذکر ہے اور مقید سے مراد یہاں وہ احادیث ہیں جن میں کہا گیا ہے کہ جو لا الٰہ الا اللہ اس کے معنے کے جاننے، اس پر یقین اور اخلاص کے ساتھ کہے۔ یعنی لا الٰہ الا اللہ کہے مگر ساتھ ہی اس کے معنے کو بھی جانتا ہو اس پر یقین بھی رکھتا ہو اور اخلاص کے ساتھ اسے پڑھے، یعنی مقید کلمہ توحید میں اس کے ساتھ علم یقین اور اخلاص کا ذکر نہیں ہے۔ اسی طرح مطلق کو مقید پر حمل کرنے کا مطلب یہ ہے کہ جس حدیث میں لا الٰہ الا اللہ کے ساتھ علم یعنی جاننے، یقین کرنے اور اخلاص کا ذکر نہیں ہے وہاں بھی مقید حدیث کی وجہ سے علم، یقین اور اخلاص کے قیود لگائے جائیں اور یہ سمجھا جائے کہ یہاں بھی علم، یقین اور اخلاص مراد ہیں مگر کسی وجہ سے انہیں یہاں چھوڑ کر مقید احادیث میں ذکر کیا ہے۔

اور اسی طرح یہ (مرجئہ) ان روایات کے ساتھ کرتے ہیں جو ائمہ سے مروی ہیں پس ان کے کلام کو توڑتے ہیں۔ (اس بارے میں صریح مثالیں ان کی کتابوں سے ہماری کتاب (تبصیر بتلبیسات اھل التجھم والارجاء) میں دیکھئے۔) یا ان (اقوال) سے وہ کچھ لیتے ہیں جو ان کے خواہشات کے موافق ہو، اور ہم اگرچہ یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ اللہ اوراس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی بات کے علاوہ دین کے بارے میں کسی کا (قول) دلیل وحجت نہیں ہے مگر انصاف کا تقاضا ہے کہ کسی (امام کے قول کا بھی) وہ مطلب نہ لیا جائے جو حقیقت میں اس کا مطلب نہ ہو۔، اور ایک مسئلہ میں مطلق کو مقید یعنی مطلق کا وہی مطلب لیا جائے جو مقید کا ہو۔ اس طرح نہیں جیسے یہ گمراہ لوگ کرتے ہیں اور اتنا ذکر کرتے ہیں جو ان کے مذہب کے موافق ہو اور جو موافق نہیں اُسے رد یا چھپا دیتے ہیں۔ اور یہ امانت کے مناقض ہے۔ اور یہ سلف اور اہل حدیث کا طریقہ نہیں بلکہ یہ اھل اھواء کا طریقہ جن میں سب سے زیادہ گمراہ خبیث مرجئہ ہیں۔ اہل اھواء خواہشات وہ روایت کرتے ہیں جس میں ان کا فائدہ ہو اور اہل حدیث اپنے موافق و مخالف دونوں کو روایت کرتے ہیں۔

اور اس کی مثال یہ ہے کہ (جس سے شاید یہ (مرجئہ) لوگ یہاں لٹک جائیں) جو امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کی طرف منسوب ہے کہ انھوں نے زہری رحمۃ اللہ علیہ کے اس قول میں ان کی پیروی کی کہ وہ لوگ اسلام کو کلمہ سمجھتے تھے اور ایمان کو عمل سمجھتے تھے۔ یعنی یہ مرجئہ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کا یہ قول اس لیے نقل کرتے ہیں "تاکہ صرف شھادتین کے پڑھنے والے پر یہ لوگ اسلام کا حکم لگا سکیں۔ جس نے صرف شھادتین پر اکتفا کیا چاہے اس نے کوئی اعمال یا فرائض اپنی پوری زندگی میں نہ کئے ہوں۔ پھر وہ صحیح اسلام سے خلاص پانے کے بعد ایسے شخص کے اسلام کو خالص کرنے لگتا ہے جس نے ان دو شھادتوں کے الفاظ ادا کیا چاہے وہ کتنے ہی نواقض کرتا رہے۔ تاکہ وہ اس ذریعے سے آخر میں اپنے طواغیت کے لیے پیوند کاری کو پہنچے اور ان (طواغیت پر) مسلمان ہونے کا حکم لگائیں۔ یعنی اسلام کے نتیجے میں جو دوستی اور جان ومال کی عصمت لازم آتی ہے (یہ مرجئہ ان طواغیت کو اس دوستی اور عصمت کا حق دار سمجھتے ہیں)۔ پس وہ دین کو منہدم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اور اس دین کے سب سے مضبوط کڑے کو توڑنا چاہتے ہیں اور اس کے آثار اور نشانات جو کہ اصیل اور محکم ہیں کو مٹانا چاہتے ہیں (حدیث میں دین کا مضبوط کڑا اللہ اور اس کے دین کے دشمنوں سے دشمنی کو اور اللہ اور اس کے دین کے دوستوں سے دوستی کو کہتے ہیں)۔ جان بوجھ کر یا نہ جانتے ہوئے۔ تو ان سے کہا جائے گا آہستہ چلو اونٹوں کو اس طرح پانی نہیں

پلایا جاتا۔ اور جو کچھ ہم نے ذکر کر دیا وہ ان کے بطلان کے لئے کافی ہے۔ لیکن بات یہاں امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت کے بارے میں ہے. اس کے باوجود کہ جیسے ہم نے کہا کہ حجت امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کا کلام نہیں بلکہ اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا قول ہے۔

اور شیخ الاسلام رحمۃ اللہ علیہ نے (فتاویٰ:۷/۲۵۸) میں اس عبارت کے بارے میں کلام کیا کہ "اور یہ دو طرح کا ہے یعنی امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے دو معنے ہو سکتے ہیں "پس یا تو اس سے مراد کلمہ اور اس کے توابع ظاہری اعمال ہیں۔ اور یہی وہ اسلام ہے جسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کیا جب کہا کہ: "اسلام یہ ہے کہ تم گواہی دو کہ "لاالہ الااللہ وأن محمداً رسول اللہ" اور نماز قائم کرو اور زکاۃ دو اور روزے رکھو اور حج کرو"۔ اور کبھی اس سے مراد ظاہری واجبات ادا کرنے کے علاوہ صرف کلمہ ہو سکتا ہے۔ اور یہ وہ نہیں جسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام کہا لیکن کہا جا سکتا ہے کہ: اعراب کا اسلام اسی میں سے تھا۔ پس اس کے جواب میں کہا جائے گا کہ: اعراب وغیرہم جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں اسلام لائے تو ان پر اعمال ظاہری بھی لازم ہوئے نماز، زکاۃ، روزہ اور حج اور کوئی بھی صرف اس بناء پر نہیں چھوڑا جاتا کہ اس نے کلمہ پڑھا ہے۔ بلکہ جس نے گناہ کا اظہار کیا اس پر اسے سزا دیا جاتا ہے۔

اور احمد رحمۃ اللہ علیہ نے اگر ان روایت سے یہ مراد لی کہ اسلام صرف شہادتین ہیں پس ہر وہ جس نے ان کو ادا کیا مسلم ہو گا پس یہ احمد رحمۃ اللہ علیہ کی ایک روایت ہے اور دوسری روایت ہے کہ: کلمہ کے بغیر اور نماز کے بغیر مسلمان نہیں چھوٹے گا۔ اور اگر نماز نہیں پڑھی تو کافر ہوا۔ اور تیسری روایت ہے کہ: وہ ترک زکاۃ سے کافر ہو گا۔ چوتھی روایت کہ: وہ ترک زکاۃ سے بھی کافر ہو گا اگر امام اس سے اسپر جہاد کرے نہ وہ جس کے خلاف جہاد نہ کیا گیا ہو یعنی کوئی شخص زکاۃ دینا ترک کر دے پھر امام اسی وجہ سے اس کے خلاف جہاد کا اعلان کرے مگر پھر بھی وہ زکاۃ کے لیے تیار نہ ہو تو یہ شخص امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ان سے ایک روایت کے مطابق کافر ہو گا، ہاں جس کے خلاف یہ اعلان نہ کیا گیا ہو وہ کافر نہ ہو گا۔ واللہ اعلم۔ اور احمد رحمۃ اللہ علیہ ہی سے ہے کہ اگر کہے کہ: "میں زکاۃ دوں گا مگر امام کو نہیں تو امام کو جائز نہیں کہ اس کو قتل کرے۔ اور اسی طرح احمد رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ وہ ترک صیام اور ترک حج سے بھی کافر ہو گا اگر اس نے عزم کیا کہ وہ کبھی حج نہیں کرے گا۔ اور یہ معلوم ہے کہ مبانی[50]

---

[50] مبانی: شہادتین، نماز، زکاۃ، روزہ اور حج کو کہتے ہیں۔

کو چھوڑنے والے کو کافر قرار دینے والے قول کی بناپر ممکن ہے کہ صرف کلمہ پڑھنا اسلام ہو۔ بلکہ مراد یہ ہے کہ جب کلمہ پڑھ لیا تو اسلام میں داخل ہو گیا"۔ اور آپ نے گزشتہ باتوں سے یہ جان لیا کہ اسلام میں دخول جان ومال کے تحفظ کی ابتداء اور اس کے بعد فوراً موت اور صحتِ اسلام کی ہمیشگی اور تحفظ کی استمراریت میں کیا فرق ہے اور اسی طرح گزشتہ باتوں سے آپ پر ان (مرجئہ) کا اپنے طواغیت اور ان (طواغیت کے) غلاموں کے لیے حدیث بطاقہ اور حدیث اخرجوا من النار........ سے استدلال کا باطل ہونا ظاہر ہو گیا ہو گا۔ یعنی آپ پر ظاہر ہو گیا ہو گا کہ ان کا دونوں حدیثوں سے دلیل لینا باطل وغلط ہے۔ "بطاقہ" اور حدیث ((اخرجوا من النار من كان في قلبه حبة خردل من ايمان)) "ہر اس شخص کو آگ سے نکال لو جس کے دل میں ذرہ برابر ایمان ہو" اور اسی طرح حدیث ((الجهنميين الذ ين يخرجهم الله من النار دون ان يعملوا خيراً قط)) "وہ جہنمی جنھیں اللہ بغیر کسی عمل خیر کے آگ سے نکالیں گے" وغیرہ اور آپ نے جان لیا ہے کہ اہل علم کا طریقہ یہ ہے کہ وہ احادیث کو ایک دوسرے سے مربوط کرتے ہیں۔ اور مختلف احادیث کو اگر ممکن ہو تو تطبیق کرتے ہیں۔ اور تعارض کی وجہ سے جو وہم پیدا ہوتا ہے اسے مطلق کو مقید پر، عام کو خاص پر اور متشابہ کو محکم پر حمل کرنے کے ذریعے دور کرتے ہیں۔ اور اسی طرح۔ اور کسی ایک ہی چیز پر خوش ہونا اسی پر چلنا اور اس پر قواعد اور پہاڑ تعمیر کرنا (یعنی ایک ہی حدیث پر) اس کو سمجھے بغیر کہ اس کا دوسرے (احادیث) کے ساتھ کیا تعلق ہے، یہ اھل اھواء (یعنی بدعتیوں) کا طریقہ ہے۔ اورانہی میں سے وہ لوگ بھی ہیں جن کے ہم درپے ہیں۔ یعنی مرجئہ u۔ یہ لوگ ان احادیث کے ذریعے ادھر ادھر اڑتے پھرتے ہیں۔

شیخ حمد بن ناصر بن معمر "الدرر السنیۃ" میں کہتے ہیں: "قرآن میں آیاتِ محکمات ہیں اور وہی اُمّ الکتاب ہیں۔ اور کچھ متشابہات ہیں۔ پس متشابہ کو محکم پر لوٹایا جائے گا۔ اور اللہ کی کتاب کے بعض کو بعض پر نہیں مارا جائے گا[51]۔ اسی طرح سنت ہے یعنی جس طرح قرآن میں متشابہ اور محکم آیات ہیں اسی طرح سنت میں یعنی احادیث میں بھی متشابہ اور محکم احادیث ہیں۔ اس میں بھی محکم اور متشابہ ہیں پس اس کے متشابہ کو محکم پر لوٹایا جائے گا یعنی متشابہ کو خود نہیں سمجھا جاسکتا اس کو محکم کی طرف لوٹا کر اس محکم کی مدد سے اسے سمجھا جائے

51 مختصر یہ کہ اہل سنت اور اہل حدیث کا طریقہ یہ ہے کہ وہ حدیث کی تفسیر حدیث سے بلکہ بہت سی احادیث کو جمع کر کے کرتے ہیں، اور اہل بدعت کا طریقہ یہ ہے کہ وہ اپنی بدعت کو ثابت کرنے کے لیے حدیث کی تفسیر تمام دوسرے احادیث سے کاٹ کر خود کرتے ہیں۔

گا۔اورایک دوسری کو آپس میں مارا نہیں جائے گا[52]یعنی ان کو ایک دوسرے کا مخالف قرار دینا صحیح نہیں ہے۔ نبی ﷺ کا کلام متناقض نہیں بلکہ ایک دوسرے کی تصدیق کرتا ہے۔اور سنت قرآن کی موافقت کرتی ہے اس کے مناقض نہیں ہوتی اور یہ بڑی عظیم اصل ہے اس کی مراعات واجب ہیں جس نے اس (اصل) کو چھوڑ دیاوہ بہت بڑی مصیبت میں پڑ گیااور اسے معلوم بھی نہیں ہو گا'' (جز مختصرات الردود)

اور شاطبی رحمۃ اللہ علیہ نے اس سے پہلے ہی شیخ حمد بن ناصر بن معمر رحمۃ اللہ علیہ سے مفصل بیان کیا وہ کہتے ہیں:

''اجتہاد کرنے والے صرف عام پر عمل نہیں کرتے (نہ اس سے کوئی عقیدہ ثابت کرتے ہیں) جب تک اس عام کے خاص کرنے والے کی تلاش نہ کرلیں اور مطلق پر بھی (اس وقت تک عمل نہیں کرتے اور اس سے کوئی عقیدہ اس وقت تک ثابت نہیں کرتے جب تک وہ یہ سوال نہ اٹھائے) کہ آیا اس کا کوئی مقید ہے یا نہیں؟۔ کہ اس کے خاص کی بحث نہ کرلیں اور مطلق کی کہ کہیں اس کا کوئی مقید تو نہیں؟ عام صرف اپنے خاص کے ساتھ دلیل ہوتا ہے۔پس اگر (کسی عام میں) خاص کی مراد ہونے کے باوجود خاص غائب ہو تو یہ عام پھر متشابہ کی قبیل سے ہو جائے گا۔اور خاص کا اٹھ جانا صحیح بات سے انحراف ہو گا۔اسی لئے معتزلہ گمراہ فرقوں میں شمار ہوئے۔ جب انھوں نے اس آیت کی پیروی کی ﴿اِعۡمَلُوۡا مَا شِئۡتُمۡ﴾ ''جو چاہو کرو''۔(حٰم السجدۃ:۴۰) اور اس

---

[52] جیسا کہ ان میں سے بعض نے میرے ساتھ مناظرہ کیا (اور ذیل کی آیت وَمَا يُؤۡمِنُ......... دلیل میں پیش کی۔اور نہایت افسوس کے ساتھ ان کی نسبت طلب علم کے ساتھ کی جاتی ہے۔اللہ کے اس قول کے ساتھ ﴿وَمَا يُؤۡمِنُ اَكۡثَرُهُمۡ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمۡ مُّشۡرِكُوۡنَ﴾ اور ان میں سے اکثر اللہ پر ایمان نہیں رکھتے مگر اس حال میں کہ وہ مشرک بھی ہوں یعنی وہ اللہ کو مانتے ہیں مگر ساتھ ہی شرک بھی کرتے ہیں (یوسف:۱۰۶) ۔ اس امکان سے کہ انسان اللہ کے ساتھ شرک اکبر کرتا ہے اس کے باوجود بھی وہ اسلام سے الگ نہیں ہوتا اور اس کا ٹھکانہ موحدین کا ٹھکانہ ہوتا ہے۔اور اسے (کافر ملّی) کانام دیا۔یہ (کافر ملی یعنی دینی کافر) والی بات اس (مرجئ مناظر) سے پہلے کسی نے نہیں کہی ہے، بلکہ اس لفظ کا صحیح استعمال اہل علم کے نزدیک ان کا یہ قول ہے کہ '': فاسق ملی'' یعنی وہ گناہگار ہے اپنی گناہ کی وجہ سے ملت اسلام سے خارج نہیں ہوتا۔یعنی وہ گناہگار ہے اس گناہ سے ملت سے خارج نہیں۔اور جو کافر ہے تو اس کی نسبت صرف اپنی کفری ملت کی طرف ہوتی ہے۔اور جو آیت کی تفسیر کے بارے میں قول ہے تو وہ واضح اور معروف ہے کسی بھی اہل سنت کی تفسیر کے اندر اور اس کا خلاصہ یہ ہے کہ اگر شرکِ اکبر پر اسے حمل کریں تو ملت سے خارج ہیں۔یا تو اس سے مراد بتوں کو پوجنے والے مشرک ہیں جو ربوبیت پر ایمان رکھتے ہیں۔﴿ولئن سألتهم من خلقهم ليقولن الله﴾ ''اگر آپ نے ان سے سوال کیا کہ انہیں کس نے پیدا کیا تو وہ کہیں گے کہ اللہ نے''۔اور عبادت میں شرک کرتے ہیں۔یا مراد اہل کتاب کے مشرکین ہیں۔اللہ پر ایمان لائے اور محمد ﷺ کی رسالت سے کفر کیا۔یا مراد منافقین ہیں۔زبان سے ایمان لائے اور دل سے کفر کیا۔اور یہ تمام اقسامِ ایمان بالاتفاق آگ سے بچانے والی نہیں اور ان کے کرنے والے کا ٹھکانہ بالاتفاق موٴحدین کے ساتھ نہیں۔اور یہ جائز نہیں کہ آیت میں مذکور ایمان کو مسلمانوں کے ایمان پر حمل کریں جو کہ آگ سے بچانے والا ہے۔الا یہ کہ اس کے یعنی آیت میں مذکور ایمان کے ساتھ منسلک شرک سے مراد شرکِ اصغر ہو اور در حقیقت یہ چیزیں چھوٹے طلبہ کے نزدیک بھی مسلمات اور آسان باتوں میں سے ہیں لیکن جھگڑا اور مناظرہ کبھی بھی اندھا اور بہرہ بنا دیتا ہے۔

(آیت) کے بیان کرنے والی اور وضاحت کرنے والی آیت کو چھوڑ دیا[53] ۔اسی طرح خوارج جنھوں نے اس آیت کی پیروی کی ﴿إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلّٰهِ﴾ "حکم تو صرف اللہ کے لئے ہے"(یوسف:۴۰) ۔اور جبریہ نے اس آیت کی اتباع کی ﴿وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُونَ﴾ "اللہ نے تمھیں پیدا کیا اور جو تم عمل کرتے ہو"(الصافات: ۹۶)۔ اور اس کے بیان کو چھوڑ دیا۔ اور وہ اللہ کا یہ فرمان ہے: ﴿جَزَآءً بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ﴾ "وہ ان کے کئے کا بدلہ ہے"(التوبۃ:۸۲) ۔اسی طرح تمام لوگ جو ان اطراف کی پیروی بلا نظر ان کے پیچھے کرتے رہے ۔اور اگر وہ سب کو جمع کر لیتے یعنی اگر یہ لوگ ان آیات اور ان کے وضاحت کرنے والی آیات کو جمع کر لیتے اور اگر ان (آیات واحادیث) کو (آپس میں) ملاتے جن کے ملانے کا اللہ نے حکم دیا ہے تو ضرور مقصد کو پہنچ جاتے۔ پس جب یہ ثابت ہو گیا تو پھر بیان اپنے مبیّن سے مقترن ہو گا۔ پس اگر مبیّن کو بیان کے بغیر لیا تو وہ متشابہ ہوا۔ اور وہ خود میں متشابہ نہیں۔ بلکہ رستہ سے بھٹکے ہوئے لوگوں نے اس میں متشابہ کو اپنے نفسوں میں خود داخل کر دیا اور صراطِ مستقیم سے بھٹک گئے۔ انتھی مختصراً

میں کہتا ہوں: اسی طرح مرجئہ کے چوزے ہیں۔ ایسی خبروں کی پیروی کرتے ہیں۔ اور انھیں مضبوطی سے تھامتے ہیں تاکہ اس کے ذریعے وہ طواغیت حکام ان کے غلاموں، ان کے مددگاروں اور ان کے فرقے کے لوگوں مشرکوں اور گمراہوں کے دین کی پیوندکاری کریں۔ اور اس کا مبیّن ترک کر دیتے ہیں۔ جیسا پہلے گذر چکا کہ اس سے یعنی ان احادیث سے مراد جن میں کہا گیا ہے کہ جس کے دل میں ذرہ برابر ایمان ہو اسے آگ سے نکال لو، اسی طرح حدیث بطاقہ وغیرہ سے مراد توحید کا اس شخص میں ثابت ہونا اور شرک سے اس کی براءت کرنا ہے۔ اور اسی پر مرنا۔ بلکہ ایسے اعمال کرنا کہ اس کے بغیر آدمی مسلم نہیں ہو سکتا۔ پس ان رجسٹروں سے مراد جو بطاقہ (یعنی اس کارڈ) کے مقابل (قیامت کے دن) رکھے جائیں گے (جس کارڈ میں اس گناہگار شخص کا لا الٰہ الا اللہ لکھا ہو گا) چھوٹے گناہ اور وہ بڑے گناہ ہیں جو توحید کو نہیں توڑتے یعنی وہ رجسٹر جو میزان کے ایک طرف لا الٰہ الا اللہ کے کارڈ یعنی بطاقہ کے مقابل رکھے جائیں گے اور وہ بطاقہ ان تمام رجسٹروں سے زیادہ وزنی ہو گا وہ رجسٹر شرک وکفر کے رجسٹر نہیں ہوں گے بلکہ ان دونوں سے چھوٹے گناہوں کے رجسٹر ہوں گے۔ اور

53 یعنی حٰم سجدۃ آیت ۴۰ کا مطلب جس آیت اور حدیث میں بیان کیا گیا ہے اس مطلب کو معتزلہ نے نظر انداز کر دیا اور اس آیت کا خود تراشہ مطلب بیان کیا۔

بطاقہ سے سے مرادلازمًا توحید کا ثبوت اور کفر کاانکارہے اس سے براءت جو اللہ کے علاوہ عبادت کئے جاتے ہیں۔اسی طرح ان لوگوں کا معاملہ جن کے بارے میں (حدیث)میں کہا گیاہے انھوں نے کبھی اچھائی نہیں کی یعنی ایسی خیر جو آگ میں ہمیشگی سے بچانے والی توحید کے تقاضوں سے اوپر ہوں۔اسی طرح حدیث ''کہ نکال دو آگ سے جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر ایمان ہو'' حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے الفتح(۱/۷۳) پر کہا:''رائی کے دانے سے مراد جو کچھ اصل توحید سے علاوہ کئے گئے اعمال ہیں۔دوسری روایت کے اس قول سے کہ ''نکال دو جس نے کلمۂ توحید پڑھااور نیک عمل کیاجو ذرہ کے برابر ہو''۔

اور ہم ان مرجئہ عصر کی طرف ایک ایسے واضح سوال کارُخ پھیرناچاہتے ہیں جس سے منحرف ہونے پر اور اس سے بھاگنے پر ہم ہر گز راضی نہیں ہوں گے (سوال یہ ہے) کہ: یہ لوگ (مراد وہ لوگ ہیں جن کے جہنم کے نکالنے کا حکم اللہ ان کے ذرہ برابر ایمان کی وجہ سے دے گا) یہ لوگ جن کو تم نے ان احادیث میں دلیل کے طور پر پیش کیا صرف اس لیے کہ تم اپنے طواغیت کو کفر سے بچاسکو کیا یہ لوگ لا الٰہ الا اللہ پڑھنے کے ساتھ ساتھ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کے منکر لوگ ہیں؟؟ یا کیا یہ لوگ لا الٰہ الا اللہ کہنے کے ساتھ ساتھ مسیلمہ کذاب کی نبوت کے قائل لوگ ہیں؟؟ کیا یہ لوگ لا الٰہ الا اللہ کہنے کے ساتھ ساتھ میرزا غلام احمد کی نبوت کے قائل لوگ ہیں؟؟ یا کیا یہ لوگ لا الٰہ الا اللہ کہنے کے ساتھ ساتھ مخلوق میں سے علی رضی اللہ عنہ اور عیسٰی علیہ السلام وغیرہ کو بھی اللہ ماننے والے لوگ ہیں۔اور کیا(لا الٰہ الا اللہ کہنے کی وجہ سے)ان سب (بڑے بڑے گناہوں یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا انکار یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی اور نبوت کا قائل ہونے) کے باوجود یہ آگ سے نکلنے والے لوگ ہوں گے اور ان کا ٹھکانہ موحدین کا ٹھکانہ ہوگا(یعنی کیا ان کا انجام مسلمانوں جیسے ہوگا؟؟)اگر وہ اس کے قائل ہوئے تو انھوں نے اپنی عقل کی فساد پر،اللہ کے دین کے خلاف جراءت پر بلکہ اپنے کفر زندیقیت اور اللہ کے دین میں الحاد پر جن وانس کو گواہ بنادیا۔اور اگر وہ اس کی نفی کریں۔تو ہم ان سے پوچھیں گے کہ کیا ان احادیث سے دلیل لے کر تم نے نفی کی یا کوئی اور دلیل سے کی؟؟ پس اگر کہیں کہ: انہی احادیث سے کی تو انھوں نے جھوٹ کہااور اور ہم ان سے (ان احادیث میں اس دعوے کے دکھانے کا) مطالبہ کریں گے جس کی وہ استطاعت نہیں رکھتے[54] ۔اور اگر

54 مؤلف حفظہ اللہ کا مطلب یہ ہے کہ: جس کے دل میں ذرہ برابر ایمان ہو اُسے جہنم سے نکالو جیسے احادیث میں اس بات کا ذکر نہیں ہے کہ جس کے دل میں ذرہ برابر ایمان ہو اسے جہنم سے نکالو مگر جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کو یا ختم نبوت کو نہیں مانتا اسے نہ نکالو،ایسا کوئی ذکر ان احادیث میں نہیں ہے اگر کوئی یہ دعوٰی کرے کہ ان

کہا کہ: ان احادیث کے علاوہ تو ان پر اور ہر ایک پر لازم ہوا کہ ایسی احادیث کو اکیلے نہیں سمجھا جا سکتا بلکہ اس کے بیان کرنے والے مجموعہ احادیث کے ذریعے سمجھا جا سکتا ہے۔ جو ان احادیث کی وضاحت کرنے والی ہوں۔

☆ اسی طرح ان پر لازم ہو گا اگر انھوں نے حذیفہ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے حجت لی ہے جس کو حاکم اور ابن ماجہ نے روایت کیا: "اسلام اس طرح پرانا ہو جائے گا جس طرح کپڑے کا چھاپ پرانا ہو جاتا ہے (یعنی جس طرح کپڑے پت بنے ہوئے پھول پتی جس طرح پُرانے ہو جاتے ہیں) اور اللہ کی کتاب کو ایک ہی رات میں اٹھا لیا جائے گا اور اس کی کوئی آیت زمین میں باقی نہیں رہے گی۔

اور ان لوگوں کی جماعت سے بزرگ آدمی اور بوڑھی عورت باقی رہے گی جو کہیں گے کہ "لا الٰہ الا اللہ" ہم نے اپنے آباواجداد کو اس کلمہ پر پایا پس ہم بھی کہتے ہیں اور وہ نہیں جانتے کہ نماز صدقہ اور قربانی کیا ہے۔ پس صلہ بن زفر نے حذیفہ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ: "لا الٰہ الا اللہ" ان کو کیا فائدہ دے گا کہ وہ نماز روزہ صدقہ اور قربانی نہیں جانتے ہوں گے؟ حذیفہ رضی اللہ عنہ نے اس سے تین بار اعراض کیا۔ پھر کہا: اے صلہ وہ انہیں آگ سے بچالے گا"۔ اس حدیث کو البانی نے صحیح کہا باوجود اس کے کہ اس کے اسناد میں ابو معاویہ محمد بن حازم تمیمی السعدی الکوفی الضریر ہے جو کہ مدلس اور مضطرب الحدیث ہے۔ اس کی حدیث سے حجت قائم نہیں ہوتی۔ الا یہ کہ وہ اعمش سے روایت کرے جیسا کہ ائمہ نے ذکر کیا اور یہاں اعمش کے طریق کے علاوہ ہے اور اس میں عنعنہ[55] بھی ہے۔ اسی میں یہ بھی اضافہ کیجئے کہ وہ مرجئ تھا![56]

احادیث میں ایسے لوگوں کے جہنم سے نہ نکلنے کا ذکر ہے، ہم ان سے ان احادیث میں اس دعوے کو دکھانے کا مطالبہ کریں گے جو کسی کی استطاعت میں نہیں ہے پس جب مرجئۃ عصر بھی یہ بات مانتے ہیں تو پھر ان کو یہ بات ماننی پڑے گی کہ ایسے لوگوں کو جہنم سے نہ نکلنے کو دوسری احادیث سے معلوم کرنا پڑے گا۔

نوٹ: نبوت کے منکر یا ختم نبوت کے منکر کا جہنم میں ہمیشہ رہنے پر ہم اور مرجئۃ عصر دونوں متفق ہیں۔ پس جب اس پر اتفاق ہو گیا تو پھر ہم اس دعوے میں بھی حق بجانب ہیں کہ طواغیت حکام اسلام سے خارج، کافر اور اگر اسی پر وہ مرے تو خالد مخلد فی النار ہیں، اگرچہ مذکورہ بالا احادیث میں ان طواغیت کا جہنم سے نہ نکلنے کا ذکر نہیں ہے اور وہ احادیث عام ہیں مگر ان طواغیت کے کفر کا ذکر (بالکل ختم نبوت کے منکروں کے ذکر کی طرح) دوسری آیات واحادیث میں ہے تو چاہیے کہ مرجئۃ عصر اپنی اس مرجئیت سے توبہ کریں یہی انصاف کا تقاضا ہے نیز ایسی احادیث سے ان کا اس طرح کا استدلال بالکل بے کار ہے۔ مقبول ہنگو حفظہ اللہ

55 مگر اس حدیث کو شیخ البانی نے اس سند کے علاوہ دوسری سند سے بھی صحیح قرار دیا ہے جس میں ابو معاویہ کی بجائے ابو عوانہ الوضاح بن عبد اللہ ہے جو ثقہ اور قوی راوی ہے۔ دیکھو سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ حدیث نمبر ۸۷۔ مقبول ہنگو حفظہ اللہ

56 بدعتی کی روایت کے مردود ہونے کو ابن حجر نے نخبۃ الفکر اور اس کی شرح نزھۃ النظر میں راجح کیا ہے جبکہ یہ روایت اس کی بدعت کو قوی کرتا ہو اور اس کی مددگار ہو۔ اور یہاں یہ حدیث اسی باب سے ہے تو پھر اگر اس میں تدلیس اور اضطراب بھی شامل ہو تو کیا کہئے۔

بہر حال اگر حدیث کو صحیح بھی فرض کر لیا جائے۔ تو یہ قوم بھی (ہماری طرح) اپنے اوپر لازم کرتا ہے کہ وہ ایسی دوسری مبیّن احادیث کی روشنی میں اس حدیث کو سمجھیں تو آپ ﷺ کے (مذکورہ بالا حدیث میں) اس قول کا کہ وہ لا الہ الا اللہ کہیں گے کا مطلب یہ ہو گا کہ وہ توحید کو مانیں گے اور شرک سے اجتناب کریں گے [57] ۔ یعنی توحید کو ثابت اور شرک اور تندید سے بچیں گے اور کلمہ سے مجرد تلفظ مراد نہیں۔ پھر ان لوگوں کو قرآن میں سے کچھ نہیں پہنچا نہ ہی شرائع دین سے کچھ پہنچا اگر رسالت کے خاتمے کے بعد یہ فرض کر لیا جائے اور انھوں نے توحید کو ثابت کیا ہو پس انھوں نے ایمان واجب ادا کر دیا جو ان پر اور ان جیسوں پر واجب تھا۔

کیونکہ انذار تو اللہ کی کتاب سے ہوتا ہے:

وَأُوحِيَ إِلَيَّ هَٰذَا الْقُرْآنُ لِأُنذِرَكُم بِهِ وَمَن بَلَغَ (الانعام:۱۹)

"اور اس قرآن سے میری طرف وحی کی گئی ہے تاکہ میں تمہیں اور جسے یہ پہنچے ڈراؤں۔"

اور ان لوگوں کو کتاب اللہ نہیں پہنچی تو ثابت ہوا کہ ان کا شرائع دین سے جہل اور اسکے واجب اصولوں سے جہلِ طلب حق میں تقصیر سے یا اعراض کے نتیجے میں نہیں تھا۔ بلکہ کتاب کے اُٹھ جانے کی وجہ سے تھا۔ اور وہ امر قہری ہے جو ان کے ارادہ سے باہر ہے۔ تو وہ اُن شرائع کی تفاصیل سے معذور سمجھے جائیں گے جو کہ صرف وحی کے ذریعے جانی جاتی ہیں۔ اس صورت میں کہ انھوں نے حنیفیت یعنی دین ابراہیمی کو کو ثابت کیا جس پر اللہ نے لوگوں کو پیدا کیا۔ [58]

---

[57] **نوٹ:** جس حدیث میں " لا الہ الا اللہ " پر جہنم سے بچنے اور جنت میں داخلے کا وعدہ ہو گا اس حدیث میں اس کلمہ کا صرف منہ سے کہنا مراد نہیں ہو گا بلکہ دوسرے احادیث کی روشنی میں اس کا یہ مطلب ہو گا کہ جس نے "لا الہ الا اللہ" اس کے معنے کو جانتے ہوئے، دوسرے معبودوں سے انکار کرتے ہوئے صدق دل سے ، اخلاص کے ساتھ، اس کے تمام تقاضوں کو دل سے مانتے ہوئے یقین کے ساتھ اور تمام کافر بنانے والے عقائد، اعمال اور اقوال سے اپنے آپ کو بچاتے ہوئے (یہ کلمہ) پڑھا تو وہ جنت میں جائے گا اور وہی مسلمان بھی ہے۔ مقبول ہنگو حفظہ اللہ

[58] بر خلاف اس کے کہ جسے قرآن پہنچا اور اس نے اعراض کیا اور توحید کا ثبوت نہ دیا۔ تو اُسے اصولِ دین اور فروع دونوں کی وجہ سے پکڑ ہو گی اور صحیح تو یہ ہے کہ اس میں سے کسی چیز پر اُسے چھوٹ نہیں ہو گی۔ اللہ نے فرمایا:﴿ مَا سَلَكَكُمْ فِي سَقَرَ ☆ قَالُوا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّينَ ☆ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِينَ ☆ وَكُنَّا نَخُوضُ مَعَ الْخَائِضِينَ ☆ وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّينِ ☆ حَتَّىٰ أَتَانَا الْيَقِينُ ☆ فَمَا تَنفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشَّافِعِينَ ☆ "تمہیں جہنم میں کس چیز نے ڈالا۔ کہیں گے ہم نمازی نہیں تھے۔ نہ مسکین کو کھانا کھلاتے تھے۔ اور ہم اٹکل کرنے والوں کے ساتھ اٹکل کرتے تھے۔ اور ہم یومِ حساب کو جھٹلاتے تھے۔ یہاں تک کہ ہمیں یقین آ گیا ۔ پس اب سفارشی کی سفارش انہیں فائدہ نہیں دے گی۔ (مدثر) اور فرمایا:﴿ إِنَّهُ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللَّهِ الْعَظِيمِ ☆ وَلَا يَحُضُّ عَلَىٰ طَعَامِ الْمِسْكِينِ ☆﴾ "کہ وہ اللہ رب اعظیم پر ایمان نہیں رکھتا تھا۔ اور نہ ہی مسکین کو کھانا کھلانے پر ترغیب دیتا تھا۔" (الحاقۃ:۳۳-۳۴)

پس آپ (ان آیات میں اللہ کی طرف سے) فرع واصول (دونوں) کی وجہ سے اُن کی پکڑ کو سوچیں ، بات بہت لمبی ہو جائے گی ، اس کی تفاصیل ہمارے رسالے "الفرق المبین بین العذر بالجهل والاعراض عن الدین" میں آپ پائیں گے۔ ان کا حال ان سے قریب ہی جنھوں نے توحید کا ثبوت بعثت سے پہلے دیا۔ جیسے زید بن عمرو بن نفیل ہیں پس وہ اس قوم میں سے ہے۔ جس کے بارے میں اللہ نے کہا تھا:

لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ . یسٓ(٦:)

"تا کہ آپ ایسی قوم کو ڈرائیں جن کے آباء واجداد کو ڈرایا نہیں گیا اور وہ غافل تھے۔"

اور فرمایا:

لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ . (القصص:٤٦)

"تا کہ آپ ایسی قوم کو ڈرائیں جن کو آپ سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا۔"

پس نماز روزہ اور زکاۃ جو ہم پر فرض ہیں کی تفاصیل ان کو (یعنی زید بن عمرو بن نفیل جو رسالت سے پہلے موحد تھے) کو نہیں پہنچیں نہ انھوں نے ان میں سے کسی چیز پر عمل کیا۔ اس کے باوجود اس میں اُسے معذور سمجھا گیا اس لئے کہ اس نے اپنے حق میں واجب اصل ایمان کو ثابت کیا۔ اور حقیقت میں یہی حنیفیت ہے، شرک سے بچنا اور اصل توحید کو ثابت کرنا۔ پس وہ زید بن عمرو بن نفیل ملت ابراہیمی پر تھا۔ اسی بناء پر نبی ﷺ نے بتایا کہ وہ اکیلا امت ہو کر قیامت کے دن اٹھیں گے۔ بلکہ ان کا حال تو ان جیسا ہے جو نبی ﷺ کی بعثت کے بعد ایمان لائے اور نزول شرائع سے پہلے مکہ میں مرے۔ پس یہ لوگ ان پر واجب ایمان کو ادا کر گئے۔ جب انھوں نے توحید ثابت کی اور شرک اور تندید سے اجتناب کیا اور ہمارے محمد ﷺ کی رسالت کی گواہی دی اور یہ تمام جوابات اس وقت ہونگے اور حدیث صحیح ہو گی۔ اور جب حدیث میں ان الفاظ کی زیادتی صحیح ہو گی کہ: ((یا صلة تنجیهم من النار)) "اے صلۃ! وہ انہیں آگ سے بچالے گی۔" اگر یہ لفظ مرفوع ہے اور حذیفہ رضی اللہ عنہ کے قول سے مدرج [59] نہیں۔ اس سارے کا حاصل یہ ہے کہ موحد یقین کر لے کہ توحید کو ماننا اور اس کی ضد سے جو ہر وہ شرک ہے جو اسلام سے خارج کرنے والا ہو براءت کرنا اصل دین اور اس کی بنیاد ہے۔ اور رسولوں کی دعوت کی

---

59 مدرج، حدیث اس لفظ یا الفاظ کو کہتے ہیں جو راوی حدیث نے حدیث کو واضح کرنے وغیرہ کے لیے اپنی طرف سے کہے ہوں یہاں مؤلف حفظہ اللہ کا مطلب یہ ہے کہ یہ لفظ کہ: "یا صلة تنجیهم من النار" شاید حذیفہ رضی اللہ عنہ نے اپنے اجتہاد سے کہا ہو نبی ﷺ سے نقل نہ کیا ہو مگر بعض کے نزدیک یہ لفظ مرفوع کے حکم میں ہے کیونکہ ایسے الفاظ کا اپنی رائے سے کہنا جائز نہیں۔ از ہنگو حفظہ اللہ

بنیاد اور ان کی دعوت کی چکی کی کیلی ہے۔ اور یہ کہ تمام شرائع ان کی یعنی توحید اور شرک سے براءت کی حفاظت اور تحقیق اور نگرانی کے لئے نازل ہوئے ہیں۔ اور یہ امر محکم ہے اس میں شبہ کی گنجائش نہیں۔ ہر اس خبر کو اس اصل (یعنی توحید کو ماننا اور شرک سے برأت کرنا) کے تحت درج کرنا چاہیے اور اسی اصل کو سامنے رکھ کر (ہر اس خبر کو) سمجھنا چاہیے جو لوگوں میں سے کسی پر مشتبہ ہوتا ہو یا اس کو کوئی خیال کرنے والا اس محکم اصل کا مخالف ومعارض خیال کرتا ہو۔ یعنی اگر آپ کو کوئی حدیث ایسی ملے تو آپ اس کو اپنی سمجھ، خواہش وغیرہ کی عینک سے نہ سمجھیں بلکہ اس حدیث کو اسی اصل عینک سے سمجھیں۔ وہ اصل کے نیچے ہو اور اسی پر حمل ہو۔ کیونکہ وہی ام الکتاب اور اصل ہے نہ کہ اس خبر کو اس سے ٹکرایا جائے اور اس اصل کا مخالف بنایا جائے۔ اس کی تو بات ہی نہ کرو جو ان احادیث کے ذریعے اس اصل (یعنی توحید) کو منہدم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جیسا کہ مرجئہ عصر اپنے طواغیت کی آنکھوں کی سیاہ کرنے کے لئے کرتے ہیں:

فَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُونَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَاءَ تَأْوِيلِهِ وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ إِلا اللَّهُ وَالرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ يَقُولُونَ آمَنَّا بِهِ كُلٌّ مِنْ عِنْدِ رَبِّنَا وَمَا يَذَّكَّرُ إِلا أُولُو الألْبَابِ. (آل عمران:۷)

"پس جن لوگوں کے دلوں میں کجی ہے وہ متشابہ کی پیروی کرتے ہیں فتنہ کو تلاش کرنے کے لئے اور اس کی معنی معلوم کرنے کے لیے اور اس کی تاویل (یعنی معنی) کوئی نہیں جانتا مگر اللہ ، اور راسخین فی العلم جو ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ "ہم اس پر ایمان رکھتے ہیں سب اللہ کی طرف سے ہیں جو ہمارا رب ہے اور اس سے صرف صاحبِ عقل ہی نصیحت لیتے ہیں۔"

اللہ سے دعا ہے کہ وہ مجھے اور آپ کو راسخین فِی العلم میں سے کر دے۔

شاطبی رحمۃ اللہ علیہ اعتصام میں کہتے ہیں: "جزئی فروع کا کلی اصول سے مخالفت ممکن نہیں۔ کیونکہ جزئی فروع اگر کسی عمل کا تقاضا نہیں کرتی تو وہ محل توقف میں ہیں[60]۔ اور اگر عمل کا تقاضا کریں تو اصول کی طرف رجوع ہی صراطِ مستقیم ہے۔ پس جس نے معاملہ کو الٹا کیا اس نے حق سے دور ہونے کی کوشش کی اور حکمِ ذم میں داخل ہوا"۔

60 محل توقف میں ہیں، کا معنی یہ ہے کہ اس کے بارے میں توقف کیا جائے گا اور کہا جائے گا کہ ہمارا اس پر ایمان ہے اور یہ کہ یہ ہمارے رب کی طرف سے ہے۔

اور اس باب میں ہم طالبِ حق کے لئے اسی قدر ذکر پر کفایت کرتے ہیں اور جس کے لیے اللہ فتنہ میں ڈالنے کا ارادہ کرلے تو آپ اسے اللہ سے (بچانے) کے لیے کسی چیز کا اختیار نہیں رکھتے۔۔

☆ شبہ: کہ طواغیت اور ان کے غلام نماز پڑھتے ہیں۔

جو کچھ پیچھے گذر چکا اس سے آپ پر ان کے شبہات میں سے دوسرے شبہ کا بطلان بھی ظاہر ہو جائے گا۔ اور وہ یہ ہے کہ ان کی یہ حجت کہ ان کے بعض طواغیت اور ان کے پیروکار نماز پڑھتے ہیں۔ اور ایسے نصوص ذکر کرتے ہیں جن میں نماز کا ذکر عاصِمِ دَم کے طور پر ہو یعنی "جن میں نماز کا ذکر (آدمی) کی جان بچانے والے کے طور پر ہو مطلب یہ ہے کہ یہ لوگ اپنے شبھے کی دلیل میں وہ نصوص بیان کرتے ہیں جن میں کہا گیا ہو کہ جو نماز پڑھے اس کی جان اور اس کا خون مسلمان کے لیے حرام ہے۔ پس وہ گمان کرتے ہیں کہ صرف اکیلی نماز ہی عصمت دلاتی ہے۔ اور یہ کہ ہر وہ جو نماز پڑھے وہ مسلمان اور معصوم جان ومال ہو گا یعنی اس کی جان ومال محفوظ ہوں گے۔ چاہے وہ نواقضِ اسلام میں سے کچھ بھی کرتا رہے۔ کیا وہ نماز نہیں پڑھ رہا ہے؟

اور آپ جان گئے ہیں کہ اس طرح کے نصوص کو ان کے مبینات کے ساتھ جمع کیا جاتا ہے اور سلف ان نصوص کو ایسے نمازی پر حمل کرتے ہیں جو کہ توحید کا التزام رکھتا ہو اور شرک اور دوسرے نواقضِ اسلام سے بچتا ہو چاہے ظاہری کیوں نہ ہو۔ سلف میں سے کسی نے بھی یہ نہیں سمجھا کہ ان جیسے لوگ جن کے بارے میں یہ احادیث کہی گئیں ہیں صرف نماز کی وجہ سے محفوظ اور مسلمان ہوں گے اگرچہ وہ (نمازی) طاغوت کے پاس فیصلے لے جاتا ہو اور اس کی اور اس کے پیروکاروں کی مدد کرتا ہو مثلاً: یا اللہ کے دین میں طعن کے باوجود یا اس کی شریعت کے ساتھ مذاق یا اسی طرح کے دوسرے نواقض کے باوجود. اور اللہ کا یہ قول گذر چکا ہے کہ:

لَا تَعْتَذِرُوا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ إِيمَانِكُمْ. (توبۃ: ٦٦)

"معذرت نہ کرو تحقیق تم ایمان لانے کے بعد کافر ہو گئے ہو۔"

پس یہ آیت ان لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی تھی جو اسلام کا اظہار کرتے اور نماز پڑھتے تھے بلکہ جہاد کرتے تھے۔ کیونکہ وہ نبی ﷺ کے ساتھ غزوہ تبوک میں گئے تھے۔ اس سب کے باوجود اللہ نے ان کو کافر کہا جب انھوں نے ناقضِ اسلام میں سے کسی ناقض کا ارتکاب کیا۔ اور ہم نے اس سے پہلے ایسی بہت سی مثالیں ذکر کیں جو اس کی بیمار سوچ کا بطلان کرتی ہیں اور ان میں سے اکثر وہ لوگ جو ان نصوص کے فہم اور سمجھنے

میں غلطی کرتے ہیں یا ان (نصوص) کے گردنوں کو توڑتے مروڑتے ہیں آپ انہیں اس طرح بھی پائیں گے کہ تارک نماز کو کافر قرار دیتے ہیں اور اس پر مرتد کا حکم لگاتے ہیں پس اس کا نکاح باطل کرتے ہیں اور اس کی بیوی کو اس سے الگ کرکے اس کے مسلمان اہل وعیال سے اس کی میراث روکتے ہیں اور ایسے ہی دوسرے کام جو رِدّت کی لوازمات ہیں اور اسی حال میں جس حال میں وہ تارک نماز کو کافر کہتے ہیں وہ اپنی طرف سے شریعت بنانے والے طواغیت کی تکفیر میں تردد کرتے ہیں۔ مع اس کے کہ اسلام اور ایمان طاغوت کے کفر کے تارک سے سلب ہو۔ یہ زیادہ اولیٰ ہے کہ اسلام تارکِ نماز سے سلب ہو (یعنی طاغوت کو کافر نہ کہنے والے کا ایمان نماز نہ پڑھنے والے کے ایمان سے زیادہ سلب ہونے کے لائق ہے) کیونکہ کفر بالطاغوت (یعنی طاغوت کے ماننے سے انکار) جب فرض ہوا تھا تب نماز، زکاۃ وغیرہ نہیں تھے۔ تو ایک وقت ایسا (ضرور) تھا جس میں صرف (کفر بالطاغوت) اللہ پر ایمان اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے رسول ہونے کا اقرار خون اور جان بچانے والا تھا، اور ایک وقت تک اسلام وایمان کی علامت تھا۔ جیسا کہ پہلے گذر چکا اور یہ کہ نماز کی فرضیت کے بعد بھی وہ نماز اس وقت تک صحیح نہیں جب تک اس رکن عظیم کو نہ مانا جائے اور یہ مسلمانوں کے اجماع کے ساتھ معلوم ہے۔ پس طاغوت کا کفر یعنی طاغوت کے ماننے سے انکار کو ترک کرنے والا مسلمان یا مؤمن نہیں کہلائے گا اگرچہ اس کے ساتھ اسلام وایمان کے شعب میں سے کوئی شعبہ بھی کیوں نہ ہو۔ جیسے نماز وغیرہ۔ یہاں تک کہ وہ توحید کو (دل سے) مانے اور طواغیت کو ماننے سے انکار کرے بلکہ اگر تمام ایمانی شعب پر بھی عمل کرلے تو بھی اس کو کوئی فائدہ نہیں دے گا جب تک کہ اس نے ان شعب میں سے اعلیٰ شعبہ کو ترک کردیا اور ان تمام شعبوں کی صحت کی شرط کو جب تک اس نے ترک کردیا ہے [61]۔ پس اسی سے آپ ان کی دلیل کا بطلان جان جائیں گے جو وہ اپنے نمازی طواغیت کے لئے کرتے ہیں!! ان احادیث کے ذریعے سے جیسے وہ حدیث جسے امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ ام المؤمنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''عنقریب ایسے امراء ہوں گے جنھیں تم پہچانو گے اور ان کا انکار کروگے پس جس نے پہچان لیا وہ بری ہوا [62] اور جس نے انکار کیا محفوظ ہوا لیکن جو راضی ہوا اور اطاعت

61 تمام شعبوں کی صحت کی شرط سے مراد اللہ پر ایمان محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے رسول ہونے کا اقرار اور طاغوت کے ماننے سے انکار ہے۔

62 یہ صحیح مسلم میں حدیث نمبر ۱۸۵۴ کے الفاظ ہیں: ''جس نے پہچان لیا وہ بری ہوا'' کا معنی یہ ہے کہ: جس نے ان اُمراء اور حکمرانوں کے منکر اور اسلام کے مخالف کاموں کو پہچان لیا اور پر معروف ومنکر مشتبہ نہیں ہوئے تو گویا اس کو اس منکر کے گناہ اور اس کے سزا سے خلاصی کا اور بری ہونے کا راستہ مل گیا وہ اس طرح کہ اگر وہ قدرت رکھے تو اس منکر کو ہاتھ یا زبان سے منع کرے اس کو اس پر قدرت اگر نہ ہو تو دل سے ان سے نفرت کرے۔ مگر حدیث نمبر ۱۸۵۵ میں اس طرح کے الفاظ ہیں

کی (وہ تباہ ہوا) صحابہ رضی اللہ عنہم نے کہا؟ کیا ہم ان سے جہاد نہ کریں؟ فرمایا: "نہیں جب تک وہ نمازی ہیں" پس سوال اصل میں ظالم ائمہ کے خروج کے بارے میں تھا اور مرجئہ عصر کی آنکھیں خوف کے مارے اس کے ذکر کے وقت گھوم جاتی ہیں اور اسے فتنہ شمار کرتے اور خوارج کی سوچ کہتے ہیں!! چاہے وہ خروج ائمہ کفر کے خلاف ہو یہاں نماز کا ذکر (جیسا کہ علماء نے ذکر کیا ہے) اشارہ ہے اقامتِ دین و توحید کی طرف۔ اس دلیل کی وجہ سے کہ نماز اصل توحید کے توڑنے کے ساتھ کوئی فائدہ نہیں دیتی۔ پس کبھی آدمی نماز، زکوٰۃ دینے والا اور مجاہد ہوتا ہے اور اس کے باوجود کافر ہو جاتا ہے۔ اور اس کا مال و جان صرف "لا الٰہ الا اللہ" کے کسی ناقض میں واقع ہونے کی وجہ سے حلال ہو جاتا ہے۔

اسی لئے نووی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم کا یہ قول کہ ((افلا نقاتلہم)) کیا ہم ان سے جنگ نہ کریں؟ فرمایا (صلی اللہ علیہ وسلم نے) "نہیں جب تک وہ نمازی ہیں" پس اس میں وہی معنی ہے جو گذر چکا کہ خلفاء کے خلاف خروج صرف ظلم و زیادتی کی بنا پر نہیں ہوتا۔ مگر جب وہ قواعدِ اسلام میں سے کچھ بدل نہ ڈالیں۔ اور تم نے یہ بھی جان لیا کہ اسلام میں دخول صرف نماز کے ذریعے نہیں ہوتا بلکہ اس سے پہلے لازمی ہے کہ کلمۂ توحید کا ماننا اور شرک سے براءت کی جائے۔ اور یہ اسلام کے اہم اور جلی قواعد میں سے ہے۔ اور تم نے جان لیا کہ اس قوم نے اسے منہدم کر دیا ہے۔ اور نماز، زکاۃ، روزہ، حج، مساجد کا بنانا اور مال دولت کو وقف کرنا وغیرہ جو ان چیزوں میں سے ہیں جن کے بارے میں ہمارا جھگڑا ہے ہی نہیں (یہ سب) اصل دین کو منہدم کرنے اور اس کلمہ اخلاص (لا الٰہ الا اللہ) کو توڑنے کے باوجود کیا فائدہ دے گا جس کلمہ کے بغیر مذکورہ بالا چیزوں میں سے کوئی چیز قبول نہیں اور ان مذکورہ بالا چیزوں میں سے تمام چیزیں فرض نہیں ہوئے مگر اس کلمہ کے بعد۔ اور یہ دین کے عظیم قواعد میں سے ہے جس کے منہدم ہونے سے تمام اعمال ریت کی طرح اڑ جائیں گے اور دین منہدم ہو جائے گا۔ اور یہی یہاں میری مراد ہے کہ اللہ کے علاوہ کسی کو حاکم اور الٰہ اور ربّ قانون ساز بنایا جائے۔ اور لوگوں پر اس دین اور اللہ کی شریعت کے خلاف تشریع میں داخل ہونے کو لازم کیا جائے۔ اور اسے عدالت کا نام دیا جائے۔ اللہ اور ہر وہ شخص جس کے دل کو ھدایت ہوئی ہو جانتا ہے کہ یہ کفر شرک اور گمراہی ہے۔ (حکمران کفر، شرک اور

کہ: جس نے نفرت کیا وہ بری ہوا۔ یعنی جو اس منکر کو ہاتھ اور زبان سے منع نہیں کر سکتا اگر اس نے صرف دل سے ہی اس منکر کو ناپسند کیا اور اس سے نفرت کیا تو بھی وہ بری ہو جائے گا۔ شرح مسلم۔

ضلالت) کے ساتھ ساتھ اللہ کے دین سے بھی (لوگوں کو) منع کرتے ہیں اور اللہ کے دوستوں (مجاھدین وغیرہ) کے خلاف بھی لڑتے بھی ہیں پھر بھی کہا جاتا ہے کہ یہ حاکم یا حکمران نماز پڑھتا ہے یا پڑھتے ہیں!!۔

شیخ عبد اللطیف آل شیخ رحمۃ اللہ علیہ (مصباح الظلام: ص:۳۲۸) پر کہتے ہیں: جس کسی نے اسلام کے مبانی میں سے صرف ایک پر عمل کرنے کو اسلام بنالیا اللہ کی توحید اور شرک سے براءت کو چھوڑنے کے باوجود تو وہ سب سے زیادہ جاہل اور گمراہ ہے۔ اور یہ جاہل لوگ اس بات کا اقرار کرتے ہیں کہ جس نے بعثت کا انکار کیا وہ کافر ہوا اور قتل کیا جائے گا اور اس کا مال وجان حلال ہو گئے۔ چاہے وہ نماز پڑھے روزے رکھے یا حج کرے اور زکاۃ دے۔ اور اس نے کلمۂ توحید کہا اور یہ دعوٰی کیا کہ وہ اس کا اعتقاد بھی رکھتا ہے۔ اور یہ کہ جس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی کی نبوت کو مانا (جیسے بہائیہ اور البابیہ قادیانیہ وغیرہ) تو وہ اس بناء پر ان کو کافر قرار دیتے ہیں۔ اور ان کا مال اور جانیں حلال ہوئیں چاہے وہ نماز پڑھیں اور روزہ رکھیں اور حج وزکاۃ دیں اور کلمۂ توحید ہزار بار پڑھیں۔ اور یہ کہ جو قرآن میں زیادتی یا کمی کا قائل ہو اور صحابہ رضی اللہ عنہم کو خائن کہا اور ان کو کافر کہا اور ام المؤمنین سیدہ مطہرہ عائشہ بنت ابی بکر الصدیق رضی اللہ عنہا کی عزت میں طعن کیا۔ تو وہ کافر ہوا چاہے وہ نماز پڑھے روزہ حج کرے زکاۃ اور خمس دیتا رہے۔ اور مساجد تعمیر کروائیں اور کلمۂ توحید پڑھا اور اس پر اعتقاد رکھنے کی قسم کھائی۔ پھر جب ہم ان کے طواغیت کی کفریات صریحہ اور نواقض قبیحہ کا ذکر ان کے (سامنے) کرتے ہیں تو وہ گدھوں کی طرح بدک جاتے ہیں اور ان طواغیت کو فاسد اور بہت سے فوارق والے قیاس کے ذریعے ایسے حکمرانوں پر قیاس[63] کرتے ہیں جو ظالم ہونے کے باوجود اللہ کی شریعت کو نافذ کرنے والے تھے۔ اور یہ کہا کہ "وہ تو نماز پڑھتے ہیں" پس بہت دوری ہے ایسی ظالم قوم کے لئے۔

---

[63] **نوٹ:** قیاس مع الفارق ایسے قیاس کو کہتے ہیں جس میں اس چیز کے درمیان جس کو قیاس کیا جاتا ہے اور اس چیز کے درمیان جس پر قیاس کیا جاتا ہے فرق ہوتا ہے۔ یعنی قیاس میں دو چیزیں ہوتی ہیں ایک اصل جس پر قیاس کیا جاتا ہے اور دوسرا فرع جس کو قیاس کیا جاتا ہے اب اگر اس اصل وفرع میں فرق ہو تو اس کو قیاس مع الفارق کہتے ہیں جو بالاجماع باطل ہے۔ یہاں اس کی مثال اس طرح ہے کہ: تابعین وغیرہ کے زمانے میں حکمران ظالم ہونے کے ساتھ ساتھ شریعت کو نافذ کرنے والے تھے احادیث میں ایسے ہی حکمرانوں کے خلاف خروج سے منع کیا گیا ہے۔ اب یہ حکمران اصل ہوئے۔ ہمارے زمانے کے حکمران (فرض کرو) دو طرح کے ہیں ایک وہ جو ظالم ہونے کے ساتھ ساتھ اللہ کی شریعت کی حکمرانی کو قبول کرتے ہیں اور اس کو نافذ کرتے ہیں، ان کو اگر حدیث میں اور سلف کے اقوال میں ذکر کئے گئے حکمرانوں پر قیاس کیا جائے اور کہا جائے کہ ان کے خلاف خروج کرنا احادیث کی مخالفت، اور خارجیت ہے تو یہ صحیح قیاس ہو گا۔ دوسرے قسم کے حکمرانوں کو جو اللہ کی شریعت کی حکمرانی کو نہیں مانتے۔ اگر احادیث میں ذکر کیے گئے حکمرانوں پر قیاس کیا جائے اور ان کے خلاف خروج کو ممنوع قرار دیا جائے تو یہ قیاس مع الفارق اور فاسد قیاس ہو گا۔ از ہنگو حفظہ اللہ

☆ شبہ: ﴿وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ﴾ "یہود کے بارے میں نازل ہوئی اور ان ہی پر خاص ہے"

اور ان لوگوں کا ایک اور شبہ بھی ہے جس کے ساتھ وہ اپنے طواغیت، قانون ساز اور جن کی اللہ کے علاوہ عبادت کی جاتی ہے کی پیوند کاری کرتے ہیں۔ اور وہ ہے ان کا یہ کہنا کہ آیت: ﴿وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ﴾ "جو اللہ کے نازل کردہ پر حکم نہ کرے وہ ہی لوگ کافر ہیں۔" اس شبہ والے لوگ کہتے ہیں کہ: یہ یہود کے بارے میں نازل ہوئی اور انہی کے لئے خاص ہے۔

اور اس پر ردّ بہت سے وجوہ کے ذریعے ہے:

پہلا: کہ تم جان لو کہ اس آیت کے منطوق سے اصل میں کفر اکبر صریح مراد ہے [64] جبکہ اس آیت میں تعریف کا آنا اس بات کی دلیل ہے کہ اس سے کفرِ حقیقی مراد ہے۔ ﴿فَأُولَئِكَ﴾ معرفہ ہے "هُمْ" معرفہ ہے اور "ال" تعریف کا حرف ہے اور اس سے زیادہ قوی تعریف کہیں نہیں پس معنی یہ بنتا ہے کہ "وہ لوگ دوسروں سے زیادہ وصفِ کفر کے حقدار ہیں"۔ (حدّ الاسلام وحقیقۃ الایمان: ص: ۴۱۲)

اور یہ ویسا ہی ہے جیسا کہ حدیث میں مروی ہے: ((فاولئك هم الشهداء)) "پس یہی شہید ہیں۔" مطلب وہی لوگ شہادت کے لئے خاص ہیں دوسرے شہیدوں کی طرح جیسا کہ معرّفۃ الطرفین والے جملہ اسمیہ سے معلوم ہوتا ہے [65]۔ اور مبتداء اور خبر کے درمیان ضمیر منفصل سے بھی معلوم ہوتا ہے۔ (الدرر السنیۃ کتاب الجہاد)

شیخ عبد المجید شاذلی (حدّ الاسلام: ۴۱۲) میں اس آیت کے بارے میں کہتے ہیں کہ: "(سورہ مائدۃ آیت 44 میں الکافرون) کا لفظ اپنے اطلاق پر ہے اثبات میں نکرہ نہیں ہے جیسا کہ (یہ لفظ کفر) نبی ﷺ کی اس حدیث

---

[64] اور اصغر میں اس کے استعمال کی ممانعت نہیں۔ گناہگاروں کو ڈرانے کے باب میں جیسا کہ اکثر اہل علم وعید کی آیات میں کرتے ہیں۔ قرطبی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں "یہ بعید نہیں کہ وہ احکام جو اللہ نے مشرکین کے لئے نازل کئے مسلمین پر بھی لاگو ہوں" اور انھوں نے عمر رضی اللہ عنہ کے اس آیت کی تشریح میں قول سے استدلال کیا ﴿اذهبتم طيباتكم في حياتكم الدنيا.﴾ "تم نے اپنی زندگی میں اپنی اچھائیوں کو ختم کر دیا" فرمایا: یہ آیت کفار کے بارے میں نص ہے اس کے باوجود عمر رضی اللہ عنہ نے اسے ڈانٹ سمجھا یعنی یہ آیت جو ان کے حالات کے کسی حد تک مناسب تھی اور کسی صحابی نے ان کا انکار نہیں کیا۔

[65] معرفۃ الطرفین وہ جملہ اسمیہ ہوتا ہے جو جملہ اسمیہ دونوں طرف معرفہ واقع ہو یعنی مسند الیہ بھی معرفہ ہو اور خبر بھی معرفہ ہو مبتدا بھی معرفہ ہو خبر بھی معرفہ ہو وغیرہ۔

میں (نکرہ ہے) اثنان فی الناس ھمابھم کفر، الطعن فی النسب لوگوں میں دو چیزیں ہیں اور یہ دونوں ان میں کفر کی چیزیں ہیں (ان میں سے ایک) نسب میں طعن کرنا ہے........الخ بلکہ (اس آیت میں ۴۴ میں لفظ الکافرون[66]) معرّف باللام میں سے ہے (یعنی الف ولام کے ساتھ معرفہ ہوا ہے) نکرہ میں نہیں ہے۔ نہ ہی مقید میں سے ہے جیسا کہ اس فرمان الٰہی میں ہیں:

مِنْ مَّاءٍ دَافِقٍ. (الطارق:۶)

"اچھلتے پانی سے۔"

منی کو ایک مقید نام سے ذکر کیا گیا۔ اسم مطلق میں داخل نہیں کیا۔

اسی طرح سورۃ الطارق آیت نمبر ۶ میں پانی کو مطلق ذکر نہیں کیا بلکہ اس کو اچھلنے کے ساتھ مقید کیا جس طرح سورۃ النساء آیت نمبر ۴۳ میں پانی مطلق ذکر کیا کہا:

فَلَمْ تَجِدُوا مَاءً فَتَيَمَّمُوا. (النساء:۴۳)

"اگر تم پانی نہ پاؤ تو تیمم کر لو۔ (یہاں مطلق پانی مراد ہے)"

تو اس وقت اصل یہ ہو گی (اصل سے یہاں وہ معنٰی مراد ہے جس معنی کا بغیر دلیل کے چھوڑنا جائز ہو) کہ اس آیت میں لفظ الکفر کا معنی اپنے اطلاق پر اور اپنے شرعی واصلی حقیقت پر ہو گا۔ اور اس معنی سے ہٹایا نہ جائے کہ وہ مجاز میں سے ہو جائے (یا اسے کسی دلیل کے بغیر مقید کیا جائے)۔

دوسرا: کہ تم جان لو کہ اسی معاملہ نے (میرا مطلب یہ ہے کہ یہ آیت کفرِ اکبر کے بارے میں بیان کرتی ہے جو کہ ملت اسلام سے خارج کرنے والا ہے) بہت سے سلف کو اس بات پر اکسایا کہ وہ اس آیت کی تاویل (یعنی تفسیر) میں کہنے لگے کہ یہ آیت کفار، یہود اور اہل کتاب کے بارے میں ہے۔ کہ وہ کفار کے بارے میں نازل ہوئی

---

66 مذکورہ بالا عبارت میں جو یہ لکھا ہے کہ "الکافرون کا لفظ اپنے اطلاق پر ہے" کا مطلب یہ ہے کہ: الکافرون لفظ کا اس آیت میں جو معنی ہے وہ معنی اصلی شرعی اور حقیقی ہے اور کفر کا حقیقی اور شرعی معنی اسلام سے خروج اور اسلام میں نہ ہونا ہے یعنی اس آیت میں ﴿فاولئك هم الكافرون﴾ کا شرعی و حقیقی معنی یہ ہے کہ یہ لوگ اسلام سے خارج ہیں۔ مگر ایک بات ہے جسے مؤلف نے بھی آگے قدرے وضاحت کے ساتھ بیان کیا ہے کہ اس آیت میں "مَنْ" عام ہے اس شخص کو بھی شامل ہے جو ہمیشہ کے لیے اللہ کے نازل کیے ہوئے کے خلاف فیصلہ کرتے ہیں اور اس شخص کو بھی شامل ہے جو کبھی کبھار اپنے خواہشات سے مغلوب ہو کر ﴿ماانزل الله﴾ کے خلاف فیصلہ کرتا ہے لیکن سلف کے اقوال کے پیش نظر پہلے قسم کے لوگ اسلام سے بغیر کسی قید کے خارج ہیں چاہے وہ ماانزل اللہ کی اس مخالفت کو حلال کہے یا نہ کہے۔ اور دوسری قسم کے لوگ اسلام سے اس قید کے ساتھ اس وقت خارج ہوں گے جب وہ ما أنزل اللہ کی اس مذکورہ بالا مخالفت کو حلال سمجھے اور ما انزل اللہ سے انکار کرے۔ از مترجم ثانی مقبول ہنگو حفظہ اللہ

یا یہود یا اہل کتاب کے بارے میں ہے) جیسا کہ صحیح مسلم میں براء بن عازب رضی اللہ عنہ کا یہ قول ثابت ہے کہ "یہ (آیت) تمام کفار کے بارے میں ہے یعنی گناہگار مسلمانوں کے کے بارے میں نہیں ہے۔ تو (معلوم ہوا کہ) یہ آیت ایسے کفر کے بارے میں بات کر رہی ہے جو دین اسلام سے خارج کرنے والا ہے کافر نہ کرنے والے معاصی اور گناہوں کے بارے میں نہیں۔ بلکہ اس سے سلف نے خوارج پر ردّ کرنا چاہا کہ جب یہ آیت خطاکاروں ، گناہگاروں اور ظالم مسلمانوں کے بارے میں بیان کیا جائے تو پھر (یہ آیت) اپنے ظاہر پر محمول نہیں ہو گی (یعنی اس کا وہ ظاہری معنی مراد نہیں ہو گا جو اسلام سے خارج کرنے والا ہے) کیونکہ اس وقت اس آیت کا اپنے ظاہر پر محمول کرنا (اس کا ظاہری معنی مراد لینا) اس آیت کو ایسی جگہ پر رکھنا ہے جس کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہیں۔ جبکہ وہ قواعدِ دین اور اس کی حدود کو بدلنے والے کفار کے بارے میں ہے۔ جو کہ اللہ کے ساتھ شرع سازی کرتے ہیں جس کا اللہ نے اذن نہیں دیا وہ ویسا کرتے ہیں جیسا یہود وغیرہ نے کیا۔ پس اگر کوئی اس میں پڑا جس میں یہود پڑے تو یہ آیت ظاہراً اُسپر بھی لاگو ہو گی۔ اور اگر بات گناہگاروں ظالموں اور خطاکاروں کے بارے میں ہو تو پھر ان کے بارے میں اس آیت کا ظاہری معنی مراد لینا صحیح نہیں ہو گا۔ سوائے اس تأویل کے کہ اس سے مراد انکار اور استحلال ہے۔ اسی طرح ہمارے محقق علماء کرتے ہیں۔ تو آپ اسے اچھی طرح سمجھ لیجئے۔ کیونکہ یہ مرجئہ عصر کے شبھات کو اس باب میں قطع کرتی ہے۔ اور میں نے شاذلی کی کتاب (حد الاسلام وحقیقۃ الایمان: ص:۴۰۷) پر ایسی ہی بات پائی ہے جس کا خلاصہ حاضر ہے: خوارج نے چاہا کہ جو کوئی یعنی ﴿مَنْ﴾ میں حکم کی سرکشی اور قاضیوں کا ظلم اور مطلق مخالفتِ شریعت داخل کر دیں۔ اور یہ کہ وہ صرف امام کی غلطی پر اُسے کافر نہ کہیں یہاں تک رعایا بھی اس کے ساتھ کافر ہو۔ اس بات کا باطل ہونا دین سے یقینی طور پر معلوم ہے۔ اور اسی لئے تو رسول صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ رضی اللہ عنہم اور تابعین رحمۃ اللہ علیہم اور اہل قرون ثلاثۃ میں سے ان کے تابعداروں نے اس کا انکار کیا۔ اور اس آیت کی تفسیر میں ان کے ردّ میں اقوال کہے اور (سلف) کا کلام اس (آیت کی تفسیر) میں اس ضرورت کے مطابق ہوتی تھی جو ان کو پیش آتی۔ اور انھوں نے مرجئہ عصر کا گزشتہ مسلک کا ذکر کیا جس میں (مرجئہ نے) ابن عباس رضی اللہ عنہ اور ابو مجلز کے ان اقوال پر تکیہ لگایا ہے جو انھوں نے خوارج کے ردّ میں کہے تھے تا کہ وہ (مرجئہ عصر) اس کے ذریعے اس بات کو ثابت کرے کہ جو اختلاف کے وقت اللہ کی شریعت کے علاوہ دوسری شریعت کی طرف اپنے فیصلے لوٹائے وہ اس سے دین اسلام سے خارج نہیں ہو گا۔ پھر

انھوں نے کہا: خوارج نے اس آیت ۴۴ کے حکم کو اپنے ظاہر پر باقی رکھا اور جس حکم کے ساتھ اس (آیت) کا تعلق تھا اُس سے انھوں نے اسے موڑ دیا، اور ان (مرجئہ عصر) نے بھی اس حکم کو اس کے متعلق کے ساتھ جوڑا اور کبھی اس بات کے ساتھ جوڑا جس کے ساتھ اس حکم کا کوئی تعلق نہیں ہے [67]۔

تیسری قسم کا ردّ: یہ کہا جائے (اس لئے جو گذر چکا) کہ جس نے یہ کہا کہ یہ یہود کے بارے میں نازل ہوئی اس میں کوئی مانع نہیں۔ کہ یہ آیت اس کے لئے بھی عام ہے جو اس چیز میں واقع ہوا جس میں یہود واقع ہوئے کیونکہ نصوصِ شریعت میں لفظ کا عموم معتبر ہے نہ کہ خصوصِ سبب اور لفظ "مَنْ" چاہے موصولہ ہو یا شرطیہ یا استفہامیہ، یہ سب عموم کے صیغے ہیں۔ جیسا کہ اہل اصول فقہ کے نزدیک معلوم ہے اور اس آیت میں شرطیہ واقع ہوا ہے۔ پس وہ عام اور متناول ہے ہر شخص کو جس کو مطلق لفظِ "مَنْ" شامل ہے گرچہ اس آیت کا اول نزول کسی خاص قوم کی طرف تھی۔ اور لفظِ عام میں اصل بات یہ ہے کہ وہ تمام افراد کو شامل ہوتا ہے۔ اور بغیر دلیل کے خصوص کی طرف نہیں جایا جائے گا۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ تاتار کے بارے میں اپنے کلام میں کہتے ہیں: "کہ کتاب وسنت کے نصوص جو کہ دعوتِ محمد ﷺ ہیں دونوں لفظی عموم یا معنوی عموم کے ذریعے تمام مخلوق کو شامل ہیں اور کتاب وسنت میں کئے گئے اللہ کے وعدے آخری امتی پر بھی اسی طرح لاگو ہیں جیسا کہ پہلے امتی پر۔ (الدرر السنیۃ جزء الجہاد: ص: ۸۴)

اور شیخ عبد الرحمان بن حسن رحمۃ اللہ علیہ الدرر السنیۃ میں کہتے ہیں کہ: "یہ قول کہ اللہ تعالیٰ کا اپنی کتاب میں خطاب اور رسول ﷺ کا اپنی سنت میں خطاب صرف ان سے متعلق ہیں جن کے بارے میں وہ نازل ہوئے ہیں۔ یہ تو کوئی نابلد اور شریعت اور اس کے احکام سے جاہل آدمی بھی نہیں کہے گا۔ بلکہ یہ جسارت تو وہ بھی نہ کرے گا جو باطل کے ساتھ جھگڑا کرتے ہیں (یعنی باطل کا دفاع کرتے ہوئے باطل دلیل کی مدد سے مناظرہ کرتے ہیں) تاکہ ان کو کوئی جاہل و گمراہ نہ سمجھے کیونکہ (اس طرح کی جسارت) جہالت و گمراہی کی سب سے واضح دلیل ہے۔ (افراخ مرجئہ نے بار بار اس قول کے باوجود اس زمانے میں یہ جسارت کی ہے۔ اسی سے آپ ان کی جہالت معلوم کرسکتے ہیں) اور اس قول کے قائل کو لازم ہو جاتا ہے (یعنی اس قول کے قائل کی بات کا یہ نتیجہ

67 یعنی اس آیت کا جو تعلق مسلمان گناہگاروں کے ساتھ ہے اُسے اِن مرجئہ عصر نے طواغیت کے متعلق کر دیا۔ مترجم

خود بخود نکلتا ہے) کہ شریعت معطل ہو اور ان لوگوں کے خلاف جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد مرتد ہو گئے تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم کا جنگ کرنے کی وجہ سے ان پر طعن کرنا جائز ہو۔(عبدالرحمن بن حسن نے) پھر لگاتار اس باطل قول کے لوازم کا ذکر کیا اور قرآن کو حاکم بنانے اور اس کو مطلقاً مقدم رکھنے کے دلائل ذکر کئے پس اس کے لئے آپ کتاب کے جزء جہاد ص:۸۹ کو ملاحظہ کریں۔

اور ان کا بیٹا شیخ عبداللطیف رحمۃ اللہ علیہ (مصباح الظلام:ص:۱۴۰) میں کہتا ہے:"کہ جس نے (اس بات سے) انکار کیا کہ (اللہ کا) قرآن کو نازل کرنا اور وہ احکام جن پر قرآن دلالت کرتا ہے ان اشخاص اور ان حوادث کے بارے میں ہیں جو عموم لفظی کے تحت آتے ہیں تو وہ تمام مخلوق سے گمراہ شخص ہے اور اس چیز سے جس پر اہل اسلام اور ان کے علماء ہر زمانے اور ہر طبقے میں رہے ہیں سب سے زیادہ جاہل ہے اور قرآن اور اس سے استدلال کا نزاع واختلاف کے وقت سب سے زیادہ تعطیل کرنے والا اور چھوڑنے والا ہے۔حالانکہ اللہ نے فرمایا ہے کہ:

فَإِن تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللهِ وَالرَّسُولِ. (النساء:۵۹)

"اگر تم میں کسی چیز میں نزاع ہو جائے تو اُسے اللہ اور رسول کی طرف لوٹا دو۔"

اور اللہ کی طرف لوٹانا در حقیقت اس کی کتاب کی طرف لوٹانا ہے۔اور رسول کی طرف لوٹانا اس کی سنت کی طرف ہے۔

اور اللہ نے فرمایا:

لِأُنذِرَكُم بِهِ وَمَن بَلَغَ. (الانعام:۱۹)

"تاکہ میں تم کو اور جس تک یہ (قرآن) پہنچے اس کے ذریعے ڈراؤں۔"

پس قرآن کے نصوص اور احکام عام ہیں۔کسی سبب کی خاصیت سے خاص نہیں۔تو پھر جو کوئی یہودیوں والے کام کرے جو انھوں نے اللہ کے رستے سے روکنے اور اس سے کفر کرنے میں کئے ان کو کافر کہنے میں کیا چیز مانع ہے، باوجود معرفت کے ؟؟۔

اور شیخ عبداللطیف رحمۃ اللہ علیہ جزء (مختصرات الردود) میں فرماتے ہیں کہ:"کتاب اللہ کو سمجھنے سے روکنے والے اسباب میں سے یہ بھی ہے کہ انھوں نے یہ گمان کیا کہ جو کچھ اللہ نے مشرکین کے بارے میں کہا اور جو حکم ان پر لگایا اور ان کو وصف دیا وہ گذرے لوگوں اور قوموں کے ساتھ خاص ہے اور وہ ختم ہو گئے اور ان کا کوئی

وارث باقی نہیں۔ اور شاید بعضوں نے مفسرین کا یہ قول سن لیا کہ: یہ بتوں کی پوجا کے بارے میں نازل ہوئی۔ یہ نصارٰی کے بارے میں نازل ہوئیں۔ یہ صائبہ کے بارے میں نازل ہوئیں پس یہ احمق لوگ گمان کرتے ہیں کہ یہ انہی لوگوں سے خاص ہے۔ اور یہ کہ وہ حکم ان سے آگے یا لوگوں کے لیے نہیں ہے۔ یہ اُن تمام اسباب میں سے سب سے بڑا سبب ہے جو بندہ اور قرآن وسنت کے فہم کے درمیان حائل ہوتے ہیں۔ اور ان کا پوتا ابراہیم بن عبد اللطیف رحمۃ اللہ علیہ شعر کہتا ہے۔

''جو کوئی کتاب کی آیات کو اقتصار کرے گا اس کے نزول کے اسباب پر تحقیق اس نے خسارہ پایا پس اعتبار تو عموم لفظ کا ہے یہ قول ہے جس نے آسان ملت کے ارکان کو مضبوط کیا وہی لوگ ہدایت پر ہیں کہ جن کے بارے میں رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) نے ان کی فضیلت زمانی اور علمی عرفان پر نص کی یعنی ان کی فضیلت انھوں (صلی اللہ علیہ وسلم) نے بیان کیا۔'' (الدرر السنیۃ: جزء :ص:۱۴۰، مختصرات الردود)

اسی لئے حذیفہ رضی اللہ عنہ سے صحیح سند کے ساتھ ثابت ہے کہ انہوں نے ان آیات کی خصوصیت کے دعوٰی کا انکار کیا۔ پس ان کے ہاں یہ آیات یعنی ﴿وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ﴾ ذکر کی گئیں تو ایک آدمی نے کہا: کہ یہ بنی اسرائیل کے بارے میں ہیں۔ تو حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ''پھر تو بنی اسرائیل تمہارے لیے (بہت) اچھے بھائی ہیں۔ اگر تمہارے لئے تمام میٹھا اور ان کے حصے میں سب کڑوا ہو۔ ہرگز نہیں اللہ کی قسم تم لوگ ان کے رستے پر ایڑھی کی اونچائی جتنا چلوگے''۔

ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ نے حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے ذکر کیا ہے کہ انھوں نے کہا: (یہ آیت اہل کتاب کے بارے میں نازل ہیں۔ اور ہم پر بھی واجب ہیں)۔

اور اسماعیل القاضی (احکام القرآن[68]) میں کہتے ہیں: ''ظاہری آیات اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ جس نے ان جیسا فعل کیا اور اللہ کے مخالف حکم اختراع کیا اور اسے دین بنایا اس پر عمل کرتا ہے۔ پس اس پر بھی وہ وعید لازم ہوئی جو ان پر تھی۔ (فتح الباری: ۱۲۰/۳۱)

[68] لفظ دین نظام حکومت اور اس کے منہج کے معنی میں آتا ہے۔ جس طرح اللہ نے یوسف علیہ السلام کے بارے میں فرمایا: مَا كَانَ لِيَأْخُذَ أَخَاهُ فِي دِينِ الْمَلِكِ۔ اس (علیہ السلام) کے لیے بادشاہ کے دین، نظام اور قانون میں اپنے بھائی (بنیامین) کو لینا جائز نہیں تھا۔

القاسمی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر محاسن التأویل: ص:۱۹۹۹، میں کہتے ہیں: ''مسلم نے براء رضی اللہ عنہ سے جو روایت کی کہ اللہ کا یہ فرمانا:﴿وَمَنۡ لَّمۡ يَحۡكُمۡ بِمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ﴾(المائدہ:۴۴) تینوں آیات کفار کے بارے میں ہیں۔اسی طرح ابوداؤد نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ یہ تمام یہود کے بارے میں ہیں۔ خاص کر بنو قریظہ اوربنوالنضیر،اس میں کسی دوسرے پر شامل ہونے کی نفی نہیں۔کیونکہ معنی کا اعتبار عموم لفظ سے ہوتا ہے خصوصِ سبب سے نہیں۔اور لفظِ﴿مَن﴾شرط کے معنی میں واقع ہوا اس لئے یہ عموم کے لیے ہے۔

شیخ سلیمان بن عبد اللہ بن شیخ محمد بن عبدالوہاب رحمۃ اللہ علیہ (توحید الخلائق:ص:۱۴۱)کی توضیح میں فرماتے ہیں ''سبب نزول اگرچہ خاص ہو پس عموم لفظ اگر منسوخ نہیں تو معتبر ہے اور اللہ کا یہ فرمانا:﴿ وَمَنۡ لَّمۡ يَحۡكُمۡ بِمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ﴾اس میں لفظِ﴿مَنۡ﴾داخل ہے جو شرط کے لئے ہے تو اس لیے یہ عموم کے لیے ہوگا۔

اور معاملہ کیسا بھی ہو۔آپ پر یہ واضح ہوچکا ہے کہ یہ آیات ہر اُس شخص کو شامل ہیں جس نے اللہ کی حدود کو بدلا اور اللہ کی اجازت کے بغیر ایسا قانون بنایا جس کی اللہ نے اجازت نہیں دی تھی اس کے ساتھ شرع سازی کی۔چاہے اس نے کوئی دستور بنایا یا میثاق کیا یا مرسوم بنایا یا یاسق [69] کو (اپنا) قانون بنایا یہ تمام چیزیں کفر ہیں ملت سے نکالنے والی ہیں۔اس صورت میں کہ جب اس کے کرنے والے نے خود کو یا دوسرے کسی کو اللہ کے ساتھ قانون سازی کا حق دیدیا۔جیسا کہ ان کے قوانین اور تشریعات اور ان کے محلی اور بین الاقوامی طواغیت اس پر دلیل دیتے ہیں۔یعنی ان کے قوانین (جو کہ خود بھی طواغیت کے زمرے میں آتے ہیں)خود اس بات کی دلیل فراہم کرتے ہیں کہ یہ قوانین بنانے والے اپنے آپ کو اور ان پر عمل کرنے والے ان کے بنانے والوں اور ان کے چلانے والوں کو قانون سازی اور اپنی طرف سے شریعت بنانے کا حق دیتے ہیں۔(مع اللہ)یعنی ''اللہ کے ساتھ'' کا مطلب یہ ہے کہ یہ لوگ اللہ کو بھی قانون ساز سمجھتے ہیں اور ''اللہ کے ساتھ'' دوسروں کو بھی قانون ساز سمجھتے ہیں تو یہ شرک ہوا جب شریعت میں سے کسی چیز کا انکار کرتے ہیں تو یہ کفر ہے اگرچہ ان میں سے ہر ایک کا دوسرے پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔سلف کے اقوال جو ان آیات کی تفسیر میں خوارج کے ردّ کے بارے میں تھے (کیونکہ خوراج نے)ان آیات کو اپنے متعلق کے ساتھ نہیں رکھا(مرجئہ عصر کا ان اقوال کو)ان طُغاۃِ عصر پر لاگو کرنے سے آپ کو مرجئہ عصر اور ان کے شیوخ کی گمراہی معلوم ہوجائے گی جن (طُغاۃ عصر)نے

---

69 یاسق اس قانون کو کہتے ہیں جو چنگیز خان نے مختلف مذاہب سے جمع کرکے بنایا تھا۔دیکھو ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ کی تفسیر اور البدایہ والنہایۃ۔

طواغیت کو حاکم بنایا ہے بلکہ وہ خود طواغیت بن بیٹھے ہیں اور انھوں نے اللہ کی شریعت کے علاوہ شریعت (اور قانون) کو حاکم بنایا اور اسے ایسا دین بنایا جس پر وہ چلتے ہیں۔ پس وہ اس پر اسلام وایمان کا حکم لگاتے ہیں (اپنے اندھے طریقے اور گمراہ منہج کے ذریعے) جس کی تکفیر پر مسلمانوں کا اجماع ہے۔

ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ (البدایۃ والنہایۃ:۱۳/۱۱۹) میں کہتے ہیں: جس نے محکم اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر منزل تشریع کو ترک کیا۔ اور منسوخ شریعتوں پر فیصلے کیے تحاکم کیا پس وہ کافر ہوا۔ پس اس کا کیا کہئے جس نے الیاسق کی طرف تحاکم کیا (یعنی تاتاری یاسق) اور اُسے شریعت پر مقدم کیا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ وہ مسلمین کے اجماع سے کافر ہے۔

اور اس قوم (یعنی اس زمانے کے طواغیت) نے بھی ایک "یاسق" محلی بنالیا ہے جس کو "دستور" کا نام دیا ہے اور ایک بین الاقوامی عالمی "یاسق" انھوں نے بنایا ہے جس کا نام "میثاق" رکھ دیا ہے۔ جسے وہ کتاب اللہ پر مقدم کرتے ہیں۔ اپنی تمام زندگی کے امور میں اور ان دونوں (یاسقوں) کا قانون اور حکم ہی ان کے نزدیک حاکم اور معمول بہ ہے اور قرآن کا حکم معطل، بدل کیا ہوا اور دیوار پر مار دیا گیا ہے۔[70]

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ (مجموع الفتاوی:۲۸/۵۲۴) میں کہتے ہیں کہ: "مسلمانوں کے دین سے اضطرار کے ساتھ اور تمام مسلمانوں کے اجماع کے ساتھ یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ جس نے دینِ اسلام کے علاوہ دین کی اتباع کو جائز سمجھا، یا شریعتِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کی اتباع کو جائز قرار دیا وہ کافر ہوا۔[71]

---

70 ہم نے اس بارے میں تفصیل اپنی کتاب (کشف النقاب عن شریعۃ الغاب) میں ذکر کر دی ہے۔ اور ہم نے ان کے اقوال اور قوانین کے نصوص سے دلائل سے یہ ثابت کر دیا ہے کہ وہ لوگ اللہ کی شرع المحکم پر اپنے قوانین یاسق کو مقدم رکھتے ہیں۔ کہ ان کے نزدیک صرف اسی قانون کی بادشاہت ہے۔ جبکہ اللہ کی کتاب کا نہ تو کوئی حکم ہے اور نہ ہی بادشاہت اگر اس کو ان کے دستور کی نص یا قانون مضبوط نہ کرے یعنی یہ طواغیت اللہ کی شریعت کی صرف اُس بات کو مانتے ہیں جس بات کو ان کے طاغوتی قانون سے تقویت ملتی ہو (یا کم ازکم اس بات کے ماننے میں بھی یہ طواغیت کوئی حرج نہیں سمجھتے جو بات ان کے طاغوتی قانون کے مخالف نہ ہو۔ جیسے جمعہ کی نماز اور عیدین کی نماز وغیرہ) سوئے نہ ہوتے تو تم طواغیت کے ان کارناموں سے ان کے کفر معلوم کرتے۔ اور انھوں نے اپنے لئے قانون میں لکھا ہے کہ "نص قانونی کے بغیر کوئی سزا نہیں" اور انھوں نے اپنے (یاسق) قانون میں لکھا ہے کہ نظام الحکم یعنی "بادشاہ کا دین" "ڈیموکریسی ہے نا کہ اللہ کی شریعت اور اس کی حدود۔ جیسا کہ کویتی دستور کے سیکشن (٦) میں ہے۔ آپ میری کتاب "کشف النقاب" کا مطالعہ کریں آپ اس میں مزید ایسا مواد پائیں گے جس کے ذریعے آپ اہل جہم اور ارجاء اور ان کے رؤوساء کا قلع قمع کر سکیں گے۔

71 تو پھر ان لوگوں کا آپ کیا کہیں گے جو اللہ کی شریعت کے علاوہ دوسرے قوانین کو صرف جائز ہی نہیں ضروری اور واجب سمجھتے ہیں اس قانون کو نہ ماننے والوں کو جیل میں ڈالتے ہیں سزائیں دیتے ہیں جنگ کرتے ہیں اور قتل کرتے ہیں۔

اور پھر اس چیز پر اجماع کیسے نہ ہو جب کہ آپ جان چکے ہیں یہ اصلِ دین اور اس کا قاعدہ اور بنیاد ہے۔ جبکہ کفر بالطاغوت کلمۂ اخلاص وتوحید کا نصف ہے یعنی نصف اول ''لاالٰہ'' کفر بالطاغوت اور طاغوتی اداروں کا انکار ہے اور نصف ثانی ''الّاالله'' اللہ پر ایمان ہے۔ اور جب تک نصف اول پر عمل نہ کیا جائے نصف ثانی اللہ کے ہاں قبول نہیں ''فمن یکفر بالطاغوت ویؤمن بالله فقد استمسك بالعروة الوثقٰی لانفصام لها''۔ اور انبیاء ومرسلین کی دعوت کی چکی کا پاٹ ہے اور اسی وجہ سے (اور ہمیشہ رہے گی) یہ جھگڑا ہے ہم نے ''کشف النقاب'' میں ان کے اس بات سے کہ شریعت اسلامیہ ہی ان کے نظامِ حکومت میں واحد حکم اور قانون ہوا ان کے (دلوں کے) بہت زیادہ اور صریح تنگ ہونے کو نقل کیا (اور لکھا) ہے۔ اور اسی اختلاف میں نزاع ہے اور نجات وہلاکت ہے۔ پس یہ قوم (میرا مطلب مرجئہ) اپنی تاویلات اور شبہات اور بے وقوفیوں کے ذریعے آیاتِ کتاب وسنت اور اصلِ دین اور دعوتِ رسل اور اجماع اہل توحید کو اپنے سینگوں سے دھکیلتے ہیں اہل توحید کی مخالفت کرتے ہیں۔ پس دوری ہو بہت دوری۔ اور جسے اللہ نور نہ دے اس کے لئے کوئی نور نہیں۔

☆ شبہ: کہ اللہ کا یہ فرمانا:﴿فَلَا وَ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ﴾ ''اللہ کی قسم وہ مؤمن نہیں حتیٰ کہ آپ کو فیصل بنالیں اس شبہ میں کمال ایمان کی نفی ہے اصل ایمان کی نہیں ہے''

یہ اور اس کے علاوہ ہم نے کفرِ طواغیت المشرعین پر جب اس آیت سے استدلال کیا:

فَلَا وَ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَ يُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا (النسآء:٦٥)

''تیرے رب کی قسم! وہ اس وقت تک مؤمن نہیں ہونگے جب تک اپنے جھگڑوں میں آپ کو حاکم نہ بنالیں اور پھر آپ کے فیصلہ پر ان کے دلوں میں کوئی تنگی نہ ہو اور اُسے تسلیم کرلیں۔''

اور بے شک اللہ نے اپنی سب سے بڑی قسم کھائی اور پھر قسم کی تاکیدی نفی کے الفاظ کے دو دفعہ تکرار سے کی جو کہ ان لوگوں سے ایمان واسلام کی نفی پر مبنی تھی جو شریعت الٰہی کو حاکم نہیں مانتا یہ اپنے دل میں تنگی

محسوس کرنے کے علاوہ چاہے معمولی سا ہی کیوں نہ ہو جو وہ اللہ کے حکم کے بارے میں محسوس کرتے ہیں۔ چہ جائیکہ اپنے وہ نفس میں اس بارے حرج محسوس کرے چاہے معمولی سا ہی کیوں نہ ہو۔[72]

پھر بعض مرجئہ عصر ہمارے اوپر شیطانی سوار و پیادہ کو چڑھالائے۔ اور یہ زعم کیا کہ اس آیت میں ایمانِ منفی سے مراد کمالِ ایمان سے اصل ایمان نہیں اور ہمارا اللہ کی توفیق سے اس پر مختلف وجوہ سے جوابات ہیں:

پہلا جواب: کہ ہم سب سے پہلے یہ نصیحت کریں یا یہ یاد دلائیں کہ الحمد للہ صرف یہی آیت ہی ان طواغیتِ مشرعین کے کفر پر دلیل نہیں۔ بلکہ یہ تو دلائل کے اس نہر سے جس میں کوئی آلودگی نہیں صرف ایک دلیل ہے جن میں سے کچھ بیان ہو چکیں۔ اور اس کے علاوہ دلائل اس مقام کے علاوہ بیان ہوئے ہیں۔ پہلی اور اعلیٰ دلیل ان کا اصلِ توحید کا نقص اور اس کے قواعد کو اللہ کے ساتھ انھوں نے داخلی طور پر یعنی اپنے ملک کے اندر جمہوریت وغیرہ کے ذریعے اللہ کے قانون کے مقابلے میں قانون سازی کرکے توحید کے اصل کو توڑ دیا اور اس کی بنیاد کو منہدم کر دیا اور انھوں نے بین الاقوامی قوانین یعنی اقوام متحدہ کے قوانین مان کر اللہ کے مقابلے میں اس اقوام متحدہ کو حاکم (ربّ) اور قانون ساز مان لیا۔ اور ان کا یہ طرزِ عمل کلمہ اخلاص اور اس اصل اصول کو توڑنے والا ہے جس کے گرد قرآن و حدیث کے دلائل اول سے آخر تک گھومتے ہیں اور یہ مسئلہ ایسا نہیں جیسا اُسے مرجئہ عصر خیال کرتے ہیں کہ یہ بس ایک آیت کا مسئلہ ہو وہ جس طرح چاہیں اس کی تفسیر کریں گے اور معاملہ ختم ہو جائے گا۔ لیکن جہالت کے غلبے شرک کی کثرت اور اہل شرک اور ان کے مددگاروں سے اختلاط اور ان کی مجالس میں بیٹھنا اور ان کے ساتھ کھانا اور ان کی طرف مائل ہونا (جیسی باتوں نے) اس قوم کی عقلوں کو

---

72 کیونکہ (تنگی) سیاقِ نفی میں نکرہ کے لئے آیا ہے۔ اور یہ صیغ عموم سے ہے اس لئے تمام انواع حرج پر مشتمل ہے تو یہ سب اقسام حرج اصل ایمان یا ایمانِ واجب کے منافی ہے۔ جب کہ اللہ اس سے ایمان کی نفی نہیں کرتا جو مستحب کمالِ ایمان میں تقصیر کرے۔ اور ہم نے ''کشف النقاب'' میں ان کے اس بات سے کہ شریعت اسلامیہ ہی ان کے نظامِ حکومت میں واحد حکم اور قانون ہو ان کے (دلوں کے) بہت زیادہ اور صریح تنگ ہونے کو نقل کیا (اور لکھا ہے) جیسا کہ انھوں نے اپنے تفسیری مذکرہ کے دستورِ کویتی کے سیکشن II میں لکھا ہے اور یہ اس کا حرف با حرف معنی ہے ''باب تشریع میں اللہ کی توحید اور عبادت میں افراد کرنے میں حرج بالغ ہے ہم اللہ کی توحید اور اللہ کو قانون سازی کے باب میں عبادت کے ساتھ ایک سمجھنے سے، ہم بہت زیادہ تنگ ہوتے ہیں (اس میں تین باتیں سمجھنے کی ہیں: 1: قانون بنانے والا معبود ہے۔ 2: جو اس قانون کو مانے وہ تشریع اور قانون سازی میں اس معبود کی عبادت کرتا ہے۔ 3: کوئی قانون بنانے کا حق دار صرف اللہ کو سمجھتا ہے دوسرے کسی کو یہ حق نہیں دیتا تو وہ موحد ہے ورنہ مشرک اور کافر ہے۔ اسی بات سے یہ طواغیت اپنے دلوں میں تنگی محسوس کرتے اور زبان و تحریر میں اس کا اظہار کرتے ہیں۔ یعنی ایک اللہ ہی کی عبادت ہو اور طاغوت سے انکار ہو اس سے بڑی پریشانی ہے'' یا ''لا الہ الا اللہ بہت بڑی پریشانی کا باعث ہے'' تو آپ اس علانیہ اور کھلم کھلا کفر پر غور کیجئے اور یہ صرف اس شخص کے ساتھ خاص نہیں جو اس قانون کو بنانے والا، وضع کرنے والا یا چلانے والا ہو۔ بلکہ ہر اس پر مشتمل ہے جو ان کی تائید کرے یا اس سے تحکیم طلب کرے یعنی اس طاغوتی قانون کے نفاذ کا مطالبہ کرے یا اس کی مدح کرے یا مدد کرے یا اُسے پسند کرے یا کہے: میں اس سے براءت نہیں کرتا یا اُسے عدل کا وصف دے چاہے کتنی ہی لمبی داڑھی ہو اور چاہے اس کی نسبت کسی بھی (اچھے سے اچھے فرقے کی طرف ہو)۔

اندھا کر دیا ہے اور ان کے دلوں سے ھدایت اور حق مبین کو حجاب میں رکھا ہے اور یہ باتیں ان کے اور کفر وایمان وتوحید وشرک میں تمیز کے درمیان حائل ہو گئی ہیں۔ایسے مسائل میں جو دین اسلام میں سب سے زیادہ واضح ہیں یا واضح امور میں سے ہیں۔

پھر ہم کہتے ہیں کہ ایمان کی نفی اور اس بارے میں وعیدِ ایمان کے کمال میں تقصیر کی وجہ سے وارد نہیں ہوتے (مجموع الفتاویٰ:۷/۱۵) ۔بلکہ وہ یعنی جب اللہ کسی کے ایمان کی نفی کرتا ہے یا تو اس شخص نے ایمان کو ختم کیا ہوتا ہے یا اس نے ایمان واجب کو چھوڑ دیا ہوتا ہے۔پھر اس کے بعد ان دونوں باتوں (پورے ایمان کی نفی یا واجب ایمان کی نفی) میں سے ایک کو ترجیح دی جائے گی (اور دیکھا جائے گا) کہ کون سی بات شارع (یعنی شریعت بنانے والے اللہ) کی مراد ہے (اور یہ ترجیح) شریعت کے دلائل یا خود اُسی نص میں (موجود) قرائن یا اور اس نص کی وضاحت کرنے والے نصوص کے ذریعے ہو گی۔جب یہ ثابت ہو گیا تو پھر اہلِ علم کے نزدیک یہ معروف ہے کہ الفاظ میں اصل یہ ہے کہ وہ حقیقی اور ظاہری ہوں یعنی جو الفاظ قرآن وحدیث میں آئے ان میں اصل یہ ہے کہ ان کے حقیقی اور ظاہری معنی مراد لیے جائیں۔اور کسی لفظ کو اس کے حقیقی اور ظاہری معنی سے مجازی (معنٰی) کی طرف پھیر دینا صرف دلیل کے ساتھ ہو گا۔بلکہ محققین نے یہ ثابت کیا ہے کہ قرآن میں سرے سے مجاز ہے ہی نہیں۔تو ہم کہتے ہیں کہ (یہاں سورۃ النساء کی آیت) میں نفی ایمان کی حقیقت یعنی ایمان کی اصل ہوئی ہے۔اور اس کا کہنے والا جو یہ کہتا ہے کہ اس آیت کہ لَايُؤمِنُوْنَ میں ایمان کے کمال کی نفی نہیں بلکہ ایمان کی حقیقت اور اصل ایمان کی نفی ہے اس کے پاس دلیل یہی اصل ہے یعنی وہ کہتا ہے کہ میں جو کہتا ہوں کہ اس آیت میں حقیقی اور اصل ایمان کی نفی ہے تو اس لیے کہ میں اصل پر قائم ہوں جو یہ دعوٰی کرے کہ اس سے مجازی معنی مراد ہے وہ دلیل لے آئے۔

ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ (الفصل:۳/۲۹۳) میں اس آیت کے بارے میں کہتے ہیں کہ:"یہ وہ نص ہے جس میں تأویل کا کوئی احتمال نہیں اور نہ ہی کوئی ایسی نص ہے جو اُسے ظاہری اصل سے خارج کرے۔اور نہ ہی کوئی ایسی دلیل ہے جو اُسے ایمان کے بعض وجوہ کے ساتھ خاص کرے۔اسی میں یہ اضافہ کیجئے کہ یہاں الفاظ لغوی معنی میں ہی نہیں۔بلکہ وہ شرعی خاص معنی میں ہیں اور بہت سے اہلِ علم نے جن میں شارح طحاویہ (ابن ابی العز الحنفی) اور شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہما بھی شامل ہیں۔شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ لفظ ایمان جب اسلام کے

ساتھ جمع ہو جاتا ہے تو ان دونوں کے معنی الگ ہو جاتے ہیں اور ان دونوں کے الفاظ جب الگ الگ آتے ہیں تو وہاں یہ دونوں جمع ہو جاتے ہیں اس کا معنی یہ ہے کہ جب ان (اسلام اور ایمان) میں سے صرف ایک آتا ہے تو وہ دوسرے کے معنی اور حکم کو شامل ہوتا ہے اور یہاں لفظ ایمان منفرد آیا ہے اس لیے اسلام کو بھی شامل ہے۔ پس آیت میں ایمان کی نفی اسلام اور دین کی بھی نفی ہے اور اس پر اسی سورت میں اس آیت سے تھوڑا پہلے آیتوں کا سیاق بھی دلالت کرتا ہے کیونکہ وہ آیات اصل ایمان کی نفی کرنے والی ہیں۔

جیسے کہ فرمان ہے:

فَإِن تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ .(النساء:۵۹)

"اگر تم کسی چیز میں تنازع کرو تو اُسے اللہ اور رسول کی طرف لوٹا دو اگر تم اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتے ہو۔"

ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: "یہ دلیل ہے کہ جو نزاع کے وقت کتاب وسنت کی طرف تحاکم نہ کرے اور ان کی طرف نہ لوٹے تو وہ اللہ اور یومِ آخرت پر ایمان نہیں رکھتا"۔ یومِ آخر کے ساتھ ایمان کا ذکر کمالِ ایمان کے قول کے شبہ کو ختم کرتا ہے۔ کیونکہ وہ ایمانِ رئیسی کے شعب میں سے ہے کہ جس کے زوال سے اصل ایمان زائل ہو جاتا ہے۔

اور اسی سے اللہ کا یہ فرمان ہے:

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ يَزْعُمُونَ أَنَّهُمْ آمَنُوا بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ ....يَصُدُّونَ عَنكَ صُدُودًا. (النساء:۶۰-۶۱)

"کیا تم ایسے لوگوں کو نہیں دیکھتے جو دعوٰی کرتے ہیں کہ وہ آپ پر اور آپ سے پہلے جو نازل ہوا پر ایمان رکھتے ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ طاغوت سے فیصلہ لیں۔ اور انہیں تو حکم ہے کہ ان کا انکار کریں اور شیطان تو انہیں بہت دور کی گمراہی میں پھینکنا چاہتا ہے۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ آؤ اس کی طرف جو اللہ نے نازل کیا اور رسول کی طرف.........تو آپ دیکھیں گے کہ منافقین آپ کے پاس آنے سے روکتے ہیں۔"

پس جب طاغوت کے پاس فیصلہ لے جانے کا ارادہ اس طاغوت سے انکار کا مناقض ہے جو انکار اللہ نے اپنے بندوں پر فرض کیا ہے اور ان کو اس کا حکم دیا ہے تو پھر (اس سے) عملاً فیصلے کرانے کے بارے میں کیا خیال ہے۔ بلکہ اس کا کیا جو کہ آج کل تمام تشریعی حکمرانی اس ضمن میں طاغوت کے ہاتھوں میں دے دی گئی ہے اور یہ اس کا حق بنا دیا گیا ہے۔ چاہے وہ طاغوت بین الاقوامی ہو یا محلی یا وہ امیر ہو یا نائب یا دستور ہو یا میثاق ہو اور اصل دینِ اسلام میں یہ معروف ہے کہ طاغوت کا کفر توحید کا رکن اور صحتِ ایمان کی شرط ہے کمالِ ایمان کی نہیں اور طاغوت پر ایمان اللہ سے کفر ہے اور اصل ایمان اور توحید واسلام کا مناقض ہے۔ پس اس آیت میں نفی اصل ایمان اور اس کی حقیقت کی ہے نہ کہ کمالِ واجب کی اور مستحب کی۔ اسی طرح اس آیت سے پہلی تمام آیات کا سیاق اصل ایمان کے انتفاء کی گرد ہے کمال ایمان کے گرد نہیں پھر (یعنی اس سیاق والے آیات کے بعد) سورۃ النساء کی آیت ۶۵ آئی جو اس موضوع میں نص ہے یعنی آیت: فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ .... تو جو اس بات کا قائل ہو (کہ اس آیت میں ایمان کی نفی اصل ایمان کی نفی ہے) اس کی دلیل وہی اصل ہے جس کا پہلے ذکر ہوا۔ اور اس سے ہٹ کر سوچنے والا اصل سے خارج ہے اور دلیل کا مطالب یعنی اس سے دلیل طلب کی جائے گی۔

آیت میں مذکورہ ”حرج“ حقیقۃ الایمان کی نفی کی قید نہیں یا جو اللہ کے حکم کو تسلیم کرنے سے منع کرنے والے کے کفر پر قید ہے۔ بلکہ اس کا وجود۔ جیسا کہ گذرا کفر میں زیادتی ہے (یعنی اس آیت میں جو یہ آیا ہے کہ ”ثُمَّ لَا يَجِدُوا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا .... “ اس کا بعض لوگ یہ مطلب لے رہے ہیں کہ اس آیت میں ایمان کو صرف اس شخص سے منفی کیا گیا ہے جس میں دو باتیں بیک وقت موجود ہوں ایک یہ کہ وہ نبی ﷺ کو اپنے اختلافات میں فیصلہ کرنے والا نہ مانے، دوسرا یہ کہ وہ نبی ﷺ کے فیصلے سے دل میں تنگی اور حرج محسوس کرے یہ لوگ کہتے ہیں کہ اگر ان دو باتوں میں سے کسی میں صرف ایک موجود ہو تو وہ کافر نہیں ہو گا اور اس سے ایمان منتفی نہیں ہو گا۔ مؤلف حفظہ اللہ اس کا جواب دیتے ہیں کہ یہ بات غلط ہے حقیقت یہ ہے کہ اس آیت میں کافر اس کو قرار دیا ہے جو نبی ﷺ کو فیصلہ کرنے والا نہ مانے دل میں اس سے تنگی محسوس کرے تو اس سے اس کا کفر اور زیادہ ہو جائے گا اور یہ بھی کہ جو اللہ کی شریعت سے دل میں تنگی محسوس کرے یعنی اس کو دل سے غلط جانے تو وہ کافر ہے چاہے وہ ظاہراً اللہ کی شریعت مانے بھی۔ واللہ اعلم)

اللہ کی شریعت سے دل میں تنگی محسوس کرنے والا کافر ہے چاہے اس پر فیصلہ کرنے یا نہ کرے۔ اور اللہ کے حکم کو تسلیم کرنے سے منع کرنے والا کافر ہے۔ چاہے اس سے تحرج ظاہر بھی نہ کرے اور شقی آدمی میں دو کفر اکھٹے ہو سکتے ہیں۔ تو اس کا کفر کفرِ مرکب ہو گا۔ پس وہ اس وقت زیادۃِ حکم ہے نہ کہ حکم کی قید ہے۔ یعنی یہ "حَرَجًا" کا لفظ اپنے آپ میں ایک الگ حکم کی حیثیت رکھتا ہے اس نے "حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ" کو مقید نہیں کیا ہے۔ اس کے بعد کہ اس نے حرج کے بعض معانی ذکر کیے اور اس میں سے ایک تنگی اور دوسرا شک ہے۔

جصاص (احکام القرآن) میں اس آیت کے بارے میں کہتے ہیں: "اور اس آیت میں دلالت ہے کہ جس نے اللہ کے اوامر میں سے کچھ ردّ کیا یا اس کے رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے اوامر کو ردّ کیا پس وہ اسلام سے خارج ہے۔ چاہے اسے شک کی وجہ سے ردّ کیا یا ترک قبول کی وجہ سے یا (اسلام کو) تسلیم کرنے سے روک جانے کی وجہ سے۔ اور یہ اس بات کو ثابت کرتا ہے جس طرف صحابہ رضی اللہ عنہم گئے ہیں ارتداد کے اس حکم کے بارے میں جو انھوں نے زکاۃ دینے سے انکار کرنے والوں پر لگایا تھا اور ان کو قتل کیا اور ان کے اولادوں کو غلام بنایا تھا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ جس نے اپنے آپ کو نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے سپرد نہ کیا (یعنی نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی بات نہ مانی) تو وہ اہلِ ایمان میں سے نہیں ہے"۔

ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ (الفصل: ۳/ ۲۳۵) میں اسی آیت کے بارے میں کہتے ہیں: "اللہ نے اپنی قسم کھا کر کہا کہ وہ مؤمن نہیں مگر یہ کہ ہر اس چیز میں جو ظاہر ہو نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو حاکم بنائے اور پھر اپنے دل سے تسلیم کرے اور اپنے دل میں اس بارے کوئی حرج نہ پائے جو آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فیصلہ کیا۔ پس یہ تو ثابت ہوا کہ فیصلہ کرانا دل سے ماننے کے علاوہ اور چیز ہے۔ اور یہ کہ وہی ایمان ہے اور جو اُسے نہیں کرتا وہ مؤمن نہیں۔

اے توحیدی بھائی! اس سب کا خلاصہ یہ ہے جیسا کہ ہم نے بار بار کہا کہ ہمارا معاملہ ایسے لوگوں کے ساتھ ہے جنھوں نے توحید کو منہدم کیا اور طاغوت پر ایمان لایا۔ اور اس کا انکار نہیں کیا اور یہ اسلام و ایمان دونوں کو توڑنے اور ختم کرنے والی باتیں ہیں۔ اور ظاہری کفر ہے اس میں اعتقاد یا استحلالِ قلبی یا تحرج قلبی کے بارے میں بحث نہیں کی جائے گی۔ اور یہ یہاں پر قیدِ کفر نہیں ہے جب کہ یہ غیبی امور ہے اور کفر کے اسباب ہیں جو کہ غیر ظاہری ہیں اور احکامِ دنیا میں منضبط نہیں یعنی اس دنیا میں جو شریعت کے احکام چلتے ہیں ان کے رو سے یہ کسی

ضابطے کے تحت نہیں آتے کیونکہ دل سے حلال جاننا دل میں شک کرنا یا تنگی محسوس کرنا غیب میں ہیں ان کو جاننے کے لئے دو ہی رستے ہیں:

یا تو وحی کے رستے سے۔ یا پھر گناہگار خود اس کی صراحت کرے یا اپنی زبان سے کہے اور اس کے استحلال کی خبر اور تحرجِ قلبی کے بارے میں بتادے۔ اور یہ جان لیجئے کہ اس قوم میں یہ دونوں چیزیں ثابت ہو چکی ہیں۔ پس وہ لوگ بدترین کافر ہیں۔ کیونکہ وحی نے اس شخص کے ایمان کو تعیین کے ساتھ جھوٹا قرار دیا ہے جو طاغوت کا انکار نہیں کرتا اور چاہتا ہے کہ اسی سے اپنے فیصلے کرائے، اور ہم ان جیسوں کے ایمان باطل ہونے کا حکم لگاتے ہیں (کہ یہ) ظاہراً (تو باطل ہے ہی) باطناً بھی (ان لوگوں کا ایمان باطل ہے)، (اور یہ ہم اس لیے نہیں کہتے کہ ہمیں ان کے باطن کا علم ہے بلکہ اس لیے کہتے ہیں کہ ان کے باطن کی خبر ہمیں اللہ نے دی ہے اور ہم)اللہ کی تصدیق کرنے کی وجہ سے اور اس کے کلمات پر ایمان کی وجہ سے (ان کے باطل ہونے پر یہ حکم لگاتے ہیں)اس بات کو سمیٹ لیں تو اس طرح ہو گی ''تو ہم ان جیسوں کے ظاہری ایمان پر بھی باطل ہونے کا حکم لگاتے ہیں اور اللہ کی تصدیق کی وجہ سے اور اس کے کلمات پر ایمان کی وجہ سے ان کے باطنی (ایمان پر بھی)۔ (اور یہ حکم ہے نہ کہ قیدِ حکم) اور ہم ایسے شخص کے دعووں کو جھٹلائیں گے جو طاغوت کے پاس اپنے فیصلوں کو لیجانے والا ہو چاہے وہ یہ زعم کرے کہ وہ سچا ایمان والا اور توفیق واحسان والا ہے۔ اور چاہے وہ یہ صراحت کرے کہ شریعت دینِ طاغوت اور اس کے قانون سے افضل ہے یا شرع کی تحکیم کے وجوب کا اقرار کرے یا کہے: ہمارے لئے دعا کرو یا ہماری مدد کرو وغیرہ جیسی باتیں جس کے ذریعے یہ لوگ بے وقوف لوگوں پر ہنستے ہیں۔ اور اس بات کے ذریعے پیوند لگانے والے ان (طواغیت) کے لیے پیوند کاری کرتے ہیں یعنی کہتے ہیں کہ: دیکھو ہمارے یہ حکمران کتنے اچھے ہیں کہ ایسی باتیں کرتے ہیں۔ جب تک وہ تحاکمِ طاغوت پر مستمر رہا۔ اس کے دین میں داخل رہا اور اُس سے انکار نہیں کیا یہ ایک جہت سے ہے دوسری جہت سے یہ کہ ان طواغیت نے اپنے دستور کے تفسیری مذکرات میں صراحت کی ہے۔ جیسا کہ ہم نے (کشف النقاب) میں بیان کیا۔

اور انھوں نے اپنے یاسق کے دوسری دفعہ کی تفسیر میں اللہ کی توحید سے اور قانون سازی میں اس کو ایک جاننے سے اپنے تحرّج (یعنی تنگ ہونے) کو صراحت کے ساتھ بیان کیا ہے۔ اور اسی سے آپ جان لیں کہ اس

قوم کا کفر کفرِ مرکب ہے۔ اور ان کی اپنی تصریح سے بھی اس کے باوجود مرجئہ کے چوزے ان کی تکفیر سے پرہیز کرتے ہیں۔ ان کے جان ومال کو معصوم سمجھتے ہیں بلکہ ان کے پیچھے نماز پڑھتے ہیں۔[73]

اور (یہ افراخ مرجئہ) اپنے مخالفین اور اپنے فاسد مذاہب کے مخالفین کے خلاف ان (طاغوتوں) سے مدد طلب کرتے ہیں چاہے وہ (مخالفین) اہل توحید کیوں نہ ہوں۔[74]

لا یفزعون الی الدلیل وانما في العجز مفزعهم الى السلطان

"دلیل سے مدد نہیں لیتے بلکہ اس (دلیل) سے عاجز ہونے کی صورت میں ان کا فریادرس بادشاہ ہوتا ہے"

اور (مرجئہ کے یہ چوزے) انہیں خوارج کہتے ہیں۔ جو کہ سلف کی ایک جماعت کے قول کے مطابق کافر ہیں۔ (انہیں خوارج اس لیے کہتے ہیں) کہ وہ طاغوت کا انکار کرتے ہیں اور ان (طاغوتوں) کو ان کے دوستوں اور مددگاروں کو کافر قرار دیتے ہیں۔ تو یہ (مرجئہ) ایسے لوگوں کو کافر کہنے سے پرہیز کرتے ہیں جن کا حال آپ نے دیکھ لیا۔ ایسے وقت میں جب وہ ہمارے بارے میں نہ پرہیز کرتے ہیں اور نہ حدود اللہ کا التزام کرتے ہیں پس وہ محض توحید کی وجہ سے ہمیں کافر کہتے ہیں وہ بالکل اسی طرح جیسا کہ ہر زمانے میں توحید کے داعیوں کے مخالفین کا حال ہوتا ہے۔

ابن قیم رحمۃ اللہ علیہ نے کہا:

وخصومنا قد كفرونا بالتي هي غاية التوحيد والايمان

"ہمارے مخالفین نے ہمیں اس چیز کی وجہ سے کافر قرار دیا جو توحید وایمان کی غایت ہے"

اور ہم ان کو رب العالمین کے حوالے کرتے ہیں کہ اس دن جن کی اتباع کی گئی تھی ان لوگوں سے براءت کریں گے جنھوں نے ان کی اتباع کی۔ اور اللہ جبار ایسے لوگوں کو پکارے گا:

وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ أَيْنَ شُرَكَائِيَ الَّذِينَ كُنْتُمْ تَزْعُمُونَ. (القصص:۷۴)

---

73 جیسا کہ کویتی تراث ھیئۃ الامر بالمعروف والنہی عن المنکر کے ارکان نے طاغوت کے ساتھ اپنی بعض ملاقاتوں میں کا جو سلفیت کے بھی دعوے دار ہیں اس دن ان کی امامت طاغوت نے کی اور انھوں نے اس کے پیچھے نماز پڑھی۔ اور اس میں تعجب نہیں۔ جب ہم نے یہ ان کی جماعت کے بارے میں پڑھا اور ان کی جمعیت (احیاء التراث) سے سنا کہ وہ حکومت کی مدح کرتی ہے اور دستور کے تحکیم کا مطالبہ کرتی ہے۔ اور شرکی پارلیمنٹ کی واپسی کا مطالبہ کرتی ہے۔ یہ کون سی ھیئۃ اَمر بالمعروف ہے۔ جس کے اتباع ملک کے سب سے بڑی برائی اور منکر (دستوری شرک) کا اقرار کرتے ہیں اور اس سب سے بڑے معروف (توحید) کو ختم کرتے ہیں؟

74 علی الحلبی کا ایک فتوٰی ہے اس کے ذریعے وہ کافر حکمرانوں کو اُن لوگوں کی جن کو وہ تکفیرین کا نام دیتے ہیں (شکایات) پہنچانا (ہر اس شخص پر) واجب قرار دیتا ہے۔ اُسے ہم نے اپنی کتاب (كشف شبهات المجادلين عن عساكر الشرك وانصار القوانين) کے حاشیہ پر ذکر کیا ہے۔

"کہاں ہیں میرے وہ شریک جنھیں تم میرے شریک سمجھتے تھے۔"

اور اسی دن ہم اپنی شکایت رب العالمین کے حضور کریں گے اور ہم کہیں گے: اے رب انہوں نے ہمیں بدعتی کہا اور ہم پر بہتان لگایا جیسا کہ تو جانتا ہے۔ کیونکہ ہم نے اسے کافر کہا جس نے توحید کو منہدم کیا اور شرک کی مدد کی۔ اے ہمارے رب ہم نے تو اُسے کافر کہا جسے تونے اپنی کتاب میں اور تیرے رسولوں نے کافر کہا۔ اے رب ہم نے تیرے دین کے دشمنوں کو کافر کہا۔ تیرے کلام کی تصدیق کی وجہ سے اور تیرے رسول کی اتباع کی وجہ سے اور تیری کتاب پر ایمان کی وجہ سے اور تیری شریعت کی مدد کرنے کی وجہ سے۔

اور اے مرجئہ تم لوگ کیا کہو گے؟ اور کیا جواب دو گے اور کیسے دفاع کرو گے؟ کیا تم یہ کہو گے کہ اے رب ہم نے تیرے دین کے دشمنوں کی تکفیر سے پرہیز کیا جن کو تونے اپنی کتاب میں کافر کہا اور ہم نے ان کو احتیاطاً اسلام کے حکم میں رکھا اور ہم نے ان کو کافر کہا جو اِن کو کافر کہتا تھا۔ اور جو تیرا حکم ان پر لاگو کیا کرتا تھا۔ اور ہم نے اسے بے وقوف کہا اور اس ے ساتھ لڑائی کی اور لوگوں کو اس کی دعوت سے روکا۔

تو اے توحیدی بھائی، اللہ کے دین کی مدد کے لئے تیار رہو اور مخالفین اور مخذلین [75] کی پرواہ مت کرو، اور تیار ہو جاؤ اس دن کے لیے جب (لوگ) آسمانوں وزمین کے جبار کے سامنے ایک دوسرے کے خلاف دلائل لائیں گے اور جھگڑیں گے تاکہ ہم دین کے دشمنوں ان (دشمنوں) کے دوستوں اور ان کے مددگاروں کے خلاف اپنے دوست (یعنی اللہ) ومددگار کے سامنے جھگڑ سکیں اور دلیل لا سکیں۔

☆ شبہ: کہ نبی ﷺ نے پتھریلی زمین کے (پانی کی) نالی کے بارے میں نبی ﷺ کے حکم پر اعتراض کرنے والے انصاری کو نہ کافر قرار دیا اور نہ اسے قتل کیا، اور نہ ایسے منافقین کو جو اللہ کے فیصلہ سے روکتے ہیں نہ اس کو جس نے نبی ﷺ کو کہا تھا کہ (اِعْدِلْ) انصاف کرو۔

75 "مخذلین" ان لوگوں کو کہتے ہیں جو کسی کو کم ہمتی پر مجبور کرتا ہے یا کسی کو ترک قتال کی ترغیب دیتا ہے۔ مترجم ہنگو حفظہ اللہ

پس جب ہم نے ان کے سامنے گزشتہ آیت کا ذکر کیا کہ یہ آیت اس شخص کے ایمان کی نفی کرنے والی ہے جو رسول اللہ ﷺ کے حکم سے اعراض کرنے والا ہو تو انھوں نے کہا کہ: نبی ﷺ کو کیا ہو گیا تھا کہ انھوں نے اپنے حکم پر اعتراض کرنے والے کو کافر قرار نہیں دیا (اور اس کا اعتراض شراج الحرۃ) کے بارے میں تھا۔[76]

اور نہ ہی منافقین کو جن کے بارے میں اللہ نے کہا:

وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ تَعَالَوْا إِلَى مَا أَنْزَلَ اللَّهُ وَإِلَى الرَّسُولِ رَأَيْتَ الْمُنَافِقِينَ يَصُدُّونَ عَنْكَ صُدُودًا. (النساء:٦١)

"اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اللہ کے نازل کردہ اور رسول کی طرف آؤ تو آپ دیکھیں گے کہ منافقین آپ کے پاس آنے سے روکیں گے۔"

(جس آدمی نے نبی ﷺ کے اوپر پانی کے بارے میں اعتراض کیا تھا) اس آدمی کی طرح وہ آدمی بھی تھا جس نے نبی ﷺ کے تقسیم کے بارے میں کہا تھا کہ "یہ ایسی تقسیم ہے جس کا مقصد اللہ کی رضا نہیں ہے"۔ اس کا جواب یہ ہے کہ "یہ بات بار بار کہی گئی کہ جس معاملہ میں ہم ہیں وہ اصل دین اور اس کے قواعد سے متعلق ہے۔ اور اس جیسے (اصل اور بنیادی حکم) کے قریب بھی نسخ نہیں آسکتا۔ اور کسی حال میں (اس بنیادی حکم) کے ساتھ اُن خاص قسم کے حوادث کو متصادم کرنا اور ٹکرانا جائز نہیں ہے جن (حوادث) کے ہو سکتا ہے کچھ خاص حالات اور تاویلات ہوں۔ بلکہ لازم ہے کہ ہم اس کو اگر اس کی تاویل مشکل ہو اصل اور اساس کی طرف لوٹائیں جیسا کہ متشابہ میں کیا جاتا ہے کہ اسے قرآن محکم کی طرف لوٹایا جاتا ہے۔ اور ان نصوص کا آپس میں تصادم اور ایک دوسرے سے ٹکرانا جائز نہیں۔ رہی بات نبی ﷺ پر اعتراض کرنے والے کی حدیث کی اور ان منافقین کا معاملہ جو اللہ کے حکم سے روکتے ہیں تو یہ دونوں چیزیں ایک ہی موضوع اور سیاق میں ہیں (جیسا کہ پہلے ہم نے بتایا) تو اُن کے اپنے طواغیت کے لیے اس بات سے استدلال کرنا کہ ان لوگوں کو نبی ﷺ نے کافر قرار نہیں دیا اس میں ان لوگوں کے لیے کوئی دلیل نہیں ہے۔ کیونکہ قرآن ان حوادث کے بعد ہر اس شخص کے کفر کے

---

76 اس حدیث کو بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے عروہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا فرمایا: زبیر رضی اللہ عنہ نے انصار کے ایک آدمی سے شراج الحرہ کے بارے میں جھگڑا کیا تو نبی ﷺ نے فرمایا "تم اپنے کھیت کو پانی دو اور پھر اپنے پڑوسی کی طرف روانہ کر دو" تو انصاری نے کہا "اے اللہ کے رسول کیونکہ وہ آپ کے چچا کا بیٹا ہے؟ تو آپ کے چہرے کا رنگ بدل گیا پھر کہا "اے زبیر تم پانی لگالو اور پھر بند کر دو یہاں تک کہ وہ کھیت کے منڈیروں تک پہنچ جائے پھر پانی اپنے پڑوسی کی طرف روانہ کرو"۔ میرے خیال میں تو یہ آیات اسی بارے میں ہیں: ﴿فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتَّى يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ﴾ اور نبی ﷺ نے اپنے پھوپھی کے بیٹے کو کو یہ حکم دیا تھا کہ وہ اپنے حصے سے کم پانی ڈالے تاکہ انصاری راضی ہو جائے پھر جب انصاری نے وہ بات کہی تو آپ ﷺ نے زبیر رضی اللہ عنہ کو اپنا پورا حق لینے کا صریح حکم دیا۔

بارے میں نازل ہوا جس نے اللہ اور رسول کے حکم پر اعتراض کیا یا طاغوت کی حاکمیت چاہی۔ تو یہ ہو نہیں سکتا کہ نبیeاس کے بعد بھی ان کو کافر قرار نہ دیتے اگر وہ اپنے اس کفر پر مصر بھی رہتے اور توبہ ندامت اور رجوع کا اظہار بھی نہ کرتے۔ اور یہ بھی نہیں ہو سکتا کہ نبی ﷺ ان کو بغیر کافر قرار دیئے اور بغیر قتل کیے اللہ کے احکام میں طعن کرتے رہنے اور طاغوت کے پاس اپنے فیصلے لے جانے پر برقرار رکھتے حالانکہ وہ ﷺ خود اس بات کے قائل ہیں کہ: "جس نے اپنا دین تبدیل کیا اُسے قتل کر دو۔

پس لازم ہے کہ یہ کہا جائے کہ ان آیات کے نزول کے بعد انھوں نے اس کفر پر اصرار نہ کیا بلکہ توبہ کی اور نادم ہوئے تسلیم ہوئے اور اللہ کے حکم کے تابع ہوئے اگرچہ انھوں نے یہ ظاہراً ہی کیا ہو۔

ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب (المحلیٰ: ۱۱/۲۱۹۹) میں کہتے ہیں "حتی کہ جب اللہ نے یہ بیان کر دیا کہ وہ رسول ﷺ کو حاکم بنائے بغیر مؤمن نہیں ہو سکتے تو واجب ہوا کہ جو شخص پہلے زمانہ میں یا ابھی اس زمانہ میں اور قیامت تک اس (آیت) سے واقف ہوا پھر بھی اس نے (اللہ کے کسی حکم سے) انکار کیا اور مخالفت کی تو وہ کافر ہوا۔ اور اس آیت میں یہ کہیں ذکر نہیں کہ اس آیت کے نزول کے بعد بھی وہ مخالفت کرتے رہے۔ اور یہ معاملہ بالکل ویسا ہی ہے کہ جنھوں نے غزوہ تبوک میں قراء کا مذاق اڑایا تھا۔ نبی ﷺ نے انہیں قتل نہیں کیا۔ اور یہ صحیح نہیں کہ اس سے یہ دلیل لی جائے کہ وہ اپنے مذاق کے باوجود کافر نہیں ہوئے[77]۔ بلکہ صحیح تو یہ ہے کہ اللہ کے ان پر کفر کے حکم کے بعد انھوں نے توبہ کی۔ تو نبی ﷺ نے ان کے ظاہر پر ان سے معاملہ کیا۔

ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ (المحلیٰ: ۱۱/۲۰۷) ہی میں اس آیت کے ذکر کے بعد:

وَلَئِن سَأَلْتَهُمْ لَيَقُولُنَّ إِنَّمَا كُنَّا نَخُوضُ وَنَلْعَبُ الی قوله............. مُجْرِمِينَ. (التوبۃ: ۶۵،۶۶)

[77] اور میں نے بعض کویتی اشیاخ مرجئۃ کی صریح اقوال سنے ہیں جو کہ (حاکمیہ) کے نام سے ریکارڈ کیسٹ میں ہیں۔ وہ اسے تقسیم کرتے اور اس پر فخر کرتے ہیں۔ اور ہر اُس شخص کو دینے کی کوشش کرتے ہیں جس کے بارے میں یہ سنیں کہ وہ ان کے طواغیت کو کافر کہتے ہیں۔ مجھے بھی ان کے شبھات سے متاثر نوجوان نے دی۔ جب اس نے سنا کہ میں ان کے ملک کے طواغیت کی تکفیر کا کہتا ہوں۔ یہ کیسٹ تجہم اور ارجاء سے بھری ہوئی ہے۔ اور اسی میں سے ان کا یہ کہنا بھی ہے کہ "اللہ کے دین کے ساتھ مذاق کرنا کفر عملی ہے اس کا کرنے والا کافر اس وقت تک نہیں جب تک کہ وہ اسے حلال نہ سمجھے کہ وہ اعتقاد رکھے کہ شریعت ہے ہی مذاق کی جگہ" اور اس کے علاوہ دوسری پاگل پن جن کا بطلان ظاہر ہو چکا۔ تو میری ان کے مقلدین کو نصیحت ہے کہ وہ اپنے اس شیخ کا خیال رکھیں اور اس (شیخ) کی ان جیسے ظاہر اصول سے بے خبری جھالت اور لاعلمی پر پردہ ڈالیں خاص طور پر جب شیخ مر چکا ہے۔ اور یہ کہ اس کے دیوانہ ہونے کو نشر کرنے سے باز رہیں۔ اپنے شیخ پر رحم کرتے ہوئے تاکہ وہ ان گمراہیوں اور شبھات کا بوجھ اور جو لوگ قیامت تک ان گمراہیوں و شبھات کے ذریعے گمراہ ہو رہے ہیں ان کا بوجھ اپنے شیخ پر نہ ڈالیں۔

" کہتے ہیں۔ یہ آیت بلاشک ان معروف لوگوں کے بارے میں ہے جو ایمان کے بعد کافر ہوئے لیکن توبہ ان کے لیے پھیلا ہوا تھا اس قول باری کے ذریعے۔

إِن نَّعْفُ عَن طَائِفَةٍ مِّنكُمْ نُعَذِّبْ طَائِفَةً بِأَنَّهُمْ كَانُوا مُجْرِمِينَ. (التوبۃ:٦٦)

"اگر ہم ایک گروہ کو معاف کر دیں تو دوسرے گروہ کو عذاب دیں گے کہ وہ مجرم تھے۔"

پس ثابت ہوا کہ انھوں نے توبہ ندامت کا اظہار کیا۔ اور گناہ کا اعتراف کیا پس کچھ کی توبہ اللہ نے اپنے باطنی علم کی وجہ سے قبول کرلی اور کچھ کی باطنی علم کی بناء پر قبول نہ کی ان کو آخرت میں عذاب ہو گا۔ جبکہ ظاہر آیت میں ہے کہ تمام نے توبہ کی۔ باللہ توفیق

اور یہ بات آیات میں صراحت سے بیان ہوئی ہے اور نہ ان آیات میں نہ احادیث میں یہ ذکر ہے کہ انھوں نے استہزاء پر اصرار کیا اور اس پر مستمر رہے۔ (اور یہ بات بھی ان آیات واحادیث میں نہیں کہ) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو بغیر قتل کیے اس (استہزاء) پر برقرار رکھا۔ بلکہ ان آیات کی تفسیر میں مروی آثار جیسے کہ طبری اور ابن ابی حاتم کے ہاں ہیں کہ ان میں سے بعض ایسی حالت میں عذر کر رہے تھے کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی سے لٹکے ہوئے تھے اور ان کو پتھر زخمی کر رہے تھے تا کہ اس سے (ان کے) توبہ ندامت اور رجوع کا اظہار ہو جائے۔

اور جس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ظالم کہا اور کہا کہ اس نے عدل نہیں کیا (کہا) کہ انھوں نے اس تقسیم سے اللہ کی رضا نہیں چاہی۔ تو اس میں کوئی شک نہیں کہ وہ مرتد ہے۔ کیونکہ یہ رسالت کی امانت میں طعن ہے۔ اور یہی سمجھ عمر اور خالد رضی اللہ عنہما کے ذہن میں فوراً آئی پس دونوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت چاہی اس کے قتل کی، جیسا کہ اس حدیث کے مختلف روایات میں ہے۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے اور ان جیسوں کے قتل سے منع کرنے کی بعض روایات میں علت کو اس ڈر کے ساتھ جوڑ دیا کہ پھر "لوگ یہ کہیں گے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کو قتل کر رہے ہیں"۔ اور اُسے عصمتِ جان سے معلق نہیں کیا یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کے قتل سے منع کرنے کی علت کو اس بات سے نہیں جوڑا کہ اللہ کی طرف سے ایک مسلمان کی طرح اس کا خون معصوم اور محفوظ ہے۔ جیسا کہ مسلمانوں کی شان ہے۔ پس یہ دلیل ہے کہ وہ اس بات کی وجہ سے کافر ہوا۔ اگر وہ مسلمان ہوتا تو اس وصف کا (یعنی اس بات کا کہ "پھر لوگ کہیں گے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کو قتل کرتے ہیں") کوئی تاثیر نہ ہوتا اور (یہ بات) پھر ایک معصوم (یعنی مسلمان) کی جان کی عصمت (یعنی

حفاظت) کے بارے میں غیر مناسب ہوتی یعنی اگر وہ اس بات کی وجہ سے کافر نہ ہو چکا ہوتا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم عمر اور خالد رضی اللہ عنہما کو یہ کہہ کر منع کرتے کہ یہ مسلمان ہے معصوم الدم ہے اسے اس لیے قتل نہ کرو۔ مگر جب انھوں نے یہ فرمایا کہ "پھر یہ لوگ کہیں گے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کو قتل کرتے ہیں" تو معلوم ہوا کہ یہ شخص اپنی اس بات سے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے عدل نہیں کیا، کافر ہو چکا تھا اور گویا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا کہ اگرچہ یہ کافر ہو چکا ہے ،اسلام اس کے قتل میں مانع نہیں ہے بلکہ اس کے قتل میں مانع یہ بات ہے کہ "پھر لوگ یہ کہیں گے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کو قتل کرتے ہیں۔ اور ایسے وصف سے حکم کی تعلیل جائز نہیں جس کا کوئی اثر نہ ہو۔ بلکہ لازمی ہے کہ اس کی تعلیل ایسے وصف سے ہو جس کے ساتھ حکم کا تعلق ہو یا جو حکم کا محور ہو۔ اور یہ (تنقیح المناط[78]) کے باب میں علماء کے کلام سے معلوم ہوتا ہے اور اسی معنی کو شیخ الاسلام رحمۃ اللہ علیہ نے (الصارم المسلول: ص:۳۳۵) پر ذکر کیا۔

☆ جبکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا انہیں قتل نہ کرنا اور عمر و خالد رضی اللہ عنہما کو روکنا۔

اس کا جواب جیسا کہ ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ نے (المحلیٰ: ۱۱/ ۲۲۵) میں کہا ہے "کہ اللہ تعالیٰ نے اس وقت تک مرتد کے قتل کا حکم نہیں دیا تھا اس لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے قتل نہ کیا۔ اور اسی لئے اس کے قتل سے منع کیا پھر بعد میں اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مرتد کے قتل کا حکم دیا۔ تو اس کے قتل کی تحریم منسوخ ہو گئی۔

اور اسی طرح (۱۱/ ۴۱۱) میں کہا:

"جبکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تقسیم کے بارے میں کہنے والا (کہ یہ تقسیم انصاف پر نہیں اور نہ ہی اس سے اللہ کی رضا مراد ہے) پس ہم نے کہا یہ تو خیبر کے دن تھا اور یہ مرتدین کے قتل کے بارے میں اللہ کے حکم سے پہلے تھا۔ اور یہ بھی کہ اس میں یہ ذکر نہیں کہ یہ قول کہنے والا اس سے کافر نہیں ہوا۔[79]

---

78 "تنقیح المناط" کا یہ باب اصول فقہ کی کتابوں میں ہوتا ہے اس کا معنی ہے "کسی حکم کے محور اور مدار کو معلوم کرنا"۔ مترجم ہنگو حفظہ اللہ

79 ابن وزیر رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی مخالفت کی (ایثار الحق علی الخلق) میں، پس اس نے زعم کیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے کافر نہیں کہا۔ کیونکہ اس نے اصلاً کوئی کافر کر دینے والا کام نہیں کیا تھا، بلکہ اس نے اس بات کو جائز سمجھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے گناہ کا ارتکاب ہو سکتا ہے (اور انھوں نے عدل نہ کرنے کو دوسرے) انبیاء علیہم السلام کے گناہوں کی طرح سمجھا جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے (آدم علیہ السلام کے بارے میں) فرمایا ہے ﴿عَصٰۤى اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى﴾ آدم (علیہ السلام) نے رب کی نافرمانی کی پس سرکش ہوا (طٰہٰ: ۱۲۱)۔ پس اسے عظیم غلطی تصور کیا جو حد کفر کو نہیں پہنچتا۔ جب تک کہ توحید کو ثابت کرنے والا اور کلمہ توحید ہو باقی رہا۔ اور کوئی ناقض نہیں کیا۔ دیکھئے (ص: ۳۹۹-۴۰۰)۔ اور امام ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ کی توجیہ زیادہ قوی ہے۔ جبکہ شیخ الاسلام رحمۃ اللہ علیہ نے اُسے (الصارم المسلول: ۱۸۵) میں بیان کیا اور کہا کہ یہ کفر ہے (ص: ۱۹۹) کیونکہ جس نے رسول کو تکلیف دی اس نے اللہ کو تکلیف دی اور جس نے اللہ کو تکلیف دی وہ کافر ہے حلال جان ہے۔ اور استدلال کیا (ص: ۴۰) پر اس آیت سے

پس ظاہر ہوا کہ ان سب میں ان کے لیے کوئی حجت نہیں۔ اور جب وہ دلائل سے عاجز ہو گئے تو پھر اس طرح خاص حوادث (یعنی شانِ نزول) کی طرف آ گئے اس لیے کہ وہ اس کے ذریعے اس اصل اصیل کو (یعنی جو اصولوں کا بھی اصل ہے) اور اس مضبوط ستون کو سینگ ماریں جس (اصل) کے ذریعے ہم نے ان کے طواغیت کے کفر پر دلیل قائم کیا جب (ان طاغوتوں نے) اس (اصل) کو منہدم کیا۔ (اور ان خاص حوادث اور شان نزول کے ذریعے) وہ لوگوں کو دعوت دیتے ہیں اور ان کو اس اصل کے برباد کرنے کا حکم دیتے ہیں۔ لیکن جہنم کا وہ گڑھا جس میں وہ پھسل گئے ہیں وہ یہ ہے کہ انھوں نے (مرجئہ نے) ان احادیث میں کھیلنے اور اس فاسد استدلال کے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف مرتدین اور کفار سے سکوت (یعنی چپ رہنے) اور (اس بات کی ان صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف نسبت کی کہ) انھوں نے ان کو ان کے کفر پر برقرار رکھا اور ان کو نہ قتل کیا نہ ان کے ساتھ جنگ کی ان

:﴿ان الذین یؤذون اللہ ورسولہ لعنھم اللہ فی الدنیا والآخرۃ واعد لھم عذاباً مھینا﴾ ”جو لوگ اللہ اور رسول کو اذیت دیتے ہیں اللہ ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت کرتا ہے اور ان کے لئے خطرناک عذاب تیار ہے (الاحزاب:۵۷)۔“ پس شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے رسول کو اذیت دینا اللہ کو اذیت دینے سے ملایا۔ کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم پر طعن اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ظلم کا الزام لگانا کلمۂ شہادت کی امانت کے مناقض ہے (ص:۱۸۵)۔ اور اس کو قتل نہ کرنے کی وجوہات بیان کیں اس میں سے (ص:۱۸۷) پر یہ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کو اس شخص کے قتل سے منع کرنا اس باب سے تھا جیسا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عمر رضی اللہ عنہ کو ابن صیاد کے قتل سے منع کیا جب ان کو شک ہوا کہ وہ دجال ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (اگر وہ دجال ہے تو تم اس پر مسلط نہیں ہو سکتے) کیونکہ وہ یقینی طور پر جانتے تھے کہ وہ آخری زمانہ میں وہ نکلنے والا ہے۔ اور اسی طرح یہ تھا پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دے دی تھی کہ جو اللہ نے علم غیب سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا تھا کہ لامحالہ اس کی نسل سے ایسے لوگ آئیں گے کہ وہ قرآن تو پڑھتے ہوں گے مگر ان کے حلق سے آگے نہیں جائے گا (مطلب بغیر سمجھ کے) اس یقین سے کہ ان کے نکلنے کا فساد ان کے قتل سے ختم نہیں ہو گا۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے یقینی فتنہ کے ڈر سے چھوڑ دیا۔ اور وہ یہ تھا کہ لوگ یہ نہ کہیں کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اپنے صحابہ کو قتل کرتا ہے جو اس کے ساتھ نماز پڑھتے ہیں۔ پس بہت سے دل اسلام سے متنفر ہو جائیں گے۔ خاص طور پر وہ ضعف اور لوگوں کے دلوں کو جوڑنے کا دور تھا اور یہ دوسری وجہ ہے جسے ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ نے برقرار رکھا۔ اور شیخ الاسلام رحمۃ اللہ علیہ نے (ص:۱۸۹) پر ذکر کیا اسی طرح (ص: ۲۳۷، ۲۲۳، ۲۲۰، ۱۷۹، اور ۳۵۹) پر کہ یہ اس حکم سے پہلے تھا کہ جو اپنا نفاق اور کفر ظاہر کر دے اسے قتل کر دیا جائے۔ بدر سے پہلے مسلمان ضعیف تھے۔ اور انہیں تکالیف پر صبر کرنے کا حکم تھا اور معاف کرنے کا حکم تھا: فرمایا: ﴿ولا تطع الکافرین والمنافقین ودع اذاھم﴾ ”کافروں اور منافقوں کی اطاعت نہ کرو اور ان کی تکالیف سے درگزر کرو (احزاب:۴۸)۔“ جبکہ بدر کے بعد جو کہ مسلمانوں کی عزت کی ابتداء تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس سے قتال کرتے تھے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تکلیف دیتا تھا اگر اس کے قتل میں کوئی مفسدہ نہ ہوتا تو۔ اور مسلمانوں کا فتح مکہ کے ذریعے غلبہ اور غزوہ تبوک کے وسورۃ براءۃ کے ذریعے اس غلبہ کو کمال کو پہنچنے کے بعد کا (زمانہ) جو ہے تو اللہ نے (مسلمانوں کا اپنے) اس تکلیف پر صبر کرنے کو منسوخ کر دیا اپنے اس قول کے ذریعے اور کہا: ﴿جاھد الکفار والمنافقین واغلظ علیھم﴾ ”کافروں اور منافقوں سے لڑو اور ان پر سختی کرو (لتوبۃ:۱۱۳)۔“ پس اس کے بعد کسی کافر یا منافق کی ہمت نہ ہوئی کہ ان کو تکلیف دے سکیں کسی خاص وعام مجلس میں بلکہ وہ اپنے غصے میں ہی مر گیا یہ جانتے ہوئے کہ اگر وہ بولا تو قتل ہو جائے گا۔ پس آپ (شیخ الاسلام کے) اس وجہ پر غور کیجئے جو کہ تفصیل ہے اس بات کا جسے ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ (ص:۱۷۸) پر ذکر کیا ہے۔ اور اس کی طرف ایک سے زیادہ جگہ پر انھوں نے اشارہ کیا ہے۔ وہ یہ ہے کہ اس شخص کا اعتراض جو اس صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خاص تھا (ص:۲۲۹)، (ص:۴۴۳) اور یہ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اختیار تھا کہ جو اس کی ذات کو تکلیف پہنچائے اس کو اپنی زندگی میں مطلقاً معاف کر دیں پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس طرح کے لوگوں کو ان کے دلوں کی تالیف کے لیے معاف فرما دیتے تھے۔ اور یہ آخری بات (ص:۴۴۶) پر قاضی ابو یعلیٰ رحمۃ اللہ علیہ سے بھی ذکر کی ہے جو کہ زبیر رضی اللہ عنہ کے ساتھ جھگڑنے والے انصاری کے بارے میں ہے۔ جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد اگر کوئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو گالی دے یا تکلیف دے تو وہ کافر ہے اور اس کا خون حلال ہے اور اُمت کے لیے یہ بات جائز نہیں کہ اسے معاف کر دے (ص:۲۲۶)۔

مسکینوں کو کیا معلوم کہ یہ اپنے اس مسلک پر چل کر طواغیت کی طرف سے جھگڑے کے راستے میں اپنے آپ کو ہلاک کر رہے ہیں۔

منجنیق[80] غرب رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں "اور جس نے یہ گمان کیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایسے آدمی کو قتل نہیں کرتے تھے جس پر قتل واجب تھا تو ایسا آدمی کافر ہو گیا اور اس کی جان ومال حلال ہو گیا۔ اس بات کی نسبت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کرنے اور اللہ کی مخالفت کرنے کی وجہ سے اللہ کی قسم آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فضلاء صحابہ رضی اللہ عنہم جو جن کا ایمان والا ہونا اور جنتی ہونا یقینی تھا۔ جب ان پر قتل واجب ہوا تو انہیں قتل کیا جیسے ماعز رضی اللہ عنہ، غامدیۃ رضی اللہ عنہا اور جہنیۃ رضی اللہ عنہا۔ جب یہ زنا کے مرتکب ہوئے تھے۔

پس یہ بات یقینی طور پر باطل، خالص گمراہی اور مجرد فسق میں سے بلکہ صریح کفر میں سے ہے کہ کوئی مسلمان ہونے کے ساتھ ساتھ یہ عقیدہ رکھے یا گمان کرے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے جنتی ساتھیوں میں سے مسلمان فضلاء کو تو سخت ترین طریقہ، قتل (یعنی) پتھر کے ساتھ قتل کرے. پھر مرتد کے قتل کے بارے میں واجب حق کی اِقامت کو ایسے کافر کے حق میں معطل کرے جس کو وہ صلی اللہ علیہ وسلم جانتا ہو کہ وہ مرتد ہو گیا ہے........(ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ یہ باتیں کرتے کرتے یہاں تک پہنچ گیا کہ) انھوں نے کہا کہ: ہم اللہ کی گواہی کے ساتھ گواہی دیتے ہیں کہ جس نے اس کو تسلیم کیا اور اس کا عقیدہ رکھا وہ کافر مشرک مرتد حلالِ جان ومال ہے اور ہم اس سے اور اس کی دوستی سے اللہ کی طرف براءت کرتے ہیں۔[81]

☆ ☆ ☆ ☆

---

80 یہ ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ کا لقب ہے۔ مترجم۔

81 (المحلیٰ: ۱۱/۲۱۸) سے اختصار کے ساتھ۔ اور ان کا کلام تو ان پر ردّ میں تھا جو یہ زعم کرتے تھے کہ منافقین اپنا کفر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ظاہر کرتے تھے پھر بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم انہیں برقرار رکھتے تھے اور انھیں قتل نہ کرتے تھے۔ یہ بڑی نفیس بحث ہے اور ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنا نفس اس لمبی بحث میں لگایا اور ہر وہ آیت اور حدیث ذکر کی جس پر شبہ ہو سکتا تھا اور شبہے کو بیان کیا اور اس پر ردّ کیا۔ پس اس کا مراجعہ کریں وہ نہایت مفید ہے۔

خاتمہ

ہمارا مقصد مرجئۃ عصر کے تمام شبہات کا حصر کرنا نہیں تھا وہ تو ختم نہیں ہونگے۔ یہ قوم تو مکمل طور شبہات میں ڈوبی ہے اذ القوم قد ملئوا الی مشاشتھم شبھاً : لوگوں نے اپنی سرشت کو شبہات سے بھر لیا ہے۔ اور شیطان مسلسل اپنی بات مزیّن کر کے اس کی ان کی طرف وحی کرتا ہے جو کہ اصل میں فریب ہے۔

شبهة تهافت كالزجاج تخالها حقًا وكل كاسر مكسور

”یہ ایسے شبہات ہیں کہ ان کے خیالات شیشے کی طرح پارہ پارہ ہو کر واقعی گر گئے اور واقعی ہر توڑنے والی چیز ٹوٹنے والی ہوتی ہے۔ واللہ اعلم بالصواب“

ہم نے تو ان صفحات میں ان بے وقوفوں کے مشہور قول ذکر کئے ہیں جو اس ملک میں وہ کہتے ہیں، جو کہ اصل موضوع کے متعلق یا قریب ہیں۔ ان طلبہ حق کو بتانے اور متنبہ کرنے کے لیے جو سیدھے راستے پر چلنے والے ہیں۔ میں خود کو اور ان (طلبہ حق) کو چند اشارات اور علامات کے ساتھ نصیحت کرتا ہوں جس کے ذریعے رات کے شروع میں چلنے والا (طالب حق) فتنوں، خواہشات اور سخت اندھیروں کے درمیان رہنمائی پا سکے۔ یہ نصیحت ہے۔ ﴿فان الذکریٰ تنفع المؤمنین﴾ ”بے شک نصیحت مومن لوگوں کو فائدہ دیتی ہے۔“

چند نصیحتیں

☆ پہلی نصیحت: خواہشات سے بچو

ابن دقیق العید رحمۃ اللہ علیہ ان ہلاک کرنے والے امور کے بارے میں فرماتے ہیں جو آفت میں ڈالتے ہیں ۔پہلا خواہشات ہیں اور وہ سب سے بری چیز ہے ۔جو کہ متأخرین کی تاریخ میں بہت پائی جاتیں ہیں۔اس لئے طالب حق پر لازم ہے کہ وہ صرف حق کی طلب رکھے اور خواہشات سے بچے۔

اللہ نے فرمایا:

وَلا تَتَّبِعِ الْهَوَى فَيُضِلَّكَ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ إِنَّ الَّذِينَ يَضِلُّونَ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ بِمَا نَسُوا يَوْمَ الْحِسَابِ. (ص:۲۶)

"خواہشات کی پیروی مت کرو ورنہ آپ کو اللہ کے رستے سے بھٹکا دے گا بے شک جو لوگ اللہ کے رستے سے بھٹک گئے ان کے لئے سخت عذاب ہے اس سبب جو انھوں نے یوم حساب کو بھلا دیا۔"

بے شک خواہش طواغیت میں سے ایک طاغوت ہے جس کی پیروی اکثر لوگ کرتے ہیں۔اور آپ اس وقت تک" عروۃ الوثقٰی" کو پکڑنے کا حق ادا نہیں کر سکتے اور سیدھے راستے پر نہیں چل سکتے جب تک آپ اللہ وحدہ اور اس کے حکم کو مطلقاً نہ مان لیں اور جب تک آپ تمام طواغیت کا انکار نہ کر لیں اور اس میں سے ایک طاغوت یہ خواہش بھی ہے (یعنی خواہش کا نہ ماننا بھی آپ پر اسی طرح فرض ہے جس طرح دوسرے طواغیت کا نہ ماننا.........)

اللہ نے فرمایا:

أَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَهَهُ هَوَاهُ أَفَأَنْتَ تَكُونُ عَلَيْهِ وَكِيلا ،أَمْ تَحْسَبُ أَنَّ أَكْثَرَهُمْ يَسْمَعُونَ أَوْ يَعْقِلُونَ إِنْ هُمْ إِلا كَالأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ سَبِيلا.(الفرقان:۴۳-۴۴)

"کیا تم نے ایسے آدمی کو دیکھا جس نے خواہشات کو اپنا الٰہ (معبود) بنالیا ہے۔ کیا تم اس کے وکیل بنو گے۔ کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ ان کے اکثر سنتے اور عقل رکھتے ہیں وہ تو جانوروں جیسے بلکہ اُن سے بھی گمراہ رستے والے ہیں۔"

اور فرمایا:

أَفَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَٰهَهُ هَوَاهُ وَأَضَلَّهُ اللَّهُ عَلَىٰ عِلْمٍ وَخَتَمَ عَلَىٰ سَمْعِهِ وَقَلْبِهِ وَجَعَلَ عَلَىٰ بَصَرِهِ غِشَاوَةً فَمَن يَهْدِيهِ مِن بَعْدِ اللَّهِ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ. (الجاثیۃ:۲۳)

"کیا تم نے ایسے آدمی کو دیکھا جس نے خواہشات کو اپنا الٰہ (معبود) بنالیا۔ اور اللہ نے علم کے باوجود اُسے گمراہ کر دیا۔ اور اس کے دل وسماعت پر مہر لگادی اور اس کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا تو پھر اللہ کے بعد اُسے کون ہدایت دے گا۔ کیا تم نصیحت حاصل نہیں کرتے۔"

پس اس طاغوت سے ہوشیار رہو اور اس سے بچو جیسے دوسرے طواغیت سے بچتے ہو تاکہ آپ اس توحید کو مکمل طور پر ثابت کر سکیں جو کہ صرف اللہ کا بندوں پر حق ہے۔ آیت مذکورہ میں ذکر ان خواہشات کے بندے کی صفات ملاحظہ کریں اور اللہ نے جو ان کو دل وسماع پر مہر اور آنکھوں پر پردہ ڈال کر ان کو سزا دی۔ پس وہ جانوروں سے زیادہ گمراہ ہوئے۔ جو نہ دلائل کے ساتھ سر اٹھاتے ہیں نہ ان سے عبرت حاصل کرتے ہیں نہ رہنمائی لیتے ہیں اور نہ نصیحت حاصل کرتے ہیں۔ تو ان کے ساتھ طاغوت نے جس طرح چاہا اپنے شبہات کے ذریعے کھیلا۔ اور اس طرح ان لوگوں کو چلایا جس طرح کتا اپنے مالک کو (اپنے ساتھ) چلاتا ہے۔ اور حق کی طرف ھدایت کی نعمت اور توحید پر آپ اپنے الٰہ (اور معبود) کا شکر ادا کریں۔ اور روئیں اور گڑگڑائیں کہ اللہ آپ کو اس پر ثابت قدم رکھے اور آپ کا خاتمہ اسی (توحید) پر کر دے۔

واجعل لقلبك مقلتين كلاهما　　　لو شاء ربك كنت ايضا مثلهم

من خشية الرحمان باكيتان　　　فالقلب بين أصابع الرحمان

"اپنے دل کی دو آنکھیں بنائیں اور دونوں اللہ کے ڈر سے رونے والی ہوں اگر تمہارا رب چاہتا تو تمہیں بھی ان (گمراہوں) جیسا کر دیتا کیونکہ دل تو رحمان کی انگلیوں کے درمیان ہے۔"

اور اللہ کے اس قول کو یاد کیجئے:

وَإِنْ تَصْبِرُوا وَتَتَّقُوا لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئًا إِنَّ اللَّهَ بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطٌ.(آل عمران:۱۲۰)

''اگر تم صبر کرو اور تقوی کرو تو ان کے مکر تمہیں کوئی نقصان نہ پہنچائیں گے بے شک اللہ تمہارے اعمال کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔''

اور یہ فرمان:

إِنَّهُ لَيْسَ لَهُ سُلْطَانٌ عَلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ،إِنَّمَا سُلْطَانُهُ عَلَى الَّذِينَ يَتَوَلَّوْنَهُ وَالَّذِينَ هُمْ بِهِ مُشْرِكُونَ.(النحل:۹۹-۱۰۰)

''مومنوں اور اپنے رب پر توکل کرنے والوں پر اس کی کوئی حکمرانی نہیں بلکہ اس کی حکمرانی تو ان پر ہے جو اس (شیطان) کے ساتھ دوستی کرتا ہے اور اس (شیطان) کے ساتھ شریک بنانے والے ہیں۔''

☆ دوسری نصیحت: کسی تنظیم یا عالم کی حمایت اس طرح نہ کرو جیسا ایک متعصب مقلد اپنے امام کی اور کسی تنظیم کارکن اپنی تنظیم کی کرتا ہے۔

یا ان چیزوں کو اللہ اور رسول پر مقدم کرو، اس طرح کرنے سے بھی تم باز رہو، یا ان کے اقوال اور مقالات کی وجہ سے اللہ کے محکم کلام کو ترک کرو۔ جب حق آپ پر اس کی دلیل سے واضح ہو چکا تو اُسے مضبوطی سے پکڑ رکھو اور لوگوں میں سے کسی کے قول یا رائے کے وجہ سے اُسے چھوڑو مت۔ اور جب آپ کو کسی مسئلہ میں حق معلوم ہو جائے اور وہ اس چیز کے خلاف ہو جس پر آپ نے اپنے علماء (یا تنظیم) کو پایا ہے تو اس (حق) کا مقابلہ ان (علماء) کے اقوال یا افعال سے نہ کرو (مقابلہ تو ان دو چیزوں کے درمیان ہوتا ہے جو ایک دوسرے کے برابر ہوں)۔ کیونکہ خالق کے کلام کا مقابلہ مخلوق کے کلام سے نہیں کیا جا سکتا یعنی مخلوق کا کلام اس قابل نہیں کہ اسے خالق کے کلام کا مقابل بنایا جائے۔ اور اس چیز نے کتنے ہی ایسے لوگوں کو قافلۂ حق کے ساتھ جا ملنے سے روکا جن کو ہم طالبِ حق سمجھتے تھے۔ اور شیطان نے ان کے شبہات کی وجہ سے انہیں ناامید کر دیا'' کیا یہ شیخ سے مخفی ہے؟'' یہ وہ باتیں ہیں جو اکثر اپنے مشائخ کے بارے میں مقلدین کرتے رہتے ہیں'' اگر یہ حق ہوتا تو شیخ پر مخفی نہ ہوتا'' یا'' شیخ اس کے خلاف کیسے کہہ سکتا ہے''۔

پس توفیق اور ترجیح اور ناسخ منسوخ، عام وخاص، مطلق ومقید کی بحث اس وقت ہوگی جب کلام اللہ اور کلام رسول اللہ ﷺ میں تعارض کا وہم ہو۔

جبکہ مخلوق کے کلام کے بارے میں اللہ نے فرمایا:

وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوا فِيهِ اخْتِلَافًا كَثِيرًا. (النساء:۸۲)

''اگر یہ کلام اللہ کے علاوہ کسی کی طرف سے ہوتا تو ضرور اس میں بہت زیادہ اختلاف پاتے۔''

تو آپ کو حق کی اتباع اور اس کی مدد کرنے سے آپ کے بعض مشائخ کی مخالفت نہ روکے۔ طالب علمی کے شروع میں ہمارے اوپر بعض ایسے مشائخ کے اقوال میں اشکال وارد ہوتا تھا اور ہمیں وہ باہم متعارض نظر آتے تھے جن (مشائخ) پر ہم بھروسہ کرتے تھے، جبکہ اس مسئلہ میں ہمارے اُوپر حق واضح ہو چکا تھا، تو ہم متردد ہو جاتے اور توقف اختیار کرتے اور یہ ہیں وہ موانع جو (توحید کے) قافلے کو مؤخّر کرتا اور چلنے میں رکاوٹ پیدا کرتا ہے۔ اور طالب حق کو یہ مناسب نہیں کہ اس جیسا مانع اس کے لیے رکاوٹ ہو (اور اس سیدھے راستے پر چلنے سے باز رکھے یا مؤخر کردے) اور نہ یہ (مناسب ہے) کہ وہ اس مانع کی وجہ سے زیادہ توقف کرے یا تردّد کرے۔ اس وقت کہ جب کتاب وسنت کے دلائل سے حق واضح ہو چکا۔ پس جو ان کے موافق ہوا وہ مقبول اور جو معارض ہوا وہ مردود ومتروک ہے۔ اور معصوم کے علاوہ ہر ایک کا قول لیا اور چھوڑا جاتا ہے۔ خبردار، اہل جہل کے اس شبہ سے مقالہ سے ''کہ اللہ کے کلام کو اس کے ظواہر پر نہیں لینا چاہیے (یعنی اللہ کے کلام کے ظاہر سے کوئی مسئلہ معلوم نہیں کیا جاسکتا۔ شاید اس سے مراد یہ ہو یا یہ'' اور ''ہم قرآن کو سمجھنے کی استطاعت نہیں رکھتے'' اور دوسری چیزیں جن کے ذریعے وہ ایسے مسائل کو مشکل بناتے ہیں جسے اللہ نے آسان کیا:

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ. (القمر:۱۷)

''اور ہم نے قرآن کو نصیحت کے لئے آسان کر دیا تو کوئی ہے نصیحت حاصل کرنے والا۔''

یہ اہل زیغ کے ہر جگہ مقالات ہیں۔ ایک دوسرے سے لیتے ہیں تاکہ کتاب اللہ کے نصوص کو معطل کر سکیں۔ اور ان کے بدلے اپنے شیخ کے مقالات اور نصوص کو نافذ کر سکیں کہ جن پر وہ اس طرح کے اشکالات وارد نہیں کرتے جس طرح (کے اشکالات) وہ اللہ کی کتاب پر وارد کرتے ہیں اور ان کا اس طرح کرنے کی حقیقت یہ ہے کہ یہ لوگ تقلید کی طرف صریح دعوت دے رہے ہیں اور نصوصِ وحی کو توڑ رہے ہیں۔ حقیقت

میں یہ دعوت تقلید کی طرف ہے اور نصوص وحی کی تعطیل ہے۔اللہ ابن القیم رحمۃ اللہ علیہ پر رحم کرے انہوں نے فرمایا:

جعلوا کلام شیوخہم نصًا له — وکلام رب العالمین وعبده

الاحکام موزونًا به النصان — متشابہًا مر حتمًا للمعان

''انہوں نے اپنے شیوخ کے کلام کو حاکم بنادیا ہے اور کتاب وسنت کو اسی پر پرکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اللہ اور رسول کا کلام تشابہ ہے اور بہت سے معنوں کا اس میں احتمال ہے۔''

☆ تیسری نصیحت: آپ پر لازم ہے کہ آپ انصاف پر مبنی چادر اوڑھ لیں۔

تو آپ اس چادر کو اوڑھ لیں اور اسے کبھی نہ اتاریں کیونکہ یہ آج کے دور کے لوگوں کے درمیان سب سے نادر چادر ہے۔اسی لئے علماء نے کہا ہے کہ ''انصاف شریفوں کی چادر ہے۔اور لوگوں میں شریف سب سے کم ہوتے ہیں''۔اور اسی (انصاف) میں سے یہ بات بھی ہے کہ مخالف کی طرف ایسی بات کی نسبت کرنے سے پرہیز کریں جو اس نے نہیں کہی ہو اگرچہ وہ ان (مخالفین) کے اقوال سے لازم آتا ہو(یعنی مخالفین کوئی ایسی بات کریں جس کا لازمی نتیجہ غلط نکلتا ہو تو انصاف کی بات یہ ہے کہ آپ اس نتیجے کو مخالف کا قول بنا کر اس قول کی نسبت مخالف کی طرف نہ کرو۔اللہ سے ڈرو اور ان پر جھوٹ نہ کہو اور وہم وگمان کی وجہ سے ان کو نہ پکڑو۔اگرچہ وہ آپ پر جھوٹ کہیں۔کیونکہ مومن جھوٹ نہیں بولتا مومن کی شان جھوٹ نہیں۔اور ہم نے اس زمانہ کے مرجئہ کی طرف سے ان جیسے تہمتوں کی وجہ سے بہت زیادہ تکلیف برداشت کی ہے لیکن ہم برائی کا جواب برائی سے نہیں دیتے۔

ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ (الفصل:۳۴/۵) میں کہتے ہیں:''کہ جو ہماری کتاب پڑھے وہ جان لے کہ ہم وہ چیز حلال نہیں کرتے جو کہ یہ برے لوگ حلال کرتے ہیں،کسی سے ایسی بات منسوب کرنا جو اس نے نہ کہی ہو جان رکھو کہ چاہے کافر یا بدعتی ہی کیوں نہ ہو اس پر وہ بات کہنا جو اس نے نہ کہی ہو یہ جھوٹ ہے۔اور جھوٹ کسی پر جائز نہیں''۔

پس آپ مخالفین کے بارے میں (جو)اللہ کے حدود ہیں ان سے تجاوز نہ کریں اگرچہ وہ (یعنی مخالفین)تمہارے بارے میں اللہ کے حدود سے تجاوز کرتے ہوں۔بلکہ سیدھی بات کہو اور (اپنی بات کو)اس

عدل کے میزان سے تولو جس عدل پر آسمان وزمین قائم ہیں. اور یاد رکھو کہ غصے کی آنکھ (جس سے اکثر مخالفین کو دیکھا جاتا ہے) بُرے اعمال کو دیکھتی ہے (اور انہیں آپ پر ظاہر کرتی ہے) حالانکہ حقیقت میں ان کے لیے صحیح مخارج ہوتے ہیں جن سے غصّے کا حجاب اندھا بنادیتا ہے۔ اس بات کو اس طرح سمجھو کہ آپ کو حکمرانوں سے سخت نفرت ہے۔ ظاہر ہے اس لیے کہ وہ اللہ کے دین کے مخالف ہیں۔ اب کوئی سنّی یا مرجئ عالم کوئی ایسی بات کرے جس سے خود بخود حکمرانوں کے کسی عمل کی تائید ہوتی ہو۔ اب ہم کو چاہیے کہ ہم اس بات کو غصے کی آنکھ سے نہ دیکھیں بلکہ اس کے لیے ہمیں چاہیے کہ صحیح مخرج (وجہ) ڈھونڈیں اس کی تحقیق کریں اگر کسی طرح اس کا صحیح مخرج نہ نکل آئے تب جا کے اس بات کو غلط کہیں۔

☆ چوتھی نصیحت: اتباع حق اور اس کی مدد کرنے میں تردد نہ کریں اور اس کو چھوڑنے سے بچیں۔

کہ اس کے ماننے والے کم ہیں یا مخالفین کی تعداد زیادہ ہے۔ حق کے موافق ہو تو آپ اکیلے ہی جماعت کا درجہ رکھتے ہیں۔ حق نہ تو کثرت سے نہ آدمیوں سے جانا جاتا ہے۔ بلکہ انسان حق سے جانا جاتا ہے مطلب یہ ہے کہ ہم یہ نہیں کریں گے کہ کسی بات کو اس وجہ سے صحیح کہیں کہ اس کو فلاں امام، عالم اور فلاں عظیم شخصیت نے صحیح کہا ہے کیونکہ اس کا مطلب پھر یہ ہو گا کہ ہم ان مذموم لوگوں میں شمار ہیں جو حق کو آدمیوں سے جاننے کے قائل ہیں بلکہ ہم کو چاہیے کہ ہم حق کے ساتھ آدمیوں کو جانیں۔ پہلا حق کو اس کی دلیل سے معلوم کریں پھر اس حق کو جس کے پاس پائیں اس کو صحیح آدمی سمجھیں۔ اور یاد کیجئے کہ ایسے نبی بھی قیامت کے دن آئیں گے جن کے ساتھ ایک یا دو اس کے اتباع کرنے والے ہوں گے۔ اور کوئی ایسا بھی ہو گا جس کے ساتھ کوئی نہ ہو گا۔ حالانکہ وہ نبی ہو گا۔ اور رسول اللہ ﷺ نے اللہ کے حکم پر قیامت تک چلنے والی جماعت کی جو صفت بیان کی ہے کہ "اور انہیں چھوڑنے والے اور مخالفت کرنے والے ان کو نقصان نہیں پہنچا سکیں گے۔

خبردار! آپ مخالفین کا حق چھوڑنے کی وجہ سے یا ان کے نقصان پہنچانے سے متأثر نہ ہو جائیں اگرچہ وہ اکثریت میں ہوں۔ اور یاد رکھو کہ (جہنم کی) آگ سب سے پہلے جن آدمیوں کے ساتھ بھڑکائی جائے گی وہ تین آدمی ہوں ہوں گے (یا تین قسم کے لوگ ہوں گے)۔ ایسے علماء جن کو ان کے علم نے شرط اخلاص کے ضائع ہونے کی وجہ سے فائدہ نہ دیا۔ تو آپ ان پگڑیوں کی کثرت سے دھوکہ نہ کھائیں۔ میری مراد وہ حکومتی علماء ہیں

جنھوں نے اپنا دین بہت تھوڑے پیسوں کے لئے بیچ دیا۔ پس انھوں نے ان کی بیعت کی اور حمایت کی اور مدد کی اور حق کو باطل کا لباس پہنا دیا اور لوگوں کے لیے ان کا دین خراب کر دیا۔ تو ان جیسے علماء کی کوئی وقعت نہیں کہ ان سے نصیحت حاصل کریں۔ لوگ ہمارے لیے عبرت نہیں بلکہ ہمارے لیے عبرت تو وہ علماء ہیں جو کہ عمل کرنے والے اور اہل کفر اور طغیان سے براءت کرنے والے ہیں وہی انبیاء کے وارث ہیں۔ ان کے طریق پر چلیں چاہے وہ تھوڑے ہوں۔ اور کوڑا کرکٹ سے دھوکہ نہ کھائیں یہ عجیب نہیں کہ جو ہلاک ہوا وہ کیسے ہوا بلکہ عجیب یہ ہے کہ جو نجات پایا وہ کیسے بچا۔

☆ پانچویں نصیحت:

آپ بھروسہ رکھیں کہ حق ضرور غالب ہوگا اگرچہ اس میں وقت لگے اور اس میں شک نہیں کہ حکومت، بلندی، عزت اور اچھا انجام (حق کے اتباع) کرنے والوں اور اس کے مددگاروں کے لیے ہوگا۔

اور ابو بکر بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ کا یہ قول ہمیشہ یاد رکھو کہ "اہل سنّت مرتے ہیں مگر ان کا ذکر زندہ رہتا ہے اور اہل بدعت مرتے ہیں تو ان کا ذکر بھی (ان کے ساتھ) مرتا ہے، کیونکہ اہل سنّت نے اس چیز کو زندہ رکھا جو اللہ کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم لے کے آیا ہے، تو اس کے لیے اُن کو اللہ تعالیٰ کے اس قول سے: وَرَفَعۡنَا لَكَ ذِكۡرَكَ سے وافر حصہ ملا، اور اہل بدعت نے اس چیز کے ساتھ دشمنی رکھی جو اللہ کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم لے کے آیا ہے، تو ان کو اللہ تعالیٰ کے اس قول سے: إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ ٱلۡأَبۡتَرُ وافر حصہ ملا۔

تو اسی لیے اس راستے پر چلنے میں محنت سے کام لو (اور اس کام کے لیے) سحر سے پہلے نکلو اور حق واہلِ حق کے ساتھ مدد کے لیے (موحدین ومجاھدین) کے قافلے کے ساتھ ملنے سے تمہیں کوئی چیز نہ روکے۔ یہ بس چند دن ہیں۔ وعندالصّباح یحمد القوم السُّریٰ اور صبح کے وقت رات میں چلنے والے لوگ اپنے سفر کی تعریف کرے گی۔

اے جبریل، میکائیل و اسرافیل کے رب آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے، تو ہی فیصلہ کرے گا اپنے بندوں کے درمیان ان چیزوں میں جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں، مجھے اپنے حکم سے اُس حق کی ھدایت دے جس میں اختلاف کیا گیا ہے، یقیناً تو ھدایت دیتا ہے اس کو جس کو چاہے سیدھے راستے کی طرف۔

ابو محمد المقدسی حفظہ اللہ ۱۴۱۲ ھجری

میں نے اپنے عمل کو اللہ کے سامنے جیسا کچھ تھا پیش کیا مجھے اس کی کوئی پرواہ نہیں کہ لوگ میری مذمت کرتے ہیں یا شکر کرتے ہیں۔ میرا فرض یہ ہے کہ بحث کے غوامض کو کھول دوں گا ئے اور بیل اگر میری بات کو نہ سمجھے تو یہ میری ذمہ داری نہیں

فضیلۃ الشیخ مقبول ہنگو حفظہ اللہ

۱۳ مارچ ۲۰۰۷ عیسوی

اخوانکم فی الاسلام:

مسلم ورلڈ ڈیٹا پروسیسنگ پاکستان

Website: http://muwahideen.co.nr/

Email: salafi.man@live.com